وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِي أَسْتَجِبْ لَكُمْ


"اور تمہارے رب کا فرمان ہے کہ مجھ سے دعاء کرو میں تمہاری دعاؤں کو قبول کروں گا"۔

"Your Lord has proclaimed, "Call upon Me, I will respond to you".





HISN-UL-MUSLIM

















Hisn-ul-Muslim

المؤلف: الشیخ سعید بن علی بن وهف القحطانی رحمہ اللہ

Edaad-e-Tarjama:-
Takhreej, Mulahazaat, Tabweeb wa Mustadal Hadees:


Shaikh Arshad Basheer Umari Madani

Waffaqahullah

Hafiz, Aalim, Fazil (Madina University, K.S.A), M.B.A.;
Founder & Director of AskIslamPedia.com
Chairman: Ocean The ABM School, Hyderabad, TS, INDIA.
+91 92906 21633 (WhatsApp only)
www.abmqurannotes.com I www.askislampedia.com I www.askmadani.com



Free Online Islamic Encyclopedia





"Indeed the supplication is the worship."

فِهرَسْ



بِسۡمِ اللهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

مُقـدّمة

إِنّ الحَمْدَ للّهِ، نَحْمَدُهُ، وَنَسْتَعِينُهُ، وَنَسْتَغْفِرُهُ، وَنَعُوذُ بِاللّهِ مِنْ شُرُورِ أَنْفُسِنَا، وَسَيّئَاتِ أَعْمَالِنَا، مَنْ يَهْدِهِ اللّهُ فَلاَ مُضِلّ لَهُ، وَمَنْ يُضْلِلْ فَلاَ هَادِيَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلَهَ إِلاّ اللّهُ وَحْدَهُ لاَ شَرِيكَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنّ مُحَمّداً عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، صَلّى اللّهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهَ، وَمَنْ تَبِعَهُمْ بِإِحْسَانٍ إِلَى يَوْمِ الدّينِ، وَسَلّمَ تَسْلِيمَاً كَثِيرَاً، أَمّا بَعْدُ:

علمائے کرام نے ایمان کے بعد عمل و عبادت کی قبولیت کے لئے دو بنیادی شرطیں بیان کی ہیں، ایک اخلاص اور دوسرے متابعت رسول صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم، اور دونوں ہی ایک دوسرے کے لئے لازم و ملزوم ہیں اور جن کے بغیر کسی مسلمان کا کوئی بھی عمل عبادت کا درجہ حاصل نہیں کر سکتا۔ اللہ تعالی کی بارگاہ میں مخلص بندہ کا ادنی درجہ کا عمل بھی اس کے اخلاص کی بدولت مسلسل رفعتیں حاصل کرتا رہتا ہے اور ریاکار اور نام و نمود کا پہاڑوں کے بقدر عمل، دھوپ کے وقت نمودار ہونے کے ادنی درجہ کے ذرات کے درجہ سے بھی محروم رہتا ہے اور سلف صالحین کا یہی اخلاص تھا کہ صدیاں گزر گئیں اور آج بھی ان کے بابرکت و مخلصانہ اعمال کے ثمرات کا سلسلہ جاری وساری ہے، اس موقع پر الوکہ ڈاٹ کام سے ماخوذ ان کے کچھ اقوال کا تذکرہ مناسب معلوم ہوتا ہے:

(1)

كتب سالم بن عبدالله إلى عمر بن عبدالعزيز رحمهما الله: "اعلم أن عون الله للعبد على قدر النية فمن تمت نيته تم عون الله له ومن نقصت نقص بقدره".

سالم بن عبد اللہ نے عمر بن عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہما کو لکھ بھیجا کہ: یہ بات آپ کے علم میں واضح رہے کہ بندہ

کے لئے اللہ تعالی کی مدد ونصرت اس کی نیت کے بقدر ہوتی ہے، اس لئے جس کی نیت کامل رہی، اس کے حق میں اللہ تعالی کی مدد کامل ہو گی اور جس کی نیت میں کھوٹ رہا تو اسی کے بقدر اللہ تعالی کی مدد ہو گی۔

(2)

((قال ابن المبارك رحمه الله: "رُبَّ عملٍ صغير تعظمه النية ورُبَّ عملٍ كبير تصغره النية"))

ابن المبارک رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: "کبھی ایسا ہوتا ہے کہ ایک معمولی درجہ کا عمل، خالص نیت کی بناء پر عظیم درجہ حاصل کرلیتا ہے اور کبھی کوئی بڑا عمل، ریاکاری کی آمیزش سے حقیر ہو جاتا ہے۔

(3)

((قال الربيع بن خثيم رحمه الله: "كل ما لا يبتغى وجه الله يضمحِلُّ"))

ربیع بن خثیم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ہر وہ عمل جس سے اللہ تعالی کی رضا مطلوب نہ ہو تو وہ ملیامیٹ ہو جائے گا۔

(4)

((يقال: العلم بذروالعمل زرع وماؤه الإخلاص))

بعض سلف کا قول ہے: علم بیج ہے، عمل کھیتی ہے اور اس کا پانی اخلاص ہے۔

(5)

((إذا عُدِم الإخلاص في الأعمال فهي تعب ضائع))

بعض کا کہنا ہے: اگر اعمال میں اخلاص ناپید ہو تو وہ محض تکان اور ضائع ہونے والے ہوں گے۔

(6)

((أثر الكلام اليوم في النفوس قليل لِمَ لأنه كما قيل إذا صدر الكلام من موفَّق مخلص دخل القلوب بإذن الله وأما إذا صار رياءً وسمعةً فإنه للذة ولا يجاوز

الآذان يستلذ... ولكن هل أثر فى حياة الناس هل دخل القلوب))
بعض کا کہنا ہے کہ: آج کل مصلحین کے کلام میں تاثیر بہت کم کیوں ہوگئی ہے؟ کیونکہ جیسا کہ یہ قول ہے کہ اگر کسی توفیق یافتہ مخلص کی زبان سے نکلے تو اللہ تعالی کے حکم سے دلوں میں تاثیر پیدا کرتا ہے، لیکن اگر ریاکار اور نام ونمود کے طالب سے صادر ہو تو دلی لذت کی طلب کی بناء پر کانوں تک اپنا اثر دکھاتا ہے لیکن کیا وہ لوگوں کی زندگی میں انقلاب پیدا کرتا ہے؟

(7)

((المتقدمون بارك الله عز وجل لهم فى أوقاتهم ولا شك أن هذا له أسباب وأظن أن أعظم تلك الأسباب هو إخلاصهم لله عز وجل وكثرة الرَّغَبِ والدعاء إلى الله عز وجل بالمباركة))
سلف کے اوقات میں اللہ عز وجل نے خوب برکتیں رکھی تھیں اور اس امر میں کوئی شک کی گنجائش نہیں کہ اس کے کچھ اسباب رہے اور میں سمجھتا ہوں کہ اس کا عظیم سبب، اللہ تعالی کے ساتھ ان کا مخلص رہنا اور اس کی بارگاہ میں خوب رغبت رکھنا اور خوب برکت کی دعائیں مانگنا ہے"

(8)

((ومما يُختَم به أن العلامة محمد بن الأمين الشنقيطى رحمه الله له مجموعة من المؤلفات منها: نظم فى أنساب العرب سمَّاه: (خالص الجمان فى ذكر أنساب بنى عدنان) وقد ألفه قبل البلوغ ثم دفنه بعد ذلك معللًا هذا الصنيع بأنه كتبه على نية التفوق على الأقران))
اخیر میں علامہ محمد امین شنقیطی رحمۃ اللہ علیہ کی مولفات کے مجموعہ میں عرب کے انساب پر مشتمل ایک کتاب "خالص الجمان فى ذكر أنساب بنى عدنان" تھی جس کو انہوں نے سن بلوغ سے پہلے تالیف کیا تھا اور پھر بلوغت کے بعد اس سبب اس کو دفن کر دیا کہ انہوں نے یہ کتاب اپنے ہم عصر علماء پر اپنا علمی تفوق جتانے کی نیت سے تالیف کی تھی۔

عالم اسلام میں بسنے والے بالخصوص اہل توحید کا شائد ہی کوئی مسکن و مکان ایسا نہیں ہو گا جہاں اسلامی دنیا کی عظیم شخصیت " فضیلت الشیخ دکتور سعید بن علی بن وہف قحطانی" رحمۃ اللہ علیہ (1951ء/2018ء) کی 160 صفحات پر مشتمل بہت ہی سادہ اسلوب کی حامل کتاب "حصن المسلم من اذکار الکتاب و السنة "نہ پائی جاتی ہو، جو روزمرہ زندگی کے مختلف مواقع و اوقات میں پیش آنے والے تمام لمحات سے متعلق پیغمبر اسلام محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول مستند و صحیح احادیث کے نصوص اور کچھ قرآن مجید کی سورتوں، آیات اور ادعیہ پر مشتمل اذکار اور ادعیہ سے معمور ہے اور اسلامی کتب کے ذخیرہ میں بے انتہاء نشر و اشاعت اور لاکھوں کی تعداد میں مفت تقسیم کئے جانے کا درجہ پانے والی یہ ایک منفرد کتاب ہے۔ مولف رحمۃ اللہ علیہ کی چھوٹی بڑی لگ بھگ 80 مولفات ہیں اور وہ تمام مولفات، علمی و تحقیقی اعتبار سے اپنی انفرادی حیثیت رکھتی ہیں لیکن ان سب میں اس مختصر حجم والی اس کتاب کو جو قبول عام کا درجہ حاصل ہوا وہ کسی اور کتاب کو نہ ملا، اور یہی ثمرہ ہے حسنِ نیت و للّٰہیت اور احادیث صحیحہ کے التزام کا! اللہ تعالیٰ شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی تمام دینی کاوشوں کو شرف قبولیت کا درجہ عطا کرے اور ہمیں بھی انہیں سلف کے نقش پا کی پیروی کی توفیق بخشے۔ آمین یارب العلمین!

عرب و عجم اہل علم کی جانب سے اس کتاب کے متعدد زبانوں میں تراجم اور کئی اعتبارات سے تشریحات کی جاتی رہی ہیں اور یہ سلسلہ جاری ہے اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے Askislampeddia.com کے بانی و ڈائرکٹر، مشہور و معروف بین الاقوامی مقرر و خطیب، ایک قابل ترین رہبر و رہنما اور قائدانہ صلاحیتوں کے حامل حافظ و قاری شیخ ارشد بشیر عمری مدنی حفظہ اللہ نے قبل ازیں حصن المسلم کی تخریج احادیث کے مقصد سے بعنوان " سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے ماخوذ اذکار اور دعائیں حصن المسلم "ایک تحقیقی کتاب اردو اسلامی کتب کے ذخیرہ میں اضافہ کیا۔

زیر نظر کتاب "حصن المسلم اردو انگریزی ترجمہ اور کامل تخریج احادیث " میں الحمد للہ عوام اور خواص ہر طبقہ کے حق میں افادیت کے پیش نظر تالیف کی گئی کتاب ہے جس میں ایک جانب عربی کے ساتھ اردو، انگریزی اور رومن عناوین اور تمام آیات کریمہ اور احادیث شریفہ کے تراجم کو پیش کیا گیا ہے، خیال رہے کہ اردو ترجمہ موسوعۃ القرآن والحدیث "islamicurdubooks.com"

سے اور انگریزی ترجمہ "sunnah.com" سے اخذ کیا گیا ہے، اور اس تخریج میں فضیلۃ الشیخ ارشد بشیر مدنی حفظہ اللہ کے ملاحظات کا اضافہ خصوصی طور پر کیا گیا ہے، جس کی بناء پر ان شاء اللہ العزیز یہ تالیف، خاص وعام کے لئے انتہائی مفید اور ہر طبقہ کے لئے مرجع خاص وعام ہو گی۔

اس موقع پر ہم سب سے پہلے اللہ رب العزت کی بارگاہ میں شکر بجالاتے ہیں اور بعد ازاں اے آئی پی کی اپنی تمام ٹیم کے مشکور و ممنون ہیں اور اللہ تعالی سے دعاگو ہیں کہ وہ اس کتاب کو بھی حصن المسلم کی طرح قبول عام نصیب فرمائے۔

والسّلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

تاریخ:5/نومبر/2023ء

مطابق:21/ربیع الثانی/1445ھ

آسک اسلام پیڈیا ڈاٹ کام

شعبہ نشر واشاعت

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

سعید بن علی بن وہف القحطانی رحمۃ اللہ علیہ کے مختصر حالات زندگی

اسمِ گرامی:

سعید بن علی بن وہف بن محمد القحطانی رحمۃ اللہ علیہ۔

والد کا نام:

علی بن وہف السلیمان رحمۃ اللہ علیہ (متوفی:1416ھ)

قبیلہ:

آپ آل جحیش سے آل سلیمان سے عبیدہ القحطانی تھے۔(آپ کا خاندان سعودی عرب کا مشہور علمی خاندان کہلاتا ہے)

تاریخِ پیدائش:

سعید بن علی بن وہف القحطانی رحمۃ اللہ علیہ کی پیدائش-25/شوال/1372ہجری(1952ء) میں ہوئی۔

مقامِ پیدائش:

آپ مملکتِ سعودی عرب میں عسیر کے علاقے العرین کے صحرائی وادی الاسلی میں پیدا ہوئے جو ابہا شہر سے 150 کلو میٹر مشرق میں واقع ہے۔

علمی سفر:

آپ صحرا میں ہی پلے بڑے اور صحرا ہی میں آپ کا تعلیمی سفر شروع ہوا 1387ہجری میں 15 سال کی عمر میں العرین پرائمری اسکول سے اسکول کی تعلیم حاصل کی، پھر بتاریخ:11/7/1400ہجری میں ریاض شہر میں "کنگ عبدالعزیز ہائی اسکول" سے آپ نے سکنڈری اسکول سے فراغت وسند حاصل کی اور سن 1399 میں ریاض میں مستقل طور پر رہائش اختیار کی 1401 تا1404 ہجری میں آپ نے

"الامام محمد بن سعود اسلامک یونیورسٹی - کالج آف فنڈامینٹلز آف ریلیجن اینڈ جنرل ڈپارٹمنٹ" سے باچلر ڈگری حاصل کی۔

Graduate from Imam Muhammad Bin Saud Islamic University, Faculty of Fundamentals of Religion, General Department.

تعلیمی سلسلے کو آگے بڑھاتے ہوئے 1405 ہجری میں آپ نے شعبہ علومِ حدیث سے ماسٹر س کی ڈگری حاصل کی۔

Master's degree at the Faculty of Fundamentals of Religion in the Department of Sunnah and its Sciences.

آپ کا شمار عبد العزیز بن عبد اللہ بن باز رحمۃ اللہ علیہ کے شاگردوں میں ہوتا ہے جیسا کہ سعید بن علی بن وہف القحطانی رحمۃ اللہ علیہ خود س بات کا ذکر کئی جگہوں پر کیا ہے چنانچہ 1400 ہجری سے لیکر 1420 ہجری تک آپ نے عبد العزیز بن عبد اللہ بن باز رحمۃ اللہ علیہ سے تعلیم حاصل کی اورآپ عبد العزیز بن عبد اللہ بن باز رحمۃ اللہ علیہ سے 20 سال کے طویل عرصے تک استفادہ حاصل کرتے رہے سعید بن علی بن وہف القحطانی رحمۃ اللہ علیہ نے عبد العزیز بن عبد اللہ بن باز رحمۃ اللہ علیہ سے حسبِ ذیل کتابوں کو براہ راست پڑھا:

(الكتب الستة، ومسند الإمام أحمد، وموطأ الإمام مالك، وسنن الدارمي، وشرح السنة للبغوي، وفي التفسير: تفسير القرآن العظيم لابن كثير، وتفسير الإمام البغوي، وفي المصطلح: نخبة الفكر لابن حجر، وشرح ألفية العراقي، وفي العقيدة: الأصول الثلاثة، وفضل الإسلام، وكتاب التوحيد كلها للإمام محمد بن عبد الوهاب، والعقيدة الواسطية، والعقيدة الحموية كلها لابن تيمية، والعقيدة الطحاوية، وكتاب التوحيد لابن خزيمة، وفتح المجيد شرح كتاب التوحيد، وكتب ابن تيمية، ومنها ما تقدم، ومجموع الفتاوى، والاستقامة، والأمر بالمعروف والنهي عن المنكر، وكتب ابن القيم، ومنها: زاد المعاد، وإغاثة اللهفان من مصائد الشيطان، ومفتاح دار السعادة، وكتاب الروح، وكتب أئمة الدعوة

النجدية، ومنها: الدرر السنية في الأجوبة النجدية، وفي كتب الأحكام: بلوغ المرام لابن حجر، ومنتقى الأخبار للمجد ابن تيمية، وعمدة الأحكام للمقدسي، وفي الفقه: الروض المربع، وفي الفرائض: الفوائد الجلية في المباحث الفرضية، وفي التاريخ والسير: البداية والنهاية لابن كثير)

نیز سعید بن علی بن وہف القحطانی رحمۃ اللہ علیہ سن 1412 ہجری میں ماسٹر س ڈگری کے دوران بعوان:" الحكمة في الدعوة إلى الله" کے نام سے اپنا مقالہ اسلامک یونیورسٹی امام محمد بن سعود کو پیش کیا ۔1419 ہجری میں سعید بن علی بن وہف القحطانی رحمۃ اللہ علیہ نے امام محمد بن سعود اسلامک یونیورسٹی سے سے ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی اور آپ نے بعنوان: "فقه الدعوة في صحيح الإمام البخاري" سے ڈاکٹریٹ مکمل کی۔

علومِ قرآن:

سعید بن علی بن وہف القحطانی رحمۃ اللہ علیہ نے علومِ قرآن میں بھی تعلیم حاصل کی جس سے آپ کو علومِ قرآن میں تین اجازات حاصل ہوئے جو درجِ ذیل ہیں:

1) الإجازة الأولى: برواية حفص عن عاصم بتوسط المنفصل والمتصل من الشيخ أحمد بن أحمد، مصطفى أبو الحسن، مدرس القرآن والقراءات بكلية أصول الدين بجامعة الإمام محمد بن سعود الإسلامية، وذلك بتاريخ 10/1/1414 هـ مصدقة من عميد كلية أصول الدين.
2) الإجازة الثانية: برواية حفص عن عاصم من الشيخ حسن بن أحمد بن حماد مدرس القرآن الكريم بكلية أصول الدين بجامعة الإمام محمد بن سعود الإسلامية، وذلك بتاريخ3/11/1414 هـ مصدقة من عميد كلية أصول الدين.
3) الإجازة الثالثة: برواية حفص عن عاصم بقصر المنفصل وتوسط المتصل من طريق طيبة النشر في القراءات العشر لابن الجزري، من فضيلة الشيخ/ أحمد

بن أحمد مصطفى أبو الحسن، مدرس القرآن والقراءات بكلية أصول الدين، وذلك بتاريخ28/1/1416 ھ مصدقة من عميد كلية أصول الدين.

سعید بن علی بن وہف القحطانی رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیفات


- ❖ الاعتصام بالكتاب والسنة أصل السعادة في الدنيا والآخرة ونجاة من مضلات الفتن
- ❖ الثمر المجتنى مختصر شرح أسماء الله الحسنى في ضوء الكتاب والسنة
- ❖ الحكمة في الدعوة إلى الله تعالى
- ❖ الزكاة في الإسلام في ضوء الكتاب والسنة
- ❖ العمرة والحج والزيارة في ضوء الكتاب والسنة(فضائل، وآداب، وأحكام، وأدعية جامعة)
- ❖ بيان عقيدة أهل السنة والجماعة ولزوم اتباعها في ضوء الكتاب والسنة
- ❖ شرح أسماء الله الحسنى في ضوء الكتاب والسنة
- ❖ شرح العقيدة الواسطية لشيخ الإسلام ابن تيمية في ضوء الكتاب والسنة
- ❖ عظمة القرآن وتعظيمه وأثره في النفوس في ضوء الكتاب والسنة
- ❖ من أحكام سورة المائدة

وفات:

سعید بن علی بن وہف القحطانی رحمۃ اللہ علیہ کی وفات پیر کے دن بتاریخ:21/محرم/1440ھ بمطابق: یکم/اکتوبر/2018ء کو ہوئی ریاض کی مسجد الراجحی میں آپ کی جنازے کی نماز ادا کی گئی۔

حافظ ارشد بشیر عمری مدنی وفقہ اللہ تعالیٰ





دعاء اور ذکر واذکار کی فضیلت

قرآنِ مجید کی روشنی میں ذکر کی فضیلت

Zikr ki fadheelath

Excellence of Remembrance and Glorification of Allah

فضل الذكر

اللہ تعالی کی فرامین کی روشنی میں ذکر کی فضیلت

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

﴿فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوا لِي وَلَا تَكْفُرُونِ﴾[1]

"اس لئے تم میرا ذکر کرو، میں بھی تمہیں یاد کروں گا، میری شکر گزاری کرو اور ناشکری سے بچو۔"

So remember Me; I will remember you. And be grateful to Me and do not deny Me.

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اذْكُرُوا اللَّـهَ ذِكْرًا كَثِيرًا﴾[2]

"اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ کا ذکر بہت زیادہ کرو۔"

you who have believed, remember Allah with much remembrance

﴿وَالذَّاكِرِينَ اللَّـهَ كَثِيرًا وَالذَّاكِرَاتِ أَعَدَّ اللَّـهُ لَهُم مَّغْفِرَةً وَأَجْرًا عَظِيمًا﴾[3]

"بکثرت اللہ کا ذکر کرنے والے اور ذکر کرنے والیاں ان (سب کے) لئے اللہ تعالیٰ نے (وسیع) مغفرت اور بڑا ثواب تیار کر رکھا ہے۔"

And the men who remember Allah often and the women who do so –

---

[1] سورة البقرة:152

[2] سورة الاحزاب:41

[3] سورة الاحزاب:35

for them Allah has prepared forgiveness and a great reward.

﴿وَاذْكُر رَّبَّكَ فِي نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَخِيفَةً وَدُونَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالْآصَالِ وَلَا تَكُن مِّنَ الْغَافِلِينَ﴾[4]

"اور اے شخص! اپنے رب کی یاد کیا کر اپنے دل میں عاجزی کے ساتھ اور خوف کے ساتھ اور زور کی آواز کی نسبت کم آواز کے ساتھ صبح اور شام اور اہل غفلت میں سے مت ہونا۔"

And remember your Lord within yourself in humility and in fear without being apparent in speech – in the mornings and the evenings. And do not be among the heedless.

احادیث شریفہ کی روشنی میں ذکر کی فضیلت

((عَنْ أَبِي مُوسَى رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:" مَثَلُ الَّذِي يَذْكُرُ رَبَّهُ وَالَّذِي لَا يَذْكُرُ رَبَّهُ، مَثَلُ الْحَيِّ وَالْمَيِّتِ))[5]

سیدنا ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اس شخص کی مثال جو اپنے رب کو یاد کرتا ہے اور اس کی مثال جو اپنے رب کو یاد نہیں کرتا زندہ اور مردہ جیسی ہے۔

Narrated Abu Musa: The Prophet said, "The example of the one who celebrates the Praises of his Lord (Allah) in comparison to the one who does not celebrate the Praises of his Lord, is that of a living creature compared to a dead one".

[4] سورۃ الاعراف:205

[5] صحیح بخاری، کتاب دعاؤں کے بیان میں، باب: اللہ تبارک وتعالیٰ کے ذکر کی فضیلت کا بیان، حدیث نمبر:6407۔

❖ صحیح مسلم کی روایت میں یہ الفاظ ہے:

((عَنْ أَبِي مُوسَى ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: " مَثَلُ الْبَيْتِ الَّذِي يُذْكَرُ اللَّهُ فِيهِ، وَالْبَيْتِ الَّذِي لَا يُذْكَرُ اللَّهُ فِيهِ، مَثَلُ الْحَيِّ وَالْمَيِّتِ))[6]

سیدنا ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”جس گھر میں اللہ کی یاد ہوتی ہے اور جس گھر میں نہیں ہوتی وہ مثل زندہ اور مردہ کے ہے۔

Abu Musa reported Allah's Apostle(ﷺ)as saying: The house in which remembrance of Allah is made and the house in which Allah is not remembered are like the living and the dead.

((عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " أَلَا أُنَبِّئُكُمْ بِخَيْرِ أَعْمَالِكُمْ وَأَزْكَاهَا عِنْدَ مَلِيكِكُمْ وَأَرْفَعِهَا فِي دَرَجَاتِكُمْ، وَخَيْرٌ لَكُمْ مِنْ إِنْفَاقِ الذَّهَبِ وَالْوَرِقِ، وَخَيْرٌ لَكُمْ مِنْ أَنْ تَلْقَوْا عَدُوَّكُمْ فَتَضْرِبُوا أَعْنَاقَهُمْ وَيَضْرِبُوا أَعْنَاقَكُمْ "، قَالُوا: بَلَى، قَالَ: " ذِكْرُ اللَّهِ تَعَالَى " قَالَ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: مَا شَيْءٌ أَنْجَى مِنْ عَذَابِ اللَّهِ مِنْ ذِكْرِ اللَّهِ))[7]

سیدنا ابو الدرداء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”کیا میں تمہارے سب سے بہتر اور تمہارے رب کے نزدیک سب سے پاکیزہ اور سب سے بلند درجے والے عمل کی تمہیں خبر نہ دوں؟ وہ عمل تمہارے لیے سونا چاندی خرچ کرنے سے بہتر ہے، وہ عمل تمہارے لیے اس سے بھی بہتر ہے کہ تم

---

[6] صحیح مسلم / مسافروں کی نماز اور قصر کے احکام / باب: نفل نماز کا گھر میں مستحب اور مسجد میں جائز ہونا۔ حدیث نمبر: 779۔

[7] سنن ترمذی / کتاب: مسنون ادعیہ و اذکار / باب: ذکر الٰہی سے متعلق ایک اور باب۔ حدیث نمبر: 3377، سنن ابن ماجہ / الادب 53 (3790) (تحفۃ الاشراف: 10950)، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے ابن ماجۃ (2790) میں اس حدیث کو صحیح قرار دیا۔ نیز ملاحظہ فرمائیں: موطا امام مالک / القرآن 7 (24)، مسند احمد (5/195، 6/447)۔

(میدان جنگ میں) اپنے دشمن سے ٹکراؤ، وہ تمہاری گردنیں کاٹے اور تم ان کی (یعنی تمہارے جہاد کرنے سے بھی افضل)" لوگوں نے کہا: جی ہاں، (ضرور بتایئے) آپ نے فرمایا: "وہ اللہ تعالیٰ کا ذکر ہے"، سیدنا معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اللہ کے ذکر سے بڑھ کر اللہ کے عذاب سے بچانے والی کوئی اور چیز نہیں ہے۔

Abu Ad-Darda [may Allah be pleased with him] narrated that: the Prophet (ﷺ) said: "Should I not inform you of the best of your deed, and the purest of them with your Master, and the highest of them in your ranks, and what is better for you than spending gold and silver, and better for you than meeting your enemy and striking their necks, and they strike your necks?" They said: "Of course." He said, "The remembrance of Allah [Most High]." [Then] Mu'adh bin Jabal [may Allah be pleased with him] said: "There is nothing that brings more salvation from the punishment of Allah than the remembrance of Allah".

((عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ اللَّهُ تَعَالَى:"أَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِي بِي، وَأَنَا مَعَهُ إِذَا ذَكَرَنِي، فَإِنْ ذَكَرَنِي فِي نَفْسِهِ ذَكَرْتُهُ فِي نَفْسِي، وَإِنْ ذَكَرَنِي فِي مَلَإٍ ذَكَرْتُهُ فِي مَلَإٍ خَيْرٍ مِنْهُمْ، وَإِنْ تَقَرَّبَ إِلَيَّ بِشِبْرٍ تَقَرَّبْتُ إِلَيْهِ ذِرَاعًا، وَإِنْ تَقَرَّبَ إِلَيَّ ذِرَاعًا تَقَرَّبْتُ إِلَيْهِ بَاعًا، وَإِنْ أَتَانِي يَمْشِي أَتَيْتُهُ هَرْوَلَةً))[8]

---

[8] صحیح بخاری، اللہ کی توحید اس کی ذات اور صفات کے بیان میں، باب: اللہ تعالیٰ کا (سورۃ آل عمران میں) ارشاد" اور اللہ اپنی ذات سے تمہیں ڈراتا ہے"، حدیث نمبر:7405۔ صحیح مسلم(2061/4)۔

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ: میں اپنے بندے کے گمان کے ساتھ ہوں اور جب وہ مجھے اپنے دل میں یاد کرتا ہے تو میں بھی اسے اپنے دل میں یاد کرتا ہوں اور جب وہ مجھے مجلس میں یاد کرتا ہے تو میں اسے اس سے بہتر فرشتوں کی مجلس میں اسے یاد کرتا ہوں اور اگر وہ مجھ سے ایک بالشت قریب آتا ہے تو میں اس سے ایک ہاتھ قریب ہو جاتا ہوں اور اگر وہ مجھ سے ایک ہاتھ قریب آتا ہے تو میں اس سے دو ہاتھ قریب ہو جاتا ہوں اور اگر وہ میری طرف چل کر آتا ہے تو میں اس کے پاس دوڑ کر آ جاتا ہوں۔

Narrated Abu Huraira: The Prophet said, "Allah says: 'I am just as My slave thinks I am, (i.e. I am able to do for him what he thinks I can do for him) and I am with him if He remembers Me. If he remembers Me in himself, I too, remember him in Myself; and if he remembers Me in a group of people, I remember him in a group that is better than they; and if he comes one span nearer to Me, I go one cubit nearer to him; and if he comes one cubit nearer to Me, I go a distance of two outstretched arms nearer to him; and if he comes to Me walking, I go to him running'".

((عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بُسْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، أَنَّ رَجُلًا، قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّ شَرَائِعَ الْإِسْلَامِ قَدْ كَثُرَتْ عَلَيَّ، فَأَخْبِرْنِي بِشَيْءٍ أَتَشَبَّثُ بِهِ، قَالَ: " لَا يَزَالُ لِسَانُكَ رَطْبًا مِنْ ذِكْرِ اللَّهِ ")) [9]

سیدنا عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے کہا: اللہ کے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم)! اسلام کے

---

[9] سنن ترمذی / کتاب: مسنون ادعیہ و اذکار / باب: ذکر الٰہی کی فضیلت کا بیان۔ حدیث نمبر: 3375، سنن ابن ماجہ / الأدب 53 (3793) (تحفۃ الاشراف: 5196)، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے ابن ماجۃ (3793) میں اس حدیث کو صحیح قرار دیا۔

احکام و قوانین تو میرے لیے بہت ہیں، کچھ تھوڑی سی چیزیں مجھے بتا دیجئے جن پر میں (مضبوطی) سے جما رہوں، آپ نے فرمایا: "تمہاری زبان ہر وقت اللہ کی یاد اور ذکر سے تر رہے"۔

`Abdullah bin Busr (ra) narrated that: A man said: "O Messenger of Allah,(ﷺ)indeed, the legislated acts of Islam have become too much for me, so inform me of a thing that I should stick to." He(ﷺ)said: "Let not your tongue cease to be moist with the remembrance of Allah".

((عَنْ أَيُّوبَ بْنِ مُوسَى، قَال: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ كَعْبٍ الْقُرَظِيَّ، قَال: سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " مَنْ قَرَأَ حَرْفًا مِنْ كِتَابِ اللَّهِ فَلَهُ بِهِ حَسَنَةٌ، وَالْحَسَنَةُ بِعَشْرِ أَمْثَالِهَا، لَا أَقُولُ الم حَرْفٌ، وَلَكِنْ أَلِفٌ حَرْفٌ وَلَامٌ حَرْفٌ وَمِيمٌ حَرْفٌ))[10]

ایوب بن موسی سے روایت ہے کہ میں نے محمد بن کعب قرظی کو کہتے سنا، انہوں نے کہا کہ میں سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو کہتے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جس نے کتاب اللہ کا ایک حرف پڑھا اسے اس کے بدلے ایک نیکی ملے گی، اور ایک نیکی دس گنا بڑھا دی جائے گی، میں نہیں کہتا "الم" ایک حرف ہے، بلکہ "الف" ایک حرف ہے، "لام" ایک حرف ہے اور "میم" ایک حرف ہے"۔

Narrated Muhammad bin Ka'b Al-Qurazi: I heard 'Abdullah bin Mas'ud saying: 'The Messenger of Allah(ﷺ)said: "[Whoever recites

---

[10] سنن ترمذی، کتاب: قرآن کریم کے مناقب و فضائل، باب: جس نے قرآن کا ایک حرف پڑھا اس کے ثواب کا بیان، حدیث نمبر: 2910، اس حدیث کو امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کیا ہے، (تحفۃ الأشراف: 9547) شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو تخریج الطحاویۃ (139) اور المشکاۃ (2137) میں صحیح قرار دیا۔

a letter] from Allah's Book, then he receives the reward from it, and the reward of ten the like of it. I do not say that Alif Lam Mim is a letter, but Alif is a letter, Lam is a letter and Mim is a letter".

((عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍرضى الله عنه قَالَ خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ فِي الصُّفَّةِ فَقَالَ أَيُّكُمْ يُحِبُّ أَنْ يَغْدُوَ كُلَّ يَوْمٍ إِلَى بُطْحَانَ أَوْ إِلَى الْعَقِيقِ فَيَأْتِيَ مِنْهُ بِنَاقَتَيْنِ كَوْمَاوَيْنِ فِي غَيْرِ إِثْمٍ وَلَا قَطْعِ رَحِمٍ فَقُلْنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ نُحِبُّ ذَلِكَ قَالَ أَفَلَا يَغْدُو أَحَدُكُمْ إِلَى الْمَسْجِدِ فَيَعْلَمُ أَوْ يَقْرَأُ آيَتَيْنِ مِنْ كِتَابِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ خَيْرٌ لَهُ مِنْ نَاقَتَيْنِ وَثَلَاثٌ خَيْرٌ لَهُ مِنْ ثَلَاثٍ وَأَرْبَعٌ خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَرْبَعٍ وَمِنْ أَعْدَادِهِنَّ مِنْ الْإِبِلِ))[11]

سیدنا عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، انھوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گھر سے نکل کر تشریف لائے۔ ہم صفہ (چبوترے) پر موجود تھے، آپ نے فرمایا: "تم میں سے کون پسند کرتا ہے کہ روزآنہ صبح بطحان یا عقیق (کی وادی) میں جائے اور وہاں سے بغیر کسی گناہ اور قطع رحمی کے دو بڑے بڑے کوہانوں والی اونٹنیاں لائے؟" ہم نے عرض کی، اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! ہم سب کو یہ بات پسند ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "پھر تم میں سے صبح کوئی شخص مسجد میں کیوں نہیں جاتا کہ وہ اللہ کی کتاب کی دو آیتیں سیکھے یا ان کی قراءت کرے تو یہ اس کے لئے دو اونٹنیوں (کے حصول) سے بہتر ہے اور یہ تین آیات تین اونٹنیوں سے بہتر اور چار آیتیں اس کے لئے چار سے بہتر ہیں اور (آیتوں کی تعداد جو بھی ہو) اونٹوں کی اتنی تعداد سے بہتر ہے"۔

'Uqba bin. 'Amir reported: When we were in Suffa, the Messenger of Allah(ﷺ)came out and said: Which of you would like to go out every

---

[11] صحیح مسلم / قرآن کے فضائل اور متعلقہ امور / باب: نماز میں قرآن پڑھنے اور اس کی فضیلت کا بیان۔ حدیث نمبر: 803۔

morning to Buthan or al-'Aqiq and bring two large she-camels without being guilty of sin or without severing the ties of kinship? We said: Messenger of Allah, we would like to do it. Upon this he said: Does not one of you go out in the morning to the mosque and teach or recite two verses from the Book of Allah. the Majestic and Glorious? That is better for him than two she-camels, and three verses are better (than three she-camels). and four verses are better for him than four (she-camels), and to on their number in camels.

((عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ قَالَ: "مَنْ قَعَدَ مَقْعَدًا لَمْ يَذْكُرِ اللَّهَ فِيهِ كَانَتْ عَلَيْهِ مِنَ اللَّهِ تِرَةٌ، وَمَنِ اضْطَجَعَ مَضْجَعًا لَا يَذْكُرُ اللَّهَ فِيهِ كَانَتْ عَلَيْهِ مِنَ اللَّهِ تِرَةٌ")) [12]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جو کسی جگہ بیٹھے اور اس میں وہ اللہ کا ذکر نہ کرے، تو یہ بیٹھک اللہ کی طرف سے اس کے لیے باعث حسرت و نقصان ہو گی اور جو کسی جگہ لیٹے اور اس میں اللہ کو یاد نہ کرے تو یہ لیٹنا اس کے لیے اللہ کی طرف سے باعث حسرت و نقصان ہو گا"۔

Narrated Abu Hurairah: The Prophet ﷺ said: If anyone sits at a place where he does not remember Allah, deprivation will descend on him from Allah; and if he lies at a place where he does not remember Allah, deprivation will descend on him from Allah.

---

[12] سنن ابوداود، آداب و اخلاق کا بیان، باب: اللہ (کا ذکر) کو یاد کئے بغیر مجلس سے اٹھ کر جانے کی کراہت کا بیان۔، حدیث نمبر: 4856، اس حدیث کو کتب ستہ کے اصحاب میں سے صرف امام ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ ہی نے روایت کیا ہے، سنن الترمذی / الدعوات 8 (3380)، مسند احمد (2/432، 452، 481، 484)۔ شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو حسن صحیح قرار دیا۔

((عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:"مَا جَلَسَ قَوْمٌ مَجْلِسًا لَمْ يَذْكُرُوا اللَّهَ فِيهِ، وَلَمْ يُصَلُّوا عَلَى نَبِيِّهِمْ، إِلَّا كَانَ عَلَيْهِمْ تِرَةً، فَإِنْ شَاءَ عَذَّبَهُمْ وَإِنْ شَاءَ غَفَرَ لَهُمْ"))[13]

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:"لوگ کسی مجلس میں بیٹھیں اور اللہ کی یاد نہ کریں، اور نہ اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر (درود) بھیجیں تو یہ چیز ان کے لیے حسرت و ندامت کا باعث بن سکتی ہے۔ اللہ چاہے تو انہیں عذاب دے، اور چاہے تو انہیں بخش دے"۔

Abu Hurairah [may Allah be pleased with him] narrated that:the Prophet said: “No group gather in a sitting in which they do not remember Allah, nor sent Salat upon their Prophet, except it will be a source of remorse for them. If He wills, He will punish them, and if He wills, He will forgive them”.

((عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضى الله عنه، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:"مَا مِنْ قَوْمٍ يَقُومُونَ مِنْ مَجْلِسٍ لَا يَذْكُرُونَ اللَّهَ فِيهِ إِلَّا قَامُوا عَنْ مِثْلِ جِيفَةِ حِمَارٍ وَكَانَ لَهُمْ حَسْرَةً"))[14]

---


[13] سنن ترمذی، کتاب: مسنون ادعیہ واذکار، باب: لوگوں کی مجلس اللہ کے ذکر سے غافل ہو اس کی برائی کا بیان، حدیث نمبر: 3380، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا۔ اس حدیث کو کتب ستہ کے اصحاب میں سے امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ ہی نے روایت کیا ہے، (تحفۃ الأشراف: 13506)، مسند احمد (2/432، 446، 453) اس حدیث کی سند میں صالح بن نبہان مولی التوأمۃ صدوق راوی ہیں، لیکن آخر میں اختلاط کا شکار ہو گئے تھے، اس لیے ان سے روایت کرنے والے قدیم تلامیذ جیسے ابن ابی ذئب اور ابن جریج کی ان سے روایت مقبول ہے، لیکن اختلاط کے بعد روایت کرنے والے شاگردوں -= کی ان سے روایت ضعیف ہو گی، مسند احمد کی روایت زیاد بن سعد اور ابن ابی ذئب قدماء سے ہے، نیز طبرانی اور حاکم میں ان سے راوی عمارہ بن غزیہ قدماء میں سے ہے، اور حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی سند کو صحیح کہا ہے، اور متابعات بھی ہیں، جن کی بنا پر یہ حدیث صحیح لغیرہ ہے، ملاحظہ ہو: الصحیحۃ رقم: 74۔

[14] سنن ابوداود، آداب واخلاق کا بیان، باب: اللہ (کا ذکر) کو یاد کئے بغیر مجلس سے اٹھ کر جانے کی کراہت کا بیان۔، حدیث نمبر: 4855، اس حدیث کو کتب ستہ کے اصحاب میں سے امام أبو داود رحمۃ اللہ علیہ ہی نے روایت کیا ہے، (تحفۃ الأشراف: 12591)، مسند احمد (2/515، 527)، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا۔

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جو لوگ بھی بغیر اللہ کو یاد کئے کسی مجلس سے اٹھ کھڑے ہوتے ہوں تو وہ ایسی مجلس سے اٹھے ہوتے ہیں جو بدبو میں مرے ہوئے گدھے کی لاش کی طرح ہوتی ہے، اور وہ مجلس ان کے لیے (قیامت کے روز) باعث حسرت ہو گی"۔

Narrated Abu Hurairah: The Prophet ﷺ said: People who get up from an assembly in which they did not remember Allah will be just as if they had got up from an ass's corpse, and it will be a cause of grief to them.





الباب الاوّل

دعاؤں کا آغاز

جب ایک مومن سونے اور جاگنے سے متعلق دعاؤں کا اہتمام کرتا ہے اور جب وہ نیند سے بیدار ہو کر نمازِ فجر کے لئے گھر سے نکلتا ہے تو اس کے لئے وضو سے متعلق دعاؤں کی ضرورت ہوتی ہے نیز کپڑے پہننے کے لئے دعاؤں کی ضرورت ہوتی ہے اور گھر سے باہر نکلنے کے لئے دعاؤں کی ضرورت ہوتی ہے اور نمازِ فجر ادا کر کے گھر واپس ہونے کی اور گھر میں داخل ہونے کی دعاؤں کی ضرورت ہوتی ہے لہذا "الباب الاول" میں دکتور فضیلۃ الشیخ سعید بن علی بن وہف القحطانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس مومنانہ زندگی کے لئے اور ایک مومن کے شب و روز کو خیال میں رکھتے ہوئے دعاؤں کی اس ترتیب کو مرتب کیا ہے، واللہ اعلم

(1) نیند سے بیدار ہونے کے بعد پڑھے جانے والے اذکار

Neend se bedaar hone ke ba ad padhe jaane waale azkaar

When Waking up

أذكار الاستيقاظ من النوم

❖ نیند سے بیدار ہوتے وقت کی دعاء: (دعاء نمبر: 1)

((الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَحْيَانَا بَعْدَ مَا أَمَاتَنَا وَإِلَيْهِ النُّشُورُ))[15]

"تمام تعریفیں اسی اللہ تعالی کے لئے ہے جس نے ہمیں موت دینے کے بعد زندگی بخشی اور اسی کی جانب لوٹ کر جانا ہے"

"Al-hamdu lil-lahil-ladhi ahyana ba'da ma amatana; wa ilaihi an-nushur"

---

[15] صحیح البخاری، کتاب الدعوات، بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا أَصْبَحَ- صبح کے وقت کیا دعا پڑھے، حدیث نمبر:6324۔ وجامع الترمذی:3417۔ وسنن ابو داود:5049۔ وسنن ابن ماجہ:3880۔

حدیث


((عَنْ أَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ"إِذَا أَخَذَ مَضْجَعَهُ مِنَ اللَّيْلِ، قَالَ: اللَّهُمَّ بِاسْمِكَ أَمُوتُ وَأَحْيَا، فَإِذَا اسْتَيْقَظَ، قَالَ: الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَحْيَانَا بَعْدَ مَا أَمَاتَنَا وَإِلَيْهِ النُّشُورُ"))

سیدنا ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات میں اپنی خواب گاہ پر جاتے تو کہتے "اللَّهُمَّ بِاسْمِكَ أَمُوتُ وَأَحْيَا" (اے اللہ! میں تیرے ہی نام سے مرتا ہوں اور تیرے ہی نام سے زندہ ہوتا ہوں۔) اور جب بیدار ہوتے تو فرماتے "الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَحْيَانَا بَعْدَ مَا أَمَاتَنَا وَإِلَيْهِ النُّشُورُ" (تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں جس نے ہمیں موت کے بعد زندگی بخشی اور اسی کی طرف ہم کو جانا ہے)۔

Narrated Abu dhar gifaari: Whenever the Prophet intended to go to bed, he would recite: "Bismika Allahumma amutu wa ahya (With Your name, O Allah, I die and I live)." And when he woke up from his sleep, he would say: "Al-hamdu lil-lahil-ladhi ahyana ba'da ma amatana; wa ilaihi an-nushur (All the Praises are for Allah Who has made us alive after He made us die (sleep) and unto Him is the Resurrection)".

التخریج (صحیح بخاری، کتاب دعاؤں کے بیان میں، باب: صبح کے وقت کیا دعا پڑھے، حدیث نمبر:6324۔ صحیح مسلم[4/2083])

All the Praises are for Allah Who has made us alive after He made us die (sleep) and unto Him is the Resurrection

❖ 

((الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي عَافَانِي فِي جَسَدِي، وَرَدَّ عَلَيَّ رُوحِي، وَأَذِنَ لِي بِذِكْرِهِ))[16]

"تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں جس نے میرے بدن کو صحت مند رکھا، اور میری روح مجھ پر لوٹا دی اور مجھے اپنی یاد کی اجازت (اور توفیق) دی"

Alhamdu lillahil-ladhi "afani fi jasadi, wa radda 'alayya ruhi, wa 'adhina li bidhikri

All praise is due to Allah, Who healed me in my body, and returned to me my soul, and permitted me to remember Him



---

[16] جامع الترمذی:3401، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نےس کو حسن کہا ہے۔

(2)رات کے وقت بیدار ہونے پر پڑھنے کی دعاء

❖ دعاء نمبر:1

((لَاإِلٰهَ إِلَّااللّٰهُ وَحْدَهُ لَاشَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَعَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَلَاإِلٰهَ إِلَّااللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَاقُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ، اللّٰهُمَّ اغْفِرْلِي))[17]

---

[17] صحیح البخاری:1154۔

حدیث

((عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، أَنّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: " إِذَا قَامَ أَحَدُكُمْ عَنْ فِرَاشِهِ ثُمَّ رَجَعَ إِلَيْهِ فَلْيَنْفُضْهُ بِصَنِفَةِ إِزَارِهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَإِنَّهُ لَا يَدْرِي مَا خَلَفَهُ عَلَيْهِ بَعْدَهُ، فَإِذَا اضْطَجَعَ فَلْيَقُلْ: بِاسْمِكَ رَبِّي وَضَعْتُ جَنْبِي وَبِكَ أَرْفَعُهُ، فَإِنْ أَمْسَكْتَ نَفْسِي فَارْحَمْهَا، وَإِنْ أَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهِ عِبَادَكَ الصَّالِحِينَ، فَإِذَا اسْتَيْقَظَ فَلْيَقُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي عَافَانِي فِي جَسَدِي، وَرَدَّ عَلَيَّ رُوحِي، وَأَذِنَ لِي بِذِكْرِهِ "،وَرَوَى بَعْضُهُمْ هَذَا الْحَدِيثَ وَقَالَ: فَلْيَنْفُضْهُ بِدَاخِلَةِ إِزَارِهِ))

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جب کوئی تم میں سے اپنے بستر پر سے اٹھ جائے پھر لوٹ کر اس پر (لیٹنے، بیٹھنے) آئے تو اسے چاہیئے کہ اپنے ازار (تہبند، لنگی) کے (پلو) کونے اور کنارے سے تین بار بستر کو جھاڑ دے، اس لیے کہ اسے کچھ پتہ نہیں کہ اس کے اٹھ کر جانے کے بعد وہاں کون سی چیز آ کر بیٹھی یا چھپی ہے، پھر جب لیٹے تو کہے: "بِاسْمِكَ رَبِّي وَضَعْتُ جَنْبِي وَبِكَ أَرْفَعُهُ، فَإِنْ أَمْسَكْتَ نَفْسِي فَارْحَمْهَا، وَإِنْ أَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهِ عِبَادَكَ الصَّالِحِينَ" (اے میرے رب! میں تیرا نام لے کر (اپنے بستر پر) اپنے پہلو کو ڈال رہا ہوں یعنی سونے جا رہا ہوں، اور تیرا ہی نام لے کر میں اسے اٹھاؤں گا بھی، پھر اگر تو میری جان کو (سونے ہی کی حالت میں) روک لیتا ہے (یعنی مجھے موت دے دیتا ہے) تو میری جان پر رحم فرما، اور اگر تو سونے دیتا ہے تو اس کی ویسی ہی حفاظت فرما جیسی کہ تو اپنے نیک و صالح بندوں کی حفاظت کرتا ہے"، پھر نیند سے بیدار ہو جائے تو اسے چاہیئے کہ کہے: "الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي عَافَانِي فِي جَسَدِي، وَرَدَّ عَلَيَّ رُوحِي، وَأَذِنَ لِي بِذِكْرِهِ" (تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں جس نے میرے بدن کو صحت مند رکھا، اور میری روح مجھ پر لوٹا دی اور مجھے اپنی یاد کی اجازت (اور توفیق) دی"۔

بعض دوسرے راویوں نے بھی یہ حدیث روایت کی ہے، اور اس روایت میں انہوں نے "فلينفضه بداخلة إزاره" کا لفظ استعمال کیا ہے "بداخلة إزاره" سے مراد تہبند کا اندر والا حصہ ہے۔

Abu Hurairah (ﷺ) narrated that:

the Messenger of Allah(ﷺ)said: "When one of you leaves his bed then returns to it, then let him brush it off with the edge of his Izar three times, for indeed, he does not know what succeeded him upon it after him. When he lies down, let him say

(Bismika rabbīwaḍa`tu janbīwa bika arfa`uhu, fa'in amsakta nafsīfarḥamhāwa in arsaltahāfaḥfaẓhābimātaḥfaẓu bihī`ibādakaṣ-ṣāliḥīn)' ":

'In Your Name, my Lord, I lay my side down, and in Your Name I raise it. And if You take my soul, then have mercy upon it, and if You release it, then protect it with that which You protect Your righteous worshipers" ‹And when he awakens, let him say: All praise is due to Allah, Who healed me in my body, and returned to me my soul, and permitted me to remember Him (Al-ḥamdulillāh alladhī`āfānīfījasadīwa radda `alayya rūḥīwa adhina lībidhikrih)"'.

التخریج (سنن ترمذی، کتاب: مسنون ادعیہ و اذکار، باب: سوتے وقت پڑھی جانے والی دعاؤں سے متعلق ایک اور باب، حدیث نمبر: 3401، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے "الکلم الطیب (34)" میں اس حدیث کو حسن قرار دیا۔ صحیح البخاری / الدعوات 13 (6320)، والتوحید 13 (7393) (تعلیقا و متصلا)، صحیح مسلم / الذکر والدعاء 17 (2714)، سنن ابی داود / الأدب 107 (5050)، سنن النسائی / دن اور رات کے کام 258 (890)، سنن ابن ماجہ / الدعاء 15 (2874) (تحفة الأشراف: 13037)، وسنن الدارمی / اجازت طلب کرنا، 51 (2726) (حسن) (فإذا استيقظت کے الفاظ صحیحین میں نہیں ہے)۔

حدیث

((عَنِ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ رضى الله عنه، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ:"مَنْ تَعَارَّ مِنَ اللَّيْلِ فَقَالَ" لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، الْحَمْدُ لِلَّهِ وَسُبْحَانَ اللَّهِ وَلَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَاللَّهُ أَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ، ثُمَّ قَالَ اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي أَوْ دَعَا اسْتُجِيبَ لَهُ، فَإِنْ تَوَضَّأَ وَصَلَّى قُبِلَتْ صَلَاتُهُ"))

سیدنا عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جو شخص رات کو بیدار ہو کر یہ دعا پڑھے" لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، الْحَمْدُ لِلَّهِ وَسُبْحَانَ اللَّهِ وَلَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَاللَّهُ أَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ" اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں ملک اسی کے لیے ہے اور تمام تعریفیں بھی اسی کے لیے ہیں، اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں، اللہ کی ذات پاک ہے، اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ کی مدد کے بغیر نہ کسی کو گناہوں سے بچنے کی طاقت ہے نہ نیکی کرنے کی ہمت) پھر یہ پڑھے "اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي") اے اللہ! میری مغفرت فرما"۔ یا (یہ کہا کہ) کوئی دعا کرے تو اس کی دعا قبول ہوتی ہے۔ پھر اگر اس نے وضو کیا اور نماز پڑھی تو نماز بھی مقبول ہوتی ہے۔

Narrated 'Ubada bin As-Samit: The Prophet(ﷺ)said: "Whoever gets up at night and says: -- 'La ilaha il-lallah Wahdahu la Sharika lahu Lahu-lmulk, waLahu-l-hamd wahuwa 'ala kullishai'in Qadir. Al hamdu lil-lahi wa subhanal-lahi wa la-ilaha il-lal-lah wa-l-lahu akbar wa la hawla Wala Quwata il-la-bil-lah.' (None has the right to be worshipped but Allah. He is the Only One and has no partners . For Him is the Kingdom and all the praises are due for Him. He is Omnipotent. All the praises are for Allah. All the glories are for Allah. And none has the right to be worshipped but Allah, And Allah is Great And there is neither Might nor Power Except with Allah). And then says: -- Allahumma, Ighfir li (O Allah! Forgive me). Or invokes (Allah), he will be responded to and if he performs ablution (and prays), his prayer will be accepted".

التخریج (صحیح بخاری، کتاب تہجد کا بیان، باب: جس شخص کی رات کو آنکھ کھلے پھر وہ نماز پڑھے اس کی فضیلت، حدیث نمبر: 1154۔ وجامع الترمذی: 3414۔ وسنن ابوداود: 5060۔ صحیح ابن ماجہ: 3878)

" اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں ملک اسی کے لیے ہے اور تمام تعریفیں بھی اسی کے لیے ہیں، اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں، اللہ کی ذات پاک ہے، اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ کی مدد کے بغیر نہ کسی کو گناہوں سے بچنے کی طاقت ہے نہ نیکی کرنے کی ہمت، اے اللہ! میری مغفرت فرما"

"La ilaha il-lallah Wahdahu la Sharika lahu Lahu-lmulk, waLahu-l-hamd wahuwa 'ala kullishai'in Qadir. Al hamdu lil-lahi wa subhanal-lahi wa la-ilaha il-lal-lah wa-l-lahu akbar wa la hawla Wala Quwata il-la-bil-lahAllahumma, Ighfir li"

None has the right to be worshipped but Allah. He is the Only One and has no partners. For Him is the Kingdom and all the praises are due for Him. He is Omnipotent. All the praises are for Allah. All the glories are for Allah. And none has the right to be worshipped but Allah, And Allah is Great And there is neither Might nor Power Except with Allah O Allah! Forgive me

❖ رات کے وقت بیدار ہونے پر پڑھنے کی دعاء (دعاء نمبر:2)

((إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَآيَاتٍ لِّأُولِي الْأَلْبَابِ ﴿١٩٠﴾ الَّذِينَ يَذْكُرُونَ اللَّـهَ قِيَامًا وَقُعُودًا وَعَلَىٰ جُنُوبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُونَ فِي خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هَـٰذَا بَاطِلًا سُبْحَانَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿١٩١﴾ رَبَّنَا إِنَّكَ مَن تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ أَخْزَيْتَهُ ۖ وَمَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ أَنصَارٍ

﴿١٩٢﴾ رَّبَّنَا إِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُنَادِي لِلْإِيمَانِ أَنْ آمِنُوا بِرَبِّكُمْ فَآمَنَّا ۚ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّئَاتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْأَبْرَارِ ﴿١٩٣﴾ رَبَّنَا وَآتِنَا مَا وَعَدتَّنَا عَلَىٰ رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۗ إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيعَادَ ﴿١٩٤﴾ فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ أَنِّي لَا أُضِيعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنكُم مِّن ذَكَرٍ أَوْ أُنثَىٰ ۖ بَعْضُكُم مِّن بَعْضٍ ۖ فَالَّذِينَ هَاجَرُوا وَأُخْرِجُوا مِن دِيَارِهِمْ وَأُوذُوا فِي سَبِيلِي وَقَاتَلُوا وَقُتِلُوا لَأُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَلَأُدْخِلَنَّهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ثَوَابًا مِّنْ عِندِ اللَّـهِ ۗوَاللَّـهُ عِندَهُ حُسْنُ الثَّوَابِ ﴿١٩٥﴾ لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي الْبِلَادِ ﴿١٩٦﴾ مَتَاعٌ قَلِيلٌ ثُمَّ مَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ ۚ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿١٩٧﴾ لَـٰكِنِ الَّذِينَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا نُزُلًا مِّنْ عِندِ اللَّـهِ ۗ وَمَا عِندَ اللَّـهِ خَيْرٌ لِّلْأَبْرَارِ ﴿١٩٨﴾ وَإِنَّ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ لَمَن يُؤْمِنُ بِاللَّـهِ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْكُمْ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْهِمْ خَاشِعِينَ لِلَّـهِ لَا يَشْتَرُونَ بِآيَاتِ اللَّـهِ ثَمَنًا قَلِيلًا ۗ أُولَـٰئِكَ لَهُمْ أَجْرُهُمْ عِندَ رَبِّهِمْ ۗ إِنَّ اللَّـهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ ﴿١٩٩﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اصْبِرُوا وَصَابِرُوا وَرَابِطُوا وَاتَّقُوا اللَّـهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ﴿٢٠٠﴾"(سورة آل عمران)[18]

---

[18] سنن ابوداود، کتاب قیام اللیل، بَابُ فِي صَلاَةِ اللَّيْلِ - تہجد کی رکعتوں کا بیان، حدیث نمبر:1367، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے (سنن ابوداو کے حدیث کے الفاظ ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بیدار ہوئے اور بیٹھ کر اپنے منہ پر ہاتھ مل کر نیند دور کی، پھر سورۃ آل عمران کے آخر کی دس آیتیں پڑھیں۔نوٹ: صحیح مسلم میں سورۃ آل عمران کی آیت نمبر 90 سے لیکر 91 یعنی کہ دو آیات پڑھنے کا ذکر ہے اور صحیح بخاری میں سورۃ آل عمران کی صرف ایک آیت، آیت نمبر:90 پڑھنے کا ذکر ہے، تمام دس آیات پڑھنا بھی ثابت ہے۔

حَدِيث

((عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، قَالَ: بِتُّ عِنْدَ خَالَتِي مَيْمُونَةَ، فَتَحَدَّثَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ أَهْلِهِ سَاعَةً، ثُمَّ رَقَدَ، فَلَمَّا كَانَ ثُلُثُ اللَّيْلِ الْآخِرُ، قَعَدَ فَنَظَرَ إِلَى السَّمَاءِ، فَقَالَ:"إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمَوَاتِ وَالأَرْضِ وَاخْتِلافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ لآيَاتٍ لأُولِي الأَلْبَابِ" (سورة آل عمران آية ١٩٠)، ثُمَّ قَامَ فَتَوَضَّأَ، وَاسْتَنَّ فَصَلَّى إِحْدَى عَشْرَةَ رَكْعَةً، ثُمَّ أَذَّنَ بِلَالٌ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ خَرَجَ فَصَلَّى الصُّبْحَ))

سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ میں ایک رات اپنی خالہ ام المؤمنین میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر رہ گیا۔ پہلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیوی (میمونہ رضی اللہ عنہا) کے

"آسمانوں اور زمین کی پیدائش میں اور رات دن کے ہیر پھیر میں یقیناً عقلمندوں کے لئے نشانیاں ہیں (190) جو اللہ تعالیٰ کا ذکر کھڑے اور بیٹھے اور اپنی کروٹوں پر لیٹے ہوئے کرتے ہیں اور آسمانوں وزمین کی پیدائش میں غور وفکر کرتے ہیں اور کہتے ہیں اے ہمارے پروردگار! تونے یہ بے فائدہ نہیں بنایا، تو پاک ہے پس ہمیں آگ کے عذاب سے بچالے (191) اے ہمارے پالنے والے! تو جسے جہنم میں ڈالے یقیناً تونے اسے رسوا کیا، اور ظالموں کا مددگار کوئی نہیں (192) اے ہمارے رب! ہم نے سنا کہ منادی کرنے والا باآواز بلند ایمان کی طرف بلارہا ہے کہ لوگو! اپنے رب پر ایمان لاؤ، پس ہم ایمان لائے۔ یاالٰہی اب تو ہمارے گناہ معاف فرما اور ہماری برائیاں ہم سے دور کردے اور ہماری موت نیکوں کے ساتھ کر (193) اے ہمارے پالنے والے معبود! ہمیں وہ دے جس کا وعدہ تونے ہم سے اپنے رسولوں کی زبانی کیا ہے اور ہمیں قیامت کے دن رسوانہ کر، یقیناً تووعدہ خلافی نہیں کرتا (194) پس ان کے رب نے ان کی دعا قبول فرمالی کہ تم میں سے کسی کام کرنے والے کے کام کو خواہ وہ مرد ہو یا عورت میں ہرگز

ساتھ تھوڑی دیر تک بات چیت کی پھر سو گئے۔ جب رات کا تیسرا حصہ باقی رہا تو آپ اٹھ کر بیٹھ گئے اور آسمان کی طرف نظر کی اور یہ آیت تلاوت کی ﴿إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمَوَاتِ وَالأَرْضِ وَاخْتِلافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ لآيَاتٍ لأُولِي الأَلْبَابِ﴾ (بیشک آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور دن ورات کے مختلف ہونے میں عقلمندوں کے لیے (بڑی) نشانیاں ہیں۔۔۔۔) اس کے بعد آپ ﷺ کھڑے ہوئے اور وضو کیا اور مسواک کی، پھر گیارہ رکعتیں تہجد اور وتر پڑھیں۔ جب سیدنا بلال رضی اللہ عنہ نے (فجر کی) اذان دی تو آپ ﷺ نے دو رکعت (فجر کی سنت) پڑھی اور باہر مسجد میں تشریف لائے اور فجر کی نماز پڑھائی۔

Narrated Ibn `Abbas: I stayed overnight in the house of my aunt Maimuna. Allah's Messenger talked with his wife for a while and then went to bed. When it was the last third of the night, he got up and looked towards the sky and said: "Verily! In the creation of the Heavens and the Earth and in the alteration of night and day, there are indeed signs for men of understanding." (3.190) Then he stood up, performed ablution, brushed his teeth with a Siwak, and then prayed eleven rak`at. Then Bilal pronounced the Adhan (i.e. call for the Fajr prayer). The Prophet then offered two rak`at (Sunna) prayer and went out (to the Mosque) and offered the (compulsory congregational) Fajr prayer.

التخریج (صحیح بخاری، قرآن پاک کی تفسیر کے بیان میں، باب: آیت کی تفسیر "بیشک آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور رات دن کے اختلاف ہونے میں عقلمندوں کے لیے بہت سی نشانیاں ہیں"، "اختلاف سے رات و دن کا گھٹنا بڑھنا مراد ہے، جو موسمی اثرات سے ہوتا رہتا ہے، یہ سب قدرت الٰہی کے نمونے ہیں"، حدیث نمبر:4569)

ضائع نہیں کرتا، تم آپس میں ایک دوسرے کے ہم جنس ہو، اس لئے وہ لوگ جنہوں نے ہجرت کی اور اپنے گھروں سے نکال دیئے گئے اور جنہیں میری راہ میں ایذا دی گئی اور جنہوں نے جہاد کیا اور شہید کئے گئے، میں ضرور ضرور ان کی برائیاں ان سے دور کردوں گا اور بالیقین انہیں ان جنتوں میں لے جاؤں گا جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں، یہ ہے ثواب اللہ تعالیٰ کی طرف سے اور اللہ تعالیٰ ہی کے پاس بہترین ثواب ہے (195) تجھے کافروں کا شہروں میں چلنا پھرنا فریب میں نہ ڈال دے، (196) یہ تو بہت ہی تھوڑا فائدہ ہے، اس کے بعد ان کا ٹھکانہ تو جہنم ہے اور وہ بری جگہ ہے (197) لیکن جو لوگ اپنے رب سے ڈرتے رہے ان کے لئے جنتیں ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہیں، ان میں وہ ہمیشہ رہیں گے یہ مہمانی ہے اللہ کی طرف سے اور نیک کاروں کے لئے جو کچھ اللہ تعالیٰ کے پاس ہے وہ بہت ہی بہتر ہے (198) یقیناً اہل کتاب میں سے بعض ایسے بھی ہیں جو اللہ تعالیٰ پر ایمان لاتے ہیں اور تمہاری طرف جو اتارا گیا ہے اور ان کی جانب جو نازل ہوا اس پر بھی، اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی آیتوں کو تھوڑی تھوڑی قیمت پر بیچتے بھی نہیں، ان کا بدلہ ان کے رب کے پاس ہے، یقیناً اللہ تعالیٰ جلد حساب لینے والا ہے (199) اے ایمان والو! تم ثابت قدم رہو اور ایک دوسرے کو تھامے رکھو اور جہاد کے لئے تیار رہو اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو تاکہ تم مراد کو پہنچو (200)۔

Inna fee khalqis samaawati wal ardi wakhtilaafil laili wannahaari la Aayaatil liulil albaab

Allazeena yazkuroonal laaha qiyaamanw-wa qu'oodanw-wa 'alaa juno obihim wa yatafakkaroona fee khalqis samaawaati wal ardi Rabbanaa maa khalaqta haaza baatilan Subhaanak faqinaa 'azaaban Naar

Rabbanaaa innaka man tudkhilin Naara faqad akhzai tahoo wa maa lizzaalimeena min ansaar

Rabbanaaa innanaa sami'naa munaadiyai yunaadee lil eemaani an

aaminoo bi Rabbikum fa aamannaa; Rabbanaa faghfir lanaa zunoobanaa wa kaffir 'annaa saiyi aatina wa tawaffanaa ma'al abraar

Rabbanaa wa aatinaa maa wa'attanaa 'alaa Rusulika wa laa tukhzinaa Yawmal Qiyaamah; innaka laa tukhliful mee'aad

Fastajaaba lahum Rabbuhum annee laaa Udee'u 'amala 'aamilim minkum min zakarin aw unsaa ba'dukum mim ba'din fal lazeena haajaroo wa ukhrijoo min diyaarihim wa oozoo fee sabeelee wa qaataloo wa qutiloo la ukaffiranna 'anhum saiyi aatihim wa la udkhilanna hum Jannnatin tajree min tahtihal anhaaru sawaabam min 'indil laah; wallaahu 'indahoo husnus sawaab

Laa yaghurrannaka taqal lubul lazeena kafaroo fil bilaad

Mataa'un qaleelun summa maawaahum Jahannam; wa bi'sal mihaad

Laakinil lazeenat taqaw Rabbahum lahum Jannnaatun tajree min tahtihal anhaaru khaalideena feehaa nuzulammin 'indil laah; wa maa 'indal laahi khairul lil abraar

Wa inna min Ahlil Kitaabi lamai yu minu billaahi wa maaa unzila ilaikum wa maaa unzila ilaihim khaashi 'eena lillaahi laa yashtaroona bi Aayaatil laahi samanan qaleelaa; ulaaa'ika lahum ajruhum 'inda Rabbihim; innal laaha saree'ul hisaab

Yaaa aiyuhal lazeena aamanus biroo wa saabiroo wa raabitoo wattaqul laaha la'allakum tuflihoon (section 20)

Indeed, in the creation of the heavens and the earth and the alternation

of the night and the day are signs for those of understanding. (190) Who remember Allah while standing or sitting or [lying] on their sides and give thought to the creation of the heavens and the earth, [saying], "Our Lord, You did not create this aimlessly; exalted are You [above such a thing]; then protect us from the punishment of the Fire. (191) Our Lord, indeed whoever You admit to the Fire - You have disgraced him, and for the wrongdoers there are no helpers. (192) Our Lord, indeed we have heard a caller calling to faith, [saying], 'Believe in your Lord,' and we have believed. Our Lord, so forgive us our sins and remove from us our misdeeds and cause us to die with the righteous. (193) Our Lord, and grant us what You promised us through Your messengers and do not disgrace us on the Day of Resurrection. Indeed, You do not fail in [Your] promise(194)".And their Lord responded to them, "Never will I allow to be lost the work of [any] worker among you, whether male or female; you are of one another. So those who emigrated or were evicted from their homes or were harmed in My cause or fought or were killed - I will surely remove from them their misdeeds, and I will surely admit them to gardens beneath which rivers flow as reward from Allah, and Allah has with Him the best reward." (195) Be not deceived by the [uninhibited] movement of the disbelievers throughout the land. (196) [It is but] a small enjoyment; then their [final] refuge is Hell, and wretched is the resting place. (197)

But those who feared their Lord will have gardens beneath which rivers flow, abiding eternally therein, as accommodation from Allah. And that which is with Allah is best for the righteous. (198) And indeed, among the People of the Scripture are those who believe in Allah and what was revealed to you and what was revealed to them, [being] humbly submissive to Allah. They do not exchange the verses of Allah for a small price. Those will have their reward with their Lord. Indeed, Allah is swift in account. (199) O you who have believed, persevere and endure and remain stationed and fear Allah that you may be successful(200).



(3) کپڑے پہنتے وقت پڑھنے کی دعاء

Kapde pahente waqt padhne ki dua

Supplication when wearing a garment

دعاء لبس الثوب

((الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي كَسَانِي هَذَا الثَّوْبَ وَرَزَقَنِيهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِنِّي وَلَا قُوَّةٍ))[19]

---

[19] سنن ابي داود: 4023، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ اس کو حسن کہا ہے۔

حَدِيث

((عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَبِيهِ: أَنّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:" مَنْ أَكَلَ طَعَامًا ثُمَّ قَالَ "الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَطْعَمَنِي هَذَا الطَّعَامَ، وَرَزَقَنِيهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِنِّي وَلَا قُوَّةٍ "غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ ، قَالَ: وَمَنْ لَبِسَ ثَوْبًا، فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي كَسَانِي هَذَا الثَّوْبَ وَرَزَقَنِيهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِنِّي وَلَا قُوَّةٍ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ"))

"تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے یہ کپڑا پہنایا اور میری طاقت و قوت کے بغیر مجھے یہ عنایت فرمایا"

Alhamdulillahil-lazi kasani haza as-saub, wa razaqanihi min gayri hawlin minni wa la quwwah

"Praise be to Allah Who has clothed me with this and provided me with it through no might and power on my part",



"سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک رات نماز (تہجد) سے فارغ ہو کر پڑھتے ہوئے سنا (آپ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھ رہے تھے"

التخریج (سنن ترمذی / کتاب: مسنون ادعیہ و اذکار / باب: تہجد کے لیے اٹھے تو اس میں پڑھی جانے والی دعاؤں سے متعلق ایک اور باب۔ حدیث نمبر: 3419، تحفة الأشراف: 6292)، اس حدیث کی سند میں داود بن علی لین الحدیث راوی ہیں، اس لئے شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے ضعیف الجامع الصغیر (1194) میں اس حدیث کو نقل فرمایا)

[37] ادب المفرد للبخاری:696، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو صحیح کہا ہے۔

حدیث

((عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ، فَصَلَّى فَقَضَى صَلَاتَهُ، يُثْنِي عَلَى اللَّهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ، ثُمَّ يَكُونُ فِي آخِرِ كَلَامِهِ: "اللَّهُمَّ اجْعَلْ لِي نُورًا فِي قَلْبِي، وَاجْعَلْ لِي نُورًا فِي سَمْعِي، وَاجْعَلْ لِي نُورًا فِي بَصَرِي، وَاجْعَلْ لِي نُورًا عَنْ يَمِينِي، وَنُورًا عَنْ شِمَالِي، وَاجْعَلْ لِي نُورًا مِنْ بَيْنَ يَدَيَّ، وَنُورًا مِنْ خَلْفِي، وَزِدْنِي نُورًا، وَزِدْنِي نُورًا، وَزِدْنِي نُورًا."))

"میرے لیے نور زیادہ کر دے، میرے لیے نور زیادہ کر دے، میرے نور میں اضافہ فرما۔"

Wa zidnee nooraa Wa zidnee nooraa Wa zidnee nooraa

Increase me in light, increase me in light, increase me in light

❖ مسجد کی جانب جاتے وقت پڑھنے کی دعاء (چوتھی دعاء)

((**وهب لي نوراً على نور**))[38]

"مجھ کو نور ہی نور عطا فرما"۔

Wa habb lee nooran alaa noor

Grant me light upon light.



سیدنا عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب رات کو اٹھ کر نماز پڑھتے تو نماز پوری کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ کی ثنا بیان کرتے، ایسی ثنا جو اس کی ذات کے لائق ہے، پھر آخر میں یہ دعا پڑھتے: "اے اللہ! میرے لیے میرے دل میں نور پیدا کر دے، میرے کانوں میں نور کر دے، میری آنکھوں میں نور کر دے، میرے دائیں نور کر دے، میرے بائیں نور کر دے، میرے آگے نور کر دے، میرے پیچھے نور کر دے، اور میرے لیے نور زیادہ کر دے، میرے لیے نور زیادہ کر دے، میرے نور میں اضافہ فرما۔

'Abdullah ibn 'Abbas said, "When the Prophet, may Allah bless him and grant him peace, prayed the night prayer, and finished his prayer, glorifying Allah as he deserves, he said at the end of it, 'O Allah, give me a light in my heart and give me a light in my hearing and give me a light in my sight. Give me a light on my right and a light on my left and give me a light in front of me and a light behind me and increase me in light. Increase me in light, and increase me in light"'.

التخریج (الادب المفرد، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دعائیں، حدیث نمبر:696، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا)

[38] ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے فتح الباری میں اس دعاء کو نقل فرمایا اور اس کو ابن ابی عاصم کی کتاب "کتاب الدعاء کی جانب منسوب کیا، ملاحظہ فرمائیں "الفتح 11/118 اور فرمایا کہ مختلف روایات کی روشنی میں اس دعاء کے اندر پچیس خصلتیں جمع ہو گئیں۔

https://kalemtayeb.com/safahat/item/1666

(13) مسجد میں داخل ہوتے وقت پڑھنے کی دعاء

Masjid mein daakhil hote waqt padhne ki dua

Upon entering the mosque

دعاء دخول المسجد

❖ پہلی دعاء:

((أَعُوذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيمِ وَبِوَجْهِهِ الْكَرِيمِ وَسُلْطَانِهِ الْقَدِيمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ))[39]

"میں اللہ عظیم کی، اس کی ذات کریم کی اور اس کی قدیم بادشاہت کی مردود شیطان سے پناہ چاہتا ہوں"

Aoozu billaahil azeem wa biwajhihil kareem wa sultaanihil qadeem

---

[39] سنن ابو داود: 466، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو صحیح کہا ہے۔

حدیث

((عَنْ حَيْوَةَ بْنِ شُرَيْحٍ، قَالَ: لَقِيتُ عُقْبَةَ بْنَ مُسْلِمٍ، فَقُلْتُ لَهُ: بَلَغَنِي أَنَّكَ حَدَّثْتَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ" أَنَّهُ كَانَ إِذَا دَخَلَ الْمَسْجِدَ، قَالَ: أَعُوذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيمِ وَبِوَجْهِهِ الْكَرِيمِ وَسُلْطَانِهِ الْقَدِيمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ"، قَالَ: أَقَطُّ ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: فَإِذَا قَالَ ذَلِكَ، قَالَ الشَّيْطَانُ: حُفِظَ مِنِّي سَائِرَ الْيَوْمِ))

حیوہ بن شریح کہتے ہیں کہ میں عقبہ بن مسلم سے ملا تو میں نے ان سے کہا: مجھے یہ خبر پہنچی ہے کہ آپ نے عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے اور انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب مسجد میں تشریف لے جاتے تو فرماتے: " أَعُوذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيمِ وَبِوَجْهِهِ الْكَرِيمِ وَسُلْطَانِهِ الْقَدِيمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ "(میں اللہ عظیم کی، اس کی ذات کریم کی اور اس کی قدیم بادشاہت کی مردود شیطان سے پناہ چاہتا ہوں) تو عقبہ نے کہا: کیا بس اتنا ہی؟ میں نے کہا: ہاں، انہوں نے کہا: جب مسجد میں داخل ہونے والا آدمی یہ کہتا ہے تو شیطان کہتا ہے: اب وہ میرے شر سے دن بھر کے لیے محفوظ کر لیا گیا۔

Haiwah bin Shuraih reported: I met Uqbah bin Muslim and said to him: it has been reported to me that someone has narrated to you from the prophet ﷺ that when he entered the mosque, he would say: I seek refuge in Allah, the Magnificent, and in His noble face, and in his eternal domain, from the accursed Devil. He asked: is it so much only? I said: Yes. He said: when anyone says so. The devil says: he is protected from me all the day long.

التخریج (سنن ابی داود / کتاب: نماز کے احکام ومسائل / باب: آدمی جب مسجد میں داخل ہو تو کیا کہے؟، حدیث نمبر: 466، تحفة الأشراف: 8890)، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا)

minash shaitaanirrajeem

I seek refuge in Allah, the Magnificent, and in His noble face, and in his eternal domain, from the accursed Devil

❖ دوسری دعاء:

((بِسْمِ اللّٰه، "وَالصَّلاةُ"[40] ، "وَالسَّلامُ عَلَى رَسُولِ الله"[41], اللَّهُمَّ افْتَحْ لِي أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ[42]))

---

[40] لفظ ((وَالصَّلاةُ وَالسَّلَامُ)) پر تحقیق: سنن الترمذی، حدیث نمبر: 314 کے الفاظ ((كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلَ الْمَسْجِدَ صَلَّى عَلَى مُحَمَّدٍ وَسَلَّمَ)) شیخ البانی رحمۃ اللہ نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے (قال الشيخ الألباني: صحيح، ابن ماجة [771]) تخريج الحديث: «سنن ابن ماجه/المساجد 13 (771)، (تحفة الأشراف: 18041) (صحيح) (فاطمہ بنت حسین نے فاطمہ کبری کو نہیں پایا ہے، لیکن شواہد کی بنا پر یہ حدیث صحیح ہے،، شیخ البانی رحمۃ اللہ کہتے ہیں: مغفرت کے جملے کو چھوڑ کر بقیہ حدیث صحیح ہے، تراجع الألبانی 510)۔

[41] سنن ابن ماجہ (حدیث نمبر: 771، صحیح) کے الفاظ: ((بِسْمِ اللَّهِ، وَالسَّلَامُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ))

سنن ابو داود (حدیث نمبر: 465، صحیح) کے الفاظ: ((إِذَا دَخَلَ أَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ فَلْيُسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ لِيَقُلْ: اللَّهُمَّ افْتَحْ لِي أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ))

عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی (حدیث نمبر: 88، صحیح) کے الفاظ: ((عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلَ الْمَسْجِدَ قَالَ: "بِسْمِ اللهِ، اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ"))

❖ حسبِ بالا تمام دلائل کے مدِ نظر مسجد میں داخلہ سے پہلے پڑھی جانے والی دعاء سے پہلے پڑھے جانے والے صیغوں میں: ((بِسْمِ اللّٰـهِ، "وَالصَّلاةُ"، "وَالسَّلامُ عَلَى رَسُولِ الله))، یا ((بِسْمِ اللَّهِ، وَالسَّلَامُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ)) یا ((بِسْمِ اللهِ، اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ)) ان تینوں صیغے احادیثِ صحیحہ سے ثابت ہیں۔

[42] صحیح مسلم: 713[1652]؛ ((ولم يذكر: فليسلم علي النبي ﷺ)) امام مسلم رحمۃ اللہ نے مسجد میں داخل ہوتے وقت کی دعاء میں نبی کریم ﷺ پر صلاۃ وسلام کا ذکر نہیں کیا۔

حدیث

((عَنْ أَبِي حُمَيْدٍ، أَوْ عَنْ أَبِي أُسَيْدٍ الْأَنْصَارِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:" إِذَا دَخَلَ أَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ فَلْيُسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ لِيَقُلْ: اللَّهُمَّ افْتَحْ لِي أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ، فَإِذَا خَرَجَ فَلْيَقُلْ: "اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ"))

ابو حمید (عبد الرحمن بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ) یا ابو اسید انصاری (مالک بن ربیعہ الساعدی رضی اللہ عنہ) کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جب تم میں سے کوئی شخص مسجد میں داخل ہو تو نبی اکرم ﷺ پر سلام بھیجے پھر یہ دعا پڑھے: ((اللَّهُمَّ افْتَحْ لِي أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ)) اے اللہ! مجھ پر اپنی رحمت کے دروازے کھول دے، پھر جب نکلے تو یہ کہے: ((اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ)) اے اللہ! میں تیرے فضل کا طالب ہوں"۔

"اللہ تعالی کے نام کے ساتھ (میں داخل ہوتا ہوں) اور درود و سلام ہوں رسول اللہ ﷺ پر۔ اے اللہ! میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔"

Bismillah, wa ssalaatu wa ssalaamu alaa rasoolillaah, Allahummaf tah lee abwaaba rahmatic

In the name of Allah, and prayers and peace be upon the Messenger of Allah. O Allah, open the gates of Your mercy for me.



Abu Usaid al-Ansari reported the Messenger of Allah ﷺ as saying: when any of you enters the mosque he should invoke blessing on the prophet ﷺ and then he should say: O Allah, open to me the gates of thy mercy. And when he goes out, he should say: O Allah, I ask You out of Thine abundance.

التخريج (سنن ابی داود / کتاب: نماز کے احکام و مسائل / باب: آدمی جب مسجد میں داخل ہو تو کیا کہے ؟، حدیث نمبر: 465، صحیح مسلم / المسافرین 10 (713)، سنن النسائی / المساجد 36 (730)، (تحفة الأشراف: 11196)، سنن ابن ماجہ / المساجد والجماعات 13 (772)، مسند احمد (5/425) سنن الدارمی / الصلاة 115 (1434)، اور "الاستئذان 56 (772)، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا۔

حدیث

((عَنْ أَبِي حُمَيْدٍ ، أَوْ عَنْ أَبِي أُسَيْدٍ ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " إِذَا دَخَلَ أَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ، فَلْيَقُلْ: اللَّهُمَّ افْتَحْ لِي أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ، وَإِذَا خَرَجَ، فَلْيَقُلْ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ "))

ابو حمید یا ابو اسید رضی اللہ عنہ نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جب کوئی مسجد میں آئے تو کہے: «اللَّهُمَّ افْتَحْ لِي أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ» یا اللہ! کھول دے میرے لیے دروازے اپنی رحمت کے اور جب نکلے تو کہے: «اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ» یا اللہ! میں مانگتا ہوں تیرا فضل یعنی رزق اور دنیا کی نعمتیں۔

Abu Usaid reported that the Messenger of Allah(ﷺ)said:

When any one of you enters the mosque, he should say:" O Allah! open for me the doors of Thy mercy" ; and when he steps out he should say: 'O Allah! I beg of You Thy Grace." (Imam Muslim said: I heard Yahya saying: I transcribed this hadith from the compilation of Sulaiman b. Bilal.)

التخريج (صحیح مسلم / مسافروں کی نماز اور قصر کے احکام / باب: مسجد میں جانے کی دعا کا بیان۔ حدیث نمبر: 1652)

(14) مسجد سے نکلتے وقت پڑھنے کی دعاء

Masjid se nikalte waqt padhne ki dua

Upon leaving the mosque

دعاء الخروج من المسجد

((بِسْمِ اللّٰہِ، وَالصَّلاۃُ، وَالسَّلامُ عَلَی رَسُولِ اللهِ، [43] "اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ" [44] – "اللّٰهُمَّ اعْصِمْنِي مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ" [45])) [46]

---

[43] سنن ابن ماجہ، حدیث نمبر:773، شیخ البانی رحمۃ اللہ نے اس کو صحیح کہاہے،((وَإِذَا خَرَجَ فَلْيُسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ))اور جب مسجد سے نکلے تو نبی کریم ﷺ پہ سلام بھیجے۔"تخريج الحديث: «تفرد به ابن ماجه، (تحفة الأشراف: 12962، ومصباح الزجاجة: 291) (صحيح)» "

[44] صحیح مسلم:713[1652]

[45] سنن ابن ماجہ، حدیث نمبر:773، شیخ البانی رحمۃ اللہ نے اس کو صحیح کہاہے،((وَإِذَا خَرَجَ فَلْيُسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلْيَقُلْ: اللَّهُمَّ اعْصِمْنِي مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ"))-"تخريج الحديث: «تفرد به ابن ماجه، (تحفة الأشراف: 12962، ومصباح الزجاجة: 291) (صحيح)» "

عمل الیوم ولیلۃ لابن السنی(حدیث نمبر:78)کے کی حدیث میں(اعْصِمْنِي)جگہ پر(أَعِذْنِي)بھی نقل کیاگیاہے:((وَإِذَا خَرَجَ فَلْيُسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلْيَقُلِ: اللَّهُمَّ أَعِذْنِي مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيم " . وَقَالَ ابْنُ مُكْرَمٍ فِي حَدِيثِهِ: «وَاعْصِمْنِي»))

علمائے کرام مسجد سے نکلتے وقت شیطان سے پناہ مانگنے کے بارے میں کہتے ہیں کہ تم میں سے جب کوئی مسجد سے نکلے تو شیطان سے پناہ مانگے تو شیطان اس کو کوئی نقصان نہیں پہنچاسکے گا۔

[46] صحیح مسلم / مسافروں کی نماز اور قصر کے احکام / باب: مسجد میں جانے کی دعاکابیان، حدیث نمبر:1652۔

حَدِيث

((عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:" إِذَا دَخَلَ أَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ فَلْيُسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلْيَقُلْ: اللَّهُمَّ افْتَحْ لِي أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ، وَإِذَا خَرَجَ فَلْيُسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلْيَقُلْ: اللَّهُمَّ اعْصِمْنِي مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ"))

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:"جب کوئی شخص مسجد میں جائے تو نبی کریم ﷺ پہ سلام بھیجے اور کہے:«اللهم افتح لي أبواب رحمتك»"اے اللہ!میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے"، اور جب مسجد سے نکلے تو نبی کریم ﷺ پہ سلام بھیجے، اور کہے: «اللهم اعصمني من الشيطان الرجيم»"اے اللہ!مردود شیطان سے میری حفاظت فرما"۔

التخریج (سنن ابن ماجہ / کتاب: مساجد اور جماعت کے احکام ومسائل / باب: مسجد میں داخل ہونے کے وقت پڑھی جانے والی دعاکابیان۔ حدیث نمبر:773، امام ابن ماجہ رحمۃ اللہ ہی نے اس حدیث کو روایت کیاہے،(تحفة الأشراف:12962، مصباح الزجاجة: 291)، شیخ البانی رحمۃ اللہ نے اس حدیث کو صحیح قراردیا۔

"اللہ تعالی کے نام کے ساتھ (میں داخل ہوتا ہوں) اور درود و سلام ہوں رسول اللہ ﷺ پر۔ اے اللہ! میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔"

Bismillah, wa ssalaatu wa ssalaamu alaa rasoolillaah, Allahumma innee as aluka min fadlik, Allahumma a simnee minash shaitaanirrajeem

In the name of Allah, and prayers and peace be upon the Messenger of Allah. O Allah, I ask You from Your favour. O Allah, guard me from the accursed devil.

(15) اذان کے دوران اور بعد پڑھی جانے والی دعاء

موذن کے الفاظ ہی دہرائے جائیں گے [47]، سوائے ((**حَيَّ عَلَى**))

موذن کے ((**أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰه**)) کے جواب میں کیا دعاء پڑھیں۔

((**حَيَّ عَلَى**)) کے موقع پر ((**لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ**)) پڑھیں [48]۔

موذن کی اذان کا جواب دینے کے بعد نبی ﷺ پر درود و سلام پڑھا جائے [49]۔

---

[47] صحیح البخاری:611۔

[48] مسلم، حدیث نمبر:385[850]۔ وسنن ابوداود:527۔

[49] صحیح مسلم:384[849]۔ وسنن النسائی:679۔ وسنن ابوداود:523۔ وجامع الترمذی:3614۔

حَدِیث

((عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " إِذَا سَمِعْتُمُ النِّدَاءَ فَقُولُوا مِثْلَ مَا يَقُولُ الْمُؤَذِّنُ"))

سیدنا ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے، انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے کہ جب تم اذان سنو تو جس طرح مؤذن کہتا ہے اسی طرح تم بھی کہو۔

Narrated Abu Sa`id Al-Khudri: Allah's Messenger(ﷺ)said, "Whenever you hear the Adhan, say what the Mu'adh-dhin is saying.

التخریج (صحیح بخاری / کتاب: اذان کے مسائل کے بیان میں / باب: اس بارے میں کہ اذان کا جواب کس طرح دینا چاہیے۔ حدیث نمبر: 611، صحیح مسلم /

- اذان کے بعد کی دعاء اور ((**إِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادِ**)) کا اضافہ ثابت نہیں۔

دعاء میں اضافہ ((**إِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادِ**)) کے تئیں شیخ ارشد بشیر مدنی حفظہ اللہ کے ملاحظات

اذان اور اقامت کے درمیان دعاء رد نہیں ہوتی۔

اذان کے دوران اور بعد پڑھی جانے والی دعاء۔

Adhan ke dauraan aur ba ad padhi jane waali dua

Supplications related to the athan (the call to prayer)

أذكار الأذان

موذن کے الفاظ ہی دہرائے جائیں گے، سوائے حیعلہ

موذن کے الفاظ ہی دہرائے جائیں گے، سوائے "حي علی الصلاة ، وحي علی الفلاح" کہ کیونکہ ان دو مقامات پر "لا حول ولا قوة إلا بالله" کہا جائے گا:

- موذن کے ((**أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ**)) کے جواب میں کیا دعاء پڑھیں؟

موذن کے

((**أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيکَ لَهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ**))

کے موقع پر:

((**وَأَنَا أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيکَ لَهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، رَضِيتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَبِمُحَمَّدٍ رَسُولًا وَبِالْإِسْلَامِ دِينًا**))[50]

نماز کے احکام و مسائل / باب: اذن سننے والے کے لئے اسی طرح کہنا چاہیے جس طرح مؤذن نے کہا اور پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیج کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے وسیلہ کی دعا کرنے کا استحباب۔ حدیث نمبر: 383)

[50] صحیح مسلم: 386[851]۔

Wa Ana Ashadu An La Ilaha Illallah, Wahdahu La Sharika Lahu, Wa Anna Muhammadan Abduhu Wa Rasuluhu, Radittu Billahi Rabban Wa Bil-Islam Dinan, Wa Bi Muhammadin Rasulan)

'I too testify that none has the right to be worshiped but Allah, Alone without partners, and that Muhammad is His slave and Messenger, I am pleased with Allah as my Lord, with Islam as my religion and Muhammad as a Messenger'.

"اور میں بھی گواہی دیتا ہوں کہ کوئی معبود برحق نہیں سوائے اللہ کے، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور محمد ﷺ اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں اور میں اللہ کے رب ہونے اور اسلام کے دین

حدیث

((عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: " مَنْ قَالَ حِينَ يَسْمَعُ الْمُؤَذِّنَ: وَأَنَا أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، رَضِيتُ بِاللَّهِ رَبًّا وَبِمُحَمَّدٍ رَسُولًا وَبِالْإِسْلَامِ دِينًا، غُفِرَ لَهُ ذَنْبُهُ "))

سیدنا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے مؤذن کی اذان سن کر کہا: «وأنا أشهد أن لا إله إلا الله وحده لا شريك له وأن محمدا عبده ورسوله رضيت بالله ربا وبمحمد رسولا وبالإسلام دينا» "اور میں بھی گواہی دیتا ہوں کہ کوئی معبود برحق نہیں سوائے اللہ کے، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور محمد ﷺ اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں اور میں اللہ کے رب ہونے اور اسلام کے دین ہونے اور محمد ﷺ کے رسول ہونے پر راضی ہوں" تو اس کے (صغیرہ) گناہ بخش دیے جائیں گے۔

Sa'd bin Abi Waqqas narrated that: Allah's Messenger said: "Whoever says, when he hears the Mu'adh-dhin: (Wa Ana Ashadu An La Ilaha Illallah, Wahdahu La Sharika Lahu, Wa Anna Muhammadan Abduhu Wa Rasuluhu, Radittu Billahi Rabban Wa Bil-Islam Dinan, Wa Bi Muhammadin Rasulan) 'I too testify that none has the right to be worshiped but Allah, Alone without partners, and that Muhammad is His slave and Messenger, I am pleased with Allah as my Lord, with Islam as my religion and Muhammad as a Messenger.' - Allah will pardon his sins for him".

التخریج (سنن ترمذی / کتاب: نماز کے احکام و مسائل / باب: مؤذن اذان دے چکے تو آدمی کون سی دعا پڑھے؟، حدیث نمبر: 210، صحیح مسلم / الصلاۃ 7 (386)، سنن ابی داود / الصلاۃ 36 (525)، سنن النسائی / الأذان 38 (680)، سنن ابن ماجہ / الأذان 4 (721)، (تحفۃ الأشراف: 3877)، مسند احمد (1/181)، شیخ البانی رحمہ اللہ نے ابن ماجۃ (721) میں اس حدیث کو صحیح قرار دیا)

ہونے اور محمد ﷺ کے رسول ہونے پر راضی ہوں"۔

❖ حیعلہ کے موقع پر لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ

تاہم حیعلہ یعنی **حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ** اور **حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ** کے موقع پر **"لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ"** کہیں گے۔[51]

---

[51] صحیح مسلم:385۔

حدیث

((عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ جَدِّهِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " إِذَا قَالَ الْمُؤَذِّنُ: اللَّهُ أَكْبَرُ، اللَّهُ أَكْبَرُ، فَقَالَ أَحَدُكُمْ: اللَّهُ أَكْبَرُ، اللَّهُ أَكْبَرُ، ثُمَّ قَالَ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، قَالَ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، ثُمَّ قَالَ: أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ، قَالَ: أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ، ثُمَّ قَالَ: حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، قَالَ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ، ثُمَّ قَالَ: حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ، قَالَ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ، ثُمَّ قَالَ: اللَّهُ أَكْبَرُ، اللَّهُ أَكْبَرُ، قَالَ: اللَّهُ أَكْبَرُ، اللَّهُ أَكْبَرُ، ثُمَّ قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، مِنْ قَلْبِهِ دَخَلَ الْجَنَّةَ "))

سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہا: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جب مؤذن (اللَّهُ أَكْبَرُ - اللَّهُ أَكْبَرُ) کہے تو تم میں سے (ہر) ایک (اللَّهُ أَكْبَرُ - اللَّهُ أَكْبَرُ) کہے، پھر وہ (مؤذن) کہے: (: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ) تو وہ بھی کہے: (: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ) پھر (مؤذن) (أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ) کہے تو وہ (أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ) کہے، پھر وہ (مؤذن) (حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ) کہے تو وہ (لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ)، پھر مؤذن (حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ) کہے، تو وہ (لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ) کہے، پھر (مؤذن) (اللَّهُ أَكْبَرُ - اللَّهُ أَكْبَرُ) کہے، (تو تم ایسا یہی کہنا) پھر (مؤذن) (: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ) کہے تو وہ بھی اپنے دل سے (: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ) کہے تو وہ جنت میں داخل ہو گا۔"

Umar b. al-Khattab reported: The Messenger of Allah(ﷺ)said: When the Mu'adhdhin says: Allah is the Greatest, Allah is the Greatest, and one of you should make this response: Allah is the Greatest, Allah is the Greatest; (and when the Mu'adhdhin) says: I testify that there is no god but Allah, one should respond: I testify that there is no god but Allah, and when he says: I testify that Muhammad is the Messenger of Allah, one should make a response: I testify that Muhammad is Allah's Messenger. When he (the Mu'adhdhin) says: Come to prayer, one should make a response: There is no might and no power except with Allah. When he (the Mu'adhdhin) says: Come to salvation, one should respond: There is no might and no power except with Allah, and when he (the Mu'adhdhin) says: Allah is the Greatest, Allah is the Greatest, then make a response: Allah is the Greatest, Allah is the Greatest. When he (the Mu'adhdhin) says: There is no god but Allah, and he who makes a re- sponse from the heart: There is no god but Allah, he will enter Paradise.

التخریج (صحیح مسلم / نماز کے احکام و مسائل / باب: اذان سننے والے کے لئے اسی طرح کہنا چاہیے جس طرح مؤذن نے کہا اور پھر نبی ﷺ پر درود بھیج کر

❖ موذن کی اذان کا جواب دینے کے بعد نبی ﷺ پر درود و سلام پڑھا جائے۔[52]

آپ ﷺ کے لئے وسیلہ کی دعا کرنے کا استحباب۔ حدیث نمبر:385)

[52] صحیح مسلم:849۔
((عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ : " أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: إِذَا سَمِعْتُمُ الْمُؤَذِّنَ، فَقُولُوا مِثْلَ مَا يَقُولُ، ثُمَّ صَلُّوا عَلَيَّ، فَإِنَّهُ مَنْ صَلَّى عَلَيَّ صَلَاةً، صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ بِهَا عَشْرًا، ثُمَّ سَلُوا اللَّهَ لِي الْوَسِيلَةَ، فَإِنَّهَا مَنْزِلَةٌ فِي الْجَنَّةِ، لَا تَنْبَغِي إِلَّا لِعَبْدٍ مِنْ عِبَادِ اللَّهِ، وَأَرْجُو أَنْ أَكُونَ أَنَا هُوَ، فَمَنْ سَأَلَ لِي الْوَسِيلَةَ، حَلَّتْ لَهُ الشَّفَاعَةُ "))
سیدنا عبد اللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا ہے: "جب مؤذن کی اذان سنو تو تم وہی کہو جو مؤذن کہتا ہے پھر مجھ پر درود پڑھو کیونکہ جو کوئی مجھ پر ایک مرتبہ درود پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس پر اپنی دس رحمتیں نازل فرماتا ہے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے میرے لئے وسیلہ مانگو کیونکہ وسیلہ دراصل جنت میں ایک مقام ہے، جو اللہ کے بندوں میں سے ایک بندہ کو دیا جائے گا اور مجھے امید ہے کہ وہ بندہ میں ہی ہوں گا اور جو کوئی میرے لیے وسیلہ (مقام محمود) طلب کرے گا اس کے لیے میری شفاعت واجب ہو جائے گی۔"
'Abdullah b. Amr b. al-As reported Allah's Messenger(ﷺ)as saying: When you hear the Mu'adhdhin, repeat what he says, then invoke a blessing on me, for everyone who invokes a blessing on me will receive ten blessings from Allah; then beg from Allah al-Wasila for me, which is a rank in Paradise fitting for only one of Allah's servants, and I hope that I may be that one. If anyone who asks that I be given the Wasila, he will be assured of my intercession.
التخریج (صحیح مسلم / نماز کے احکام و مسائل / باب: اذن سننے والے کے لئے اسی طرح کہنا چاہیے جس طرح مؤذن نے کہا اور پھر نبی ﷺ پر درود بھیج کر آپ ﷺ کے لئے وسیلہ کی دعا کرنے کا استحباب۔ حدیث نمبر:849)

حدیث

عن علی رضی الله عنه قال قال رسول الله ﷺ :((كُلُّ دُعَاءٍ مَحْجُوبٌ، حَتَّى يُصَلَّى عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ))
سیدنا علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اس وقت تک دعا قبول نہیں ہوتی جب تک نبی ﷺ پر درود نہ بھیجا جائے۔
التخریج (سلسلۃ احادیث الصحیحۃ للالبانی، فضائل قرآن، دعائیں، اذکار، دم، قبولیت دعا کے لیے درود کی حیثیت، حدیث نمبر:3007، ترقیم البانی:2035)

حدیث

((عن عبدالله بن مسعود رضى الله عنه قال :إذا أراد أحدكم أن يسأل؛ فليبدأ بالمدحة والثناء على الله بما هو أهله، ثم ليصل على النبي صلى الله عليه وسلم ثم ليسأل بعد؛ فإنه أجدر أن ينجح))
سیدنا عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب کوئی آدمی (اللہ تعالیٰ سے) سوال کرنے لگے تو وہ پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا، جو اس کے لائق ہے، بیان کرے، پھر نبی ﷺ پر درود بھیجے، اس کے بعد دعا کرے۔ اس طرح کرنے سے ممکن ہو گا کہ وہ کامیاب ہو جائے (اور اپنی مطلوبہ چیز پالے)۔
التخریج (سلسلۃ احادیث الصحیحۃ للالبانی، آداب اور اجازت طلب کرنا، دعا کے آداب، حدیث نمبر:2612، یہ موقوف حدیث، مرفوع کے حکم میں ہے۔ ترقیم البانی:3204)

❖ اذان کے بعد کی دعاء اور ((إِنَّكَ لا تُخْلِفُ الْمِيْعَادِ)) کا اضافہ ثابت نہیں:

((اللَّهُمَّ رَبَّ هَذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلَاةِ الْقَائِمَةِ آتِ مُحَمَّدًا الْوَسِيلَةَ وَالْفَضِيلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَحْمُودًا الَّذِي وَعَدْتَهُ))[53]

'Allahumma Rabba hadhihi-dda` watit-tammah, was-salatil qa'imah, ati Muhammadan al-wasilata wal-fadilah, wa b`ath-hu maqaman mahmudan-il-ladhi wa`adtahu'

O Allah! Lord of this perfect call (perfect by not ascribing partners to You) and of the regular prayer which is going to be established, give Muhammad the right of intercession and illustriousness, and resurrect him to the best and the highest place in Paradise that You promised him.

((إِنَّكَ لا تُخْلِفُ الْمِيْعَادِ)) ثابت نہیں۔[54]

---

[53] صحیح البخاری:614۔

[54] حدیث ((عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " مَنْ قَالَ حِينَ يَسْمَعُ النِّدَاءَ، اللَّهُمَّ رَبَّ هَذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلَاةِ الْقَائِمَةِ آتِ مُحَمَّدًا الْوَسِيلَةَ وَالْفَضِيلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَحْمُودًا الَّذِي وَعَدْتَهُ، حَلَّتْ لَهُ شَفَاعَتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ "))

سیدنا جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ: "جو شخص اذان سن کر یہ کہے « اللَّهُمَّ رَبَّ هَذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلَاةِ الْقَائِمَةِ آتِ مُحَمَّدًا الْوَسِيلَةَ وَالْفَضِيلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَحْمُودًا الَّذِي وَعَدْتَهُ » اسے قیامت کے دن میری شفاعت ملے گی"۔

Narrated Jabir bin `Abdullah: Allah's Apostle said, "Whoever after listening to the Adhan says, 'Allahumma Rabba hadhihi-dda` watit-tammah, was-salatil qa'imah, ati Muhammadan al-wasilata wal-fadilah, wa b`ath-hu maqaman mahmudan-il-ladhi wa`adtahu' [O Allah! Lord of this perfect call (perfect by not ascribing partners to You) and of the regular prayer which is going to be established, give Muhammad the right of intercession and illustriousness, and resurrect him to the best and the highest place in Paradise that You promised him (of)], then my intercession for him will be allowed on the Day of Resurrection."

ملاحظة

دعاء میں اضافہ إِنَّكَ لا تُخْلِفُ الـمِيْعَادِ کے تئیں شیخ ارشد بشیر مدنی حفظہ اللہ کے ملاحظات

موقف 1:

"إِنَّكَ لا تُخْلِفُ الـمِيْعَادِ" ان کلمات کے اضافہ کے ضمن میں شیخ بن باز رحمۃ اللہ علیہ (مجموع فتاوی و مقالات) شیخ ابن عثیمین رحمۃ اللہ علیہ (مجموع کتب و رسائل: س 15 / المجلد: 12، اسباب الشفاعۃ، ص: 410)

ابن القیم رحمۃ اللہ علیہ (زاد المعاد: 357/2) نے کہا کہ ثقہ کی طرف سے زیادتی مقبول ہے۔

موقف 2:

جب کہ شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ (ارواء الغلیل: 261)، شیخ مقبل الوداعی رحمۃ اللہ علیہ (اجابۃ السائل: 443)، شیخ ربیع المدخلی رحمۃ اللہ علیہ: قال فی تحقیقه لکتاب قاعدة جليلة فی التوسل و الوسيلة--- عند حاشية الحديث :208) اور شیخ صالح آل شيخ رحمه الله (شرح العقيدة الواسطية) اثابهم الله اجمعين نے کہا کہ یہ اضافہ شاذ ہونے کی وجہ سے اور نساخ کی طرف سے اضافہ و مدرج ہونے کی بنیاد پر ضعیف ہے۔

تحقیق کے بعد اسی پر اطمینان ہوتا ہے کہ یہ اضافہ ثابت نہیں ہے: ارواء الغلیل: 261۔

(واللہ اعلم بالصواب)

التخریج (صحیح بخاری / کتاب: اذان کے مسائل کے بیان میں / باب: اذان کی دعا کے بارے میں۔ حدیث نمبر: 614)

❖ (دعاء کا جملہ "إِنَّكَ لا تُخْلِفُ الـمِيْعَادِ" امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ (410/1) نے روایت کیا ہے اور علامہ عبد العزیز بن باز رحمۃ اللہ علیہ نے "تحفۃ الأخیار (ص 38)" میں اس حدیث کی سند کو حسن قرار دیا۔ ملاحظہ فرمائیں: سلسلۃ الأحادیث الضعیفۃ "(293/11)، اور "الإرواء" (160/1)۔

فتاوی نور علی الدرب لابن باز، صفحہ یا نمبر: 357/6، شیخ بن باز رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کی سند کو حسن قرار دیا۔

https://www.dorar.net/h/b552abc61bcaf42b3f16e91a2f335070

اذان اور اقامت کے درمیان دعاء رد نہیں ہوتی۔[55]

(16) تکبیر تحریمہ کے بعد پڑھی جانے والی دعائیں

Takbeere tahreemah ke baad padhi jaane waali duaein

Supplication at the start of the prayer after takbeer

دعاء الاستفتاح

نمازی قبلہ رخ سیدھا کھڑا ہو کر ہاتھوں کو کندھوں تک اٹھاتے ہوئے تکبیر تحریمہ کہے:

((اللّٰهُ أَكْبَرُ))[56]

"اللہ تعالی سب سے بڑا ہے۔"

Allahu akbar

Allah is the greatest

---

[55] ((عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " الدُّعَاءُ لَا يُرَدُّ بَيْنَ الْأَذَانِ وَالْإِقَامَةِ "))

سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اذان اور اقامت کے درمیان کی دعا رد نہیں کی جاتی"۔

Anas [bin Malik] narrated that the Prophet(ﷺ)said: The supplication is not rejected between the Adhan and the Iqamah".

التخریج (سنن ترمذی / کتاب: نماز کے احکام ومسائل / باب: اذان اور اقامت کے درمیان کی دعا رد نہیں ہوتی۔ حدیث نمبر: 212، سنن ابی داود / الصلاۃ 35 (521)، (تحفة الأشراف: 1594)، مسند احمد (3/119)، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے صحیح، المشکاۃ (671)، الإرواء (244)، صحیح ابی داود (534) میں اس حدیث کو صحیح قرار دیا)

[56] سنن ابن ماجہ: 803، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو صحیح کہا ہے۔

❖ پہلی دعاء:

((اللَّهُمَّ بَاعِدْ بَيْنِي وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ، اللَّهُمَّ نَقِّنِي مِنَ الْخَطَايَا كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْأَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ، اللَّهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَايَ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ))[57]

"اے اللہ! میرے اور میرے گناہوں کے درمیان اتنی دوری کر جتنی مشرق اور مغرب میں ہے۔ اے اللہ! مجھے گناہوں سے اس طرح پاک کر جیسے سفید کپڑا میل سے پاک ہوتا ہے۔ اے اللہ! میرے

---

[57] صحیح البخاری:744۔و صحیح مسلم:598۔

حدیث

((عن أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:" كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْكُتُ بَيْنَ التَّكْبِيرِ وَبَيْنَ الْقِرَاءَةِ إِسْكَاتَةً، قَالَ: أَحْسِبُهُ، قَالَ: هُنَيَّةً، فَقُلْتُ بِأَبِي وَأُمِّي يَا رَسُولَ اللَّهِ إِسْكَاتُكَ بَيْنَ التَّكْبِيرِ وَالْقِرَاءَةِ مَا تَقُولُ، قَالَ: أَقُولُ اللَّهُمَّ بَاعِدْ بَيْنِي وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ، اللَّهُمَّ نَقِّنِي مِنَ الْخَطَايَا كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْأَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ، اللَّهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَايَ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ"))

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا، انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تکبیر تحریمہ اور قرآت کے درمیان تھوڑی دیر چپ رہتے تھے۔ ابوزرعہ نے کہا میں سمجھتا ہوں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے یوں کہا یارسول اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر میرے ماں باپ فدا ہوں۔ آپ اس تکبیر اور قرآت کے درمیان کی خاموشی کے بیچ میں کیا پڑھتے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں پڑھتا ہوں «اللَّهُمَّ بَاعِدْ بَيْنِي وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ، اللَّهُمَّ نَقِّنِي مِنَ الْخَطَايَا كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْأَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ، اللَّهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَايَ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ» اے اللہ! میرے اور میرے گناہوں کے درمیان اتنی دوری کر جتنی مشرق اور مغرب میں ہے۔ اے اللہ! مجھے گناہوں سے اس طرح پاک کر جیسے سفید کپڑا میل سے پاک ہوتا ہے۔ اے اللہ! میرے گناہوں کو پانی، برف اور اولے سے دھوڈال۔


Narrated Abu Huraira: Allah's Apostle used to keep silent between the Takbir and the recitation of Qur'an and that interval of silence used to be a short one. I said to the Prophet "May my parents be sacrificed for you! What do you say in the pause between Takbir and recitation?" The Prophet said, "I say, 'Allahumma, baa`id baini wa baina khatayaya kama baa`adta baina l-mashriqi wa l-maghrib. Allahumma, naqqini min khatayaya kama yunaqqa th-thawbu l-abyadu mina d-danas. Allahumma, ighsil khatayaya bi l-maa'i wa th-thalji wa l-barad (O Allah! Set me apart from my sins (faults) as the East and West are set apart from each other and clean me from sins as a white garment is cleaned of dirt (after thorough washing). O Allah! "Wash off my sins with water, snow and hail.)

التخريج (صحیح بخاری / کتاب: اذان کے مسائل کے بیان میں («صفة الصلوة») / باب: اس بارے میں کہ تکبیر تحریمہ کے بعد کیا پڑھا جائے؟، حدیث نمبر: 744، صحیح مسلم / مسجدوں اور نماز کی جگہ کے احکام / باب: تکبیر تحریمہ اور قرآت کے بیچ کی دعاؤں کا بیان۔ حدیث نمبر: 598)

گناہوں کو پانی، برف اور اولے سے دھو ڈال۔"

"Allahumma, baa`id baini wa baina khatayaya kama baa`adta baina l-mashriqi wa l-maghrib. Allahumma, naqqini min khatayaya kama yunaqqa th-thawbu l-abyadu mina d-danas. Allahumma, ighsil khatayaya bi l-maa'i wa th-thalji wa l-barad"

"O Allah! Set me apart from my sins (faults) as the East and West are set apart from each other and clean me from sins as a white garment is cleaned of dirt (after thorough washing). O Allah! Wash off my sins with water, snow and hail".



❖ دوسری دعاء:

((سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ، وَتَبَارَکَ اسْمُکَ، وَتَعَالٰی جَدُّکَ، وَلَا إِلٰهَ غَیْرُکَ))[58]

---

[58] سنن ترمذی:243، صحیح۔

حَدِیث

((عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ قَالَ: "سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، وَتَبَارَكَ اسْمُكَ، وَتَعَالَى جَدُّكَ، وَلَا إِلَهَ غَيْرُكَ "))

ام المؤمنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز شروع کرتے تو « سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، وَتَبَارَكَ اسْمُكَ، وَتَعَالَى جَدُّكَ، وَلَا إِلَهَ غَيْرُكَ » کہتے۔

Aishah narrated: When the Prophet opened the Salat he would say: (Subhanaka Allahumma wa bihamdika wa tabarakasmuka, wa ta'ala jadduka wa la ilaha ghairuk)" 'Glorious You are O Allah, and with Your praise, and blessed is Your Name, and exalted is Your majesty, and none has the right to be worshipped but You'.

التخريج (سنن ترمذی / کتاب: نماز کے احکام و مسائل / باب: نماز شروع کرتے وقت کون سی دعا پڑھے ؟، حدیث نمبر: 243، سنن ابی داود / الصلاۃ 122 (776)، سنن ابن ماجہ / الإقامۃ 1 (806)، (تحفۃ الأشراف: 17885)، اسی طرح: 16041)، اس حدیث میں حارثہ بن ابی الرجال ضعیف ہیں، جیسا کہ

"اے اللہ! میں تیری حمد کے ساتھ تیری پاکیزگی بیان کرتا ہوں اور تیرا نام بہت بابرکت ہے اور تیری شان بلند ہے اور تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں۔"

"Subhanaka Allahumma wa bihamdika wa tabarakasmuka, wa ta'ala jadduka wa la ilaha ghairuk"

“Glorious You are O Allah, and with Your praise, and blessed is Your Name, and exalted is Your majesty, and none has the right to be worshipped but You".

تیسری دعاء:

((وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضَ حَنِيفًا وَمَا أَنَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ، إِنَّ صَلاتِي، وَنُسُكِي، وَمَحْيَايَ، وَمَمَاتِي، لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ، لَا شَرِيكَ لَهُ، وَبِذَلِكَ أُمِرْتُ وَأَنَا مِنَ الْمُسْلِمِينَ، اللَّهُمَّ أَنْتَ الْمَلِكُ، لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ، أَنْتَ رَبِّي وَأَنَا عَبْدُكَ، ظَلَمْتُ نَفْسِي، وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِي، فَاغْفِرْ لِي ذُنُوبِي جَمِيعًا، إِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا أَنْتَ، وَاهْدِنِي لِأَحْسَنِ الأَخْلَاقِ، لَا يَهْدِي لِأَحْسَنِهَا إِلَّا أَنْتَ، وَاصْرِفْ عَنِّي سَيِّئَهَا، لَا يَصْرِفُ عَنِّي سَيِّئَهَا إِلَّا أَنْتَ، لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ، وَالْخَيْرُ كُلُّهُ فِي يَدَيْكَ، وَالشَّرُّ لَيْسَ إِلَيْكَ، أَنَا بِكَ، وَإِلَيْكَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ، أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ))[59]

خود مؤلف نے کلام کیا ہے، لیکن سابقہ حدیث سے تقویت پا کر یہ صحیح ہے)، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے ابن ماجۃ (806) میں اس حدیث کو صحیح قرار دیا)

[59] صحیح مسلم:1812۔

حدیث

((عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ ، عَنِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ كَانَ إِذَا قَامَ إِلَى الصَّلَاةِ، قَالَ: " وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضَ حَنِيفًا وَمَا أَنَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ، إِنَّ صَلَاتِي، وَنُسُكِي، وَمَحْيَايَ، وَمَمَاتِي، لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ، لَا شَرِيكَ لَهُ، وَبِذَلِكَ أُمِرْتُ وَأَنَا مِنَ الْمُسْلِمِينَ، اللَّهُمَّ أَنْتَ الْمَلِكُ، لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ، أَنْتَ رَبِّي وَأَنَا عَبْدُكَ، ظَلَمْتُ نَفْسِي، وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِي، فَاغْفِرْ لِي ذُنُوبِي جَمِيعًا، إِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا أَنْتَ، وَاهْدِنِي لِأَحْسَنِ الأَخْلَاقِ، لَا يَهْدِي لِأَحْسَنِهَا إِلَّا أَنْتَ، وَاصْرِفْ عَنِّي سَيِّئَهَا، لَا يَصْرِفُ عَنِّي سَيِّئَهَا إِلَّا أَنْتَ، لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ، وَالْخَيْرُ كُلُّهُ فِي يَدَيْكَ، وَالشَّرُّ لَيْسَ إِلَيْكَ، أَنَا بِكَ، وَإِلَيْكَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ، أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ، وَإِذَا رَكَعَ، قَالَ: اللَّهُمَّ لَكَ رَكَعْتُ، وَبِكَ آمَنْتُ، وَلَكَ أَسْلَمْتُ،

خَشَعَ لَكَ سَمْعِي، وَبَصَرِي، وَمُخِّي، وَعَظْمِي، وَعَصَبِي، وَإِذَا رَفَعَ، قَالَ: اللَّهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ، مِلْءَ السَّمَاوَاتِ، وَمِلْءَ الأَرْضِ، وَمِلْءَ مَا بَيْنَهُمَا، وَمِلْءَ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ، وَإِذَا سَجَدَ، قَالَ: اللَّهُمَّ لَكَ سَجَدْتُ، وَبِكَ آمَنْتُ، وَلَكَ أَسْلَمْتُ، سَجَدَ وَجْهِي لِلَّذِي خَلَقَهُ وَصَوَّرَهُ وَشَقَّ سَمْعَهُ وَبَصَرَهُ، تَبَارَكَ اللَّهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِينَ، ثُمَّ يَكُونُ مِنْ آخِرِ مَا يَقُولُ بَيْنَ التَّشَهُّدِ وَالتَّسْلِيمِ: اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي مَا قَدَّمْتُ وَمَا أَخَّرْتُ، وَمَا أَسْرَرْتُ وَمَا أَعْلَنْتُ، وَمَا أَسْرَفْتُ وَمَا أَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّي، أَنْتَ الْمُقَدِّمُ، وَأَنْتَ الْمُؤَخِّرُ، لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ))

سیدنا علی مرتضیٰ بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز میں کھڑے ہوتے تو پڑھتے «وَجَّهْتُ وَجْهِىَ لِلَّذِى فَطَرَ السَّمَوَاتِ وَالأَرْضَ حَنِيفًا وَمَا أَنَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ إِنَّ صَلاَتِى وَنُسُكِى وَمَحْيَاىَ وَمَمَاتِى لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ لاَ شَرِيكَ لَهُ وَبِذَلِكَ أُمِرْتُ وَأَنَا مِنَ الْمُسْلِمِينَ اللَّهُمَّ أَنْتَ الْمَلِكُ لاَ إِلَهَ إِلاَّ أَنْتَ . أَنْتَ رَبِّى وَأَنَا عَبْدُكَ ظَلَمْتُ نَفْسِى وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِى فَاغْفِرْ لِى ذُنُوبِى جَمِيعًا إِنَّهُ لاَ يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلاَّ أَنْتَ وَاهْدِنِى لأَحْسَنِ الأَخْلاَقِ لاَ يَهْدِى لأَحْسَنِهَا إِلاَّ أَنْتَ وَاصْرِفْ عَنِّى سَيِّئَهَا لاَ يَصْرِفُ عَنِّى سَيِّئَهَا إِلاَّ أَنْتَ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ كُلُّهُ فِى يَدَيْكَ وَالشَّرُّ لَيْسَ إِلَيْكَ أَنَا بِكَ وَإِلَيْكَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ» یعنی "میں نے اپنا منہ اس کی طرف کیا جس نے آسمان وزمین بنایا ایک طرف کا ہو کر اور میں مشرکوں میں سے نہیں ہوں اور مسلمانوں میں سے ہوں۔ یا اللہ! تو بادشاہ ہے کوئی معبود نہیں مگر تو، تو میرا پالنے والا ہے اور میں تیرا غلام ہوں۔ میں نے اپنی جان پر ظلم کیا اور اپنے گناہوں کا اقرار کیا، سو میرے سب گناہوں کو بخش دے اس لیے کہ گناہوں کو کوئی نہیں بخشتا مگر تو اور سکھا دے مجھ کو اچھی عادتیں کہ نہیں سکھاتا ان کو مگر تو اور دور رکھ مجھ سے بری عادتیں نہیں دور رکھ سکتا ان کو مگر تو، میں تیری بارگاہ میں حاضر ہوں اور تیرا فرمانبردار ہوں اور ساری خوبی تیرے ہاتھوں میں ہے اور شر سے تیری طرف نزدیکی حاصل نہیں ہو سکتی (یا شر اکیلا تیری طرف منسوب نہیں ہوتا مثلاً «خالق القردة و الخنازير» نہیں کہا جاتا، یا «يا رب الشر» نہیں کہا جاتا یا شر تیری طرف نہیں چڑھتا جیسے کلمہ طیب اور عمل صالح چڑھتے ہیں یا کوئی مخلوق تیرے واسطے شر نہیں اگرچہ ہمارے لیے شر ہو کیوں کہ ہم بشر ہیں اس لیے کہ ہر چیز کو تو نے حکمت کے ساتھ بنایا ہے) میری توفیق تیری طرف سے ہے اور میری التجا تیری طرف ہے تو بڑی برکت والا ہے اور بلند ذات والا ہے۔ میں تجھ سے مغفرت مانگتا ہوں اور تیری طرف جھکتا ہوں اور جب رکوع کرتے تو پڑھتے «اللَّهُمَّ لَكَ رَكَعْتُ وَبِكَ آمَنْتُ وَلَكَ أَسْلَمْتُ خَشَعَ لَكَ سَمْعِى وَبَصَرِى وَمُخِّى وَعَظْمِى وَعَصَبِى» یعنی "یا اللہ! میں تیرے لیے جھکتا ہوں اور تجھ پر یقین رکھتا ہوں اور تیرا فرمانبردار ہوں۔ جھک گئے تیرے لیے میرے کان اور میری آنکھیں اور میرا مغز اور میری ہڈیاں اور میرے پٹھے۔" اور جب سر اٹھاتے تو پڑھتے «اللَّهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ مِلْءَ السَّمَوَاتِ وَمِلْءَ الأَرْضِ وَمِلْءَ مَا بَيْنَهُمَا وَمِلْءَ مَا شِئْتَ مِنْ شَىْءٍ بَعْدُ» یعنی "یا اللہ! اے ہمارے پروردگار! حمد تیرے ہی لیے ہے آسمانوں بھر اور زمین بھر اور ان کے درمیان بھر اور اس کے بعد جتنا تو چاہے اس بھر اور جب سجدہ کرتے تو کہتے «اللَّهُمَّ لَكَ سَجَدْتُ وَبِكَ آمَنْتُ وَلَكَ أَسْلَمْتُ سَجَدَ وَجْهِى لِلَّذِى خَلَقَهُ وَصَوَّرَهُ وَشَقَّ سَمْعَهُ وَبَصَرَهُ تَبَارَكَ اللَّهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِينَ» یعنی "اے اللہ!! میں نے تیرے لیے ہی سجدہ کیا اور تجھ پر یقین لایا اور میں تیرا فرمانبردار ہوں۔ میرے منہ نے اس کے لیے سجدہ کیا جس نے اسے بنایا ہے اور تصویر کھینچی ہے اور اس کے کان اور آنکھوں کو چیرا، بڑی برکت والا ہے سب بنانے والوں سے اچھا۔" پھر آخر میں تشہد اور سلام کے بیچ میں کہتے «اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِى مَا قَدَّمْتُ وَمَا أَخَّرْتُ وَمَا أَسْرَرْتُ وَمَا أَعْلَنْتُ وَمَا أَسْرَفْتُ وَمَا أَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّى أَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَأَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لاَ إِلَهَ إِلاَّ أَنْتَ» یعنی "یا اللہ! بخش مجھ کو جو میں نے آگے کیا اور جو میں نے پیچھے کیا اور جو چھپایا اور جو ظاہر کیا اور جو حد سے زیادہ کیا جو تو جانتا ہے مجھ سے بڑھ کر، تو سب سے پہلے تھا اور سب کے بعد رہے گا تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔"

'Ali b. Abu Talib reported that when the Messenger of Allah(ﷺ)got up at night for prayer he would say: I turn my face in complete devotion to One Who is the Originator of the heaven and the earth and I am not

”میں نے اپنا منہ اس کی طرف کیا جس نے آسمان و زمین بنایا ایک طرف کا ہو کر اور میں مشرکوں میں سے نہیں ہوں اور مسلمانوں میں سے ہوں۔ یا اللہ! تو بادشاہ ہے کوئی معبود نہیں مگر تو، تو میرا پالنے والا ہے اور میں تیرا غلام ہوں۔ میں نے اپنی جان پر ظلم کیا اور اپنے گناہوں کا اقرار کیا، سو میرے سب گناہوں کو بخش دے اس لیے کہ گناہوں کو کوئی نہیں بخشتا مگر تو اور سکھا دے مجھ کو اچھی عادتیں کہ نہیں سکھاتا ان کو مگر تو اور دور رکھ مجھ سے بری عادتیں نہیں دور رکھ سکتا ان کو مگر تو، میں تیری بارگاہ میں حاضر ہوں اور تیرا فرمانبردار ہوں اور ساری خوبی تیرے ہاتھوں میں ہے اور شر سے تیری طرف

---

of the polytheists. Verily my prayer, my sacrifice, my living and my dying are for Allah, the Lord of the worlds; There is no partner with Him and this is what I have been commanded (to profess and believe) and I am of the believers. O Allah, Thou art the King, there is no god but You, Thou art my Lord, and I am Thy bondman. I wronged myself and make a confession of my Sin. Forgive all my sins, for no one forgives the sins but You, and guide me in the best of conduct for none but You guideth anyone (in) good conduct. Remove sins from me, for none else but Thou can remove sins from me. Here I am at Thy service, and Grace is to You and the whole of good is in Thine hand, and one cannot get nearneststo You through evil. My (power as well as existence) is due to You (Thine grace) and I turn to You (for supplication). Thou art blessed and Thou art exalted. I seek forgiveness from You and turn to You in repentance: and when he would bow, he would say: O Allah, it is for You that I bowed. I affirm my faith in You and I submit to You, and submit humbly before You my hearing, my eyesight, my marrow, my bone, my sinew; and when he would raise his head, he would say: O Allah, our Lord, praise is due to You, (the praise) with which is filled the heavens and the earth, and with which is filled that (space) which exists between them, and filled with anything that Thou desireth afterward. And when he prostrated himself, he (the Holy Prophet) would say: O Allah, it is to You that I prostrate myself and it is in You that I affirm my faith, and I submit to You. My face is submitted before One Who created it, and shaped it, and opened his faculties of hearing and seeing. Blessed is Allah, the best of Creators; and he would then say between Tashahhud and the pronouncing of salutation: Forgive me of the earlier and later open and secret (sins) and that where I made transgression and that Thou knowest better than I. Thou art the First and the Last. There is no god, but You.

التخريج (صحیح مسلم / مسافروں کی نماز اور قصر کے احکام / باب: نماز اور دعائے شب۔ حدیث نمبر:1812)

نزدیکی حاصل نہیں ہو سکتی (یا شر اکیلا تیری طرف منسوب نہیں ہوتا مثلاً «خالق القردة و الخنازیر» نہیں کہا جاتا، یا «یا رب الشر» نہیں کہا جاتا یا شر تیری طرف نہیں چڑھتا جیسے کلمہ طیب اور عمل صالح چڑھتے ہیں یا کوئی مخلوق تیرے واسطے شر نہیں اگرچہ ہمارے لیے شر ہو کیوں کہ ہم بشر ہیں اس لیے کہ ہر چیز کو تو نے حکمت کے ساتھ بنایا ہے) میری توفیق تیری طرف سے ہے اور میری التجا تیری طرف ہے تو بڑی برکت والا ہے اور بلند ذات والا ہے۔ میں تجھ سے مغفرت مانگتا ہوں اور تیری طرف جھکتا ہوں۔

Wajjahtu wajhiya lillazee fatarassamaawaati wa larda haneefan wa maa ana minal mushrikeen, inna salaatee wa nusukee wa mahyaaya wa mamaatee lillahi rabbil aalameen laa shareeka lahoo wa bizaalika wa ana minal muslimeen Allahumma antal maliku laa ilaaha illaa ant, anta rabbee wa ana abduk, zalamtu nafsee wa ataraftu bizanbee fagfirlee zunoobee jamee aa, innahoo laa yagfiruzzunooba illaa ant, wa hdinee li ahsanil aqlaaq laa yahdee liahsanihaa illaa ant, wa srif annee sayyi ahaa laa yasrifu annee sayyi ahaa illaa ant, labbayk wa sa adaek wal khairu kulluhoo biyadayd, wa ssharru laysa ilaik wa ana bika wa ilayk astagfiruka wa atoobu ilaik

I turn my face in complete devotion to One Who is the Originator of the heaven and the earth and I am not of the polytheists. Verily my prayer, my sacrifice, my living and my dying are for Allah, the Lord of the worlds; There is no partner with Him and this is what I have been commanded (to profess and believe) and I am of the believers. O Allah, Thou art the King, there is no god but You, Thou art my Lord,

and I am Thy bondman. I wronged myself and make a confession of my Sin. Forgive all my sins, for no one forgives the sins but You, and guide me in the best of conduct for none but You guideth anyone (in) good conduct. Remove sins from me, for none else but Thou can remove sins from me. Here I am at Thy service, and Grace is to You and the whole of good is in Thine hand, and one cannot get nearneststo You through evil. My (power as well as existence) is due to You (Thine grace) and I turn to You (for supplication). Thou art blessed and Thou art exalted. I seek forgiveness from You and turn to You in repentance

❖ چوتھی دعاء:

((اللَّهُمَّ رَبَّ جِبْرَائِيلَ، وَمِيكَائِيلَ، وَإِسْرَافِيلَ، فَاطِرَ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ، عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ، أَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِکَ فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ، اهْدِنِي لِمَا اخْتُلِفَ فِيهِ مِنَ الْحَقِّ بِإِذْنِکَ، إِنَّکَ تَهْدِي مَنْ تَشَاءُ إِلَى صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ))[60]

---

[60] صحیح مسلم:1811۔

حَدِيث

((عن أَبِى سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ ، قَالَ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ، بِأَيِّ شَيْءٍ كَانَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْتَتِحُ صَلَاتَهُ، إِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ؟ قَالَتْ: كَانَ إِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ افْتَتَحَ صَلَاتَهُ " اللَّهُمَّ رَبَّ جِبْرَائِيلَ، وَمِيكَائِيلَ، وَإِسْرَافِيلَ، فَاطِرَ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ، عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ، أَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ، اهْدِنِي لِمَا اخْتُلِفَ فِيهِ مِنَ الْحَقِّ بِإِذْنِكَ، إِنَّكَ تَهْدِي مَنْ تَشَاءُ إِلَى صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ))

ابی سلمہ نے ام المؤمنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب رات کو اٹھتے تو اپنی نماز کے شروع میں کیا پڑھتے؟ انہوں نے فرمایا کہ «اللَّهُمَّ رَبَّ جِبْرَائِيلَ وَمِيكَائِيلَ وَإِسْرَافِيلَ فَاطِرَ السَّمَوَاتِ وَالأَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ أَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ اهْدِنِى لِمَا اخْتُلِفَ فِيهِ مِنَ الْحَقِّ بِإِذْنِكَ إِنَّكَ تَهْدِى مَنْ تَشَاءُ إِلَى صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ» یعنی "یا اللہ! پالنے والے جبرئیل علیہ السلام

”یا اللہ! پالنے والے جبرئیل علیہ السلام اور میکائیل علیہ السلام اور اسرافیل علیہ السلام کے (جبرائیل علیہ السلام اور میکائیل علیہ السلام دونوں رحمت کے فرشتے ہیں اور اسرافیل علیہ السلام ان کے اور اللہ کے بیچ میں رسول ہیں) آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے ظاہر اور پوشیدہ کے جاننے والے تو اپنے بندوں میں فیصلہ کرے گا جس میں وہ اختلاف کرتے ہیں۔ سیدھی راہ بتا جس میں لوگ اختلاف کرتے ہیں اپنے حکم سے بیشک تو ہی جسے چاہے سیدھی راہ بتاتا ہے۔“

Allahumma rabba jabraeel wa meekaaeel wa israafeel, faatiras samaawaati wa lard, aalimal gaibi wa shahaadah, anta tahkumu baina ibaadika feemaa kanoo fee yaktalifoon, ihdinee limaq tulifa feehi minal haqqi bi iznik innaka tahdee man tashaau ilaa siraatim mustaqeem

O Allah, Lord of Gabriel, and Michael, and Israfil, the Creator of the heavens and the earth, Who knowest the unseen and the seen; Thou decidest amongst Thy servants concerning their differences. Guide me

---

اور میکائیل علیہ السلام اور اسرافیل علیہ السلام کے (جبرائیل علیہ السلام اور میکائیل علیہ السلام دونوں رحمت کے فرشتے ہیں اور اسرافیل علیہ السلام ان کے اور اللہ کے بیچ میں رسول ہیں) آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے ظاہر اور پوشیدہ کے جاننے والے تو اپنے بندوں میں فیصلہ کرے گا جس میں وہ اختلاف کرتے ہیں۔ سیدھی راہ بتا جس میں لوگ اختلاف کرتے ہیں اپنے حکم سے بیشک تو ہی جسے چاہے سیدھی راہ بتاتا ہے۔“

'Abd al-Rahman b. 'Auf reported: I asked 'A'isha, the mother of the believers, (to tell me) the words with which the Messenger of Allah(ﷺ)commenced the prayer when he got up at night. She said: When he got up at night he would commence his prayer with these words: O Allah, Lord of Gabriel, and Michael, and Israfil, the Creator of the heavens and the earth, Who knowest the unseen and the seen; Thou decidest amongst Thy servants concerning their differences. Guide me with Thy permission in the divergent views (which the people) hold about Truth, for it is Thou Who guidest whom Thou wilt to the Straight Path.

التخریج (صحیح مسلم / مسافروں کی نماز اور قصر کے احکام / باب: نماز اور دعائے شب۔ حدیث نمبر: 1811)

with Thy permission in the divergent views (which the people) hold about Truth, for it is Thou Who guidest whom Thou wilt to the Straight Path.

((اللَّهُ أَكْبَرُ كَبِيرًا اللَّهُ أَكْبَرُ كَبِيرًا اللَّهُ أَكْبَرُ كَبِيرًا، وَالْحَمْدُ لِلَّهِ كَثِيرًا وَالْحَمْدُ لِلَّهِ كَثِيرًا وَالْحَمْدُ لِلَّهِ كَثِيرًا، وَسُبْحَانَ اللَّهِ بُكْرَةً وَأَصِيلًا))[61]

---

[61] سنن ابو داود:764، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو ضعیف کہا ہے۔

حدیث

((عَنْ ابْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ رَأَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي صَلَاةً، قَالَ عَمْرٌو: لَا أَدْرِي أَيَّ صَلَاةٍ هِيَ، فَقَالَ: " اللَّهُ أَكْبَرُ كَبِيرًا اللَّهُ أَكْبَرُ كَبِيرًا اللَّهُ أَكْبَرُ كَبِيرًا، وَالْحَمْدُ لِلَّهِ كَثِيرًا وَالْحَمْدُ لِلَّهِ كَثِيرًا وَالْحَمْدُ لِلَّهِ كَثِيرًا، وَسُبْحَانَ اللَّهِ بُكْرَةً وَأَصِيلًا ثَلَاثًا، أَعُوذُ بِاللَّهِ مِنَ الشَّيْطَانِ مِنْ نَفْخِهِ وَنَفْثِهِ وَهَمْزِهِ، قَالَ: نَفْثُهُ الشِّعْرُ، وَنَفْخُهُ الْكِبْرُ، وَهَمْزُهُ الْمُوتَةُ"))

سیدنا جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز پڑھتے دیکھا (عمرو کہتے ہیں: مجھے نہیں معلوم کہ وہ کون سی نماز تھی؟) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین تین بار فرمایا: «الله أكبر كبيرا الله أكبر كبيرا الله أكبر كبيرا والحمد لله كثيرا والحمد لله كثيرا والحمد لله كثيرا وسبحان الله بكرة وأصيلا» ”اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ کے لیے بہت زیادہ تعریفیں ہیں، اللہ کے لیے بہت زیادہ تعریفیں ہیں، اللہ کے لیے بہت زیادہ تعریفیں ہیں اور میں صبح و شام اللہ کی پاکی بیان کرتا ہوں“، اور فرمایا: «أعوذ بالله من الشيطان من نفخه ونفثه وهمزه» ”میں شیطان کے کبر و غرور، اس کے اشعار و جادو بیانی اور اس کے وسوسوں سے اللہ کی پناہ طلب کرتا ہوں“۔ عمرو بن مرہ کہتے ہیں: اس کا «نفث» شعر ہے، اس کا «نفخ» کبر ہے اور اس کا «همز» جنون یا موت ہے۔

((قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " يَأْتِي الشَّيْطَانُ أَحَدَكُمْ، فَيَقُولُ: مَنْ خَلَقَ كَذَا مَنْ خَلَقَ كَذَا حَتَّى، يَقُولَ: مَنْ خَلَقَ رَبَّكَ فَإِذَا بَلَغَهُ فَلْيَسْتَعِذْ بِاللَّهِ وَلْيَنْتَهِ))

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "تم میں سے کسی کے پاس شیطان آتا ہے اور تمہارے دل میں پہلے تو یہ سوال پیدا کرتا ہے کہ فلاں چیز کس نے پیدا کی، فلاں چیز کس نے پیدا کی؟ اور آخر میں بات یہاں تک پہنچاتا ہے کہ خود تمہارے رب کو کس نے پیدا کیا؟ جب کسی شخص کو ایسا وسوسہ ڈالے تو اللہ سے پناہ مانگنی چاہئے، شیطانی خیال کو چھوڑ دے۔"

Narrated Abu Huraira: Allah's Apostle said, "Satan comes to one of you and says, 'Who created so-and-so? 'till he says, 'Who has created your Lord?' So, when he inspires such a question, one should seek refuge with Allah and give up such thoughts".

التخریج (صحیح بخاری / کتاب: اس بیان میں کہ مخلوق کی پیدائش کیونکر شروع ہوئی / باب: ابلیس اور اس کی فوج کا بیان۔ حدیث نمبر: 3276، حدیث متعلقہ ابواب: شیطان کے وسوسوں سے پناہ مانگنے کی دعا۔ شیطانی وسوسوں پر اعوذ باللہ پڑھنا۔ صحیح مسلم / ایمان کے احکام و مسائل / باب: ایمان میں وسوسہ کا بیان اور وسوسہ آنے پر کیا کہنا چاہیے؟، حدیث نمبر: 343، نیز ملاحظہ فرمائیں: أبو داود (1/206)، ترمذي، صحيح الترمذي [1/77])

[184] صحیح بخاری: 608۔ و صحیح مسلم: 856۔

حدیث

((عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " إِذَا نُودِيَ لِلصَّلَاةِ أَدْبَرَ الشَّيْطَانُ وَلَهُ ضُرَاطٌ حَتَّى لَا يَسْمَعَ التَّأْذِينَ، فَإِذَا قَضَى النِّدَاءَ أَقْبَلَ حَتَّى إِذَا ثُوِّبَ بِالصَّلَاةِ أَدْبَرَ، حَتَّى إِذَا قَضَى التَّثْوِيبَ أَقْبَلَ حَتَّى يَخْطِرَ بَيْنَ الْمَرْءِ وَنَفْسِهِ، يَقُولُ اذْكُرْ كَذَا اذْكُرْ كَذَا لِمَا لَمْ يَكُنْ يَذْكُرُ حَتَّى يَظَلَّ الرَّجُلُ لَا يَدْرِي كَمْ صَلَّى))

ذکر واذکار اور قرآن مجید کی تلاوت کرے۔[185]

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جب نماز کے کے لیے اذان دی جاتی ہے تو شیطان پاد تا ہوا بڑی تیزی کے ساتھ پیٹھ موڑ کر بھاگتا ہے۔ تاکہ اذان کی آواز نہ سن سکے اور جب اذان ختم ہو جاتی ہے تو پھر واپس آجاتا ہے۔ لیکن جوں ہی تکبیر شروع ہوئی وہ پھر پیٹھ موڑ کر بھاگتا ہے۔ جب تکبیر بھی ختم ہو جاتی ہے تو شیطان دوبارہ آجاتا ہے اور نمازی کے دل میں وسوسے ڈالتا ہے۔ کہتا ہے کہ فلاں بات یاد کر فلاں بات یاد کر۔ ان باتوں کی شیطان یاددہانی کراتا ہے جن کا اسے خیال بھی نہ تھا اور اس طرح اس شخص کو یہ بھی یاد نہیں رہتا کہ اس نے کتنی رکعتیں پڑھی ہیں۔"

Narrated Abu Huraira: Allah's Apostle said, "When the Adhan is pronounced Satan takes to his heels and passes wind with noise during his flight in order not to hear the Adhan. When the Adhan is completed he comes back and again takes to his heels when the Iqama is pronounced and after its completion he returns again till he whispers into the heart of the person (to divert his attention from his prayer) and makes him remember things which he does not recall to his mind before the prayer and that causes him to forget how much he has prayed".

التخریج (صحیح بخاری / کتاب: اذان کے مسائل کے بیان میں / باب: اذان دینے کی فضیلت کے بیان میں۔ حدیث نمبر: 608، حدیث متعلقہ ابواب: اذان کی آواز سے شیطان کا دور بھاگنا۔ صحیح مسلم / نماز کے احکام و مسائل / باب: اذان کی فضیلت اور اذان سن کر شیطان کے بھاگنے کا بیان۔ حدیث نمبر: 856)

[185] صحیح مسلم: 780۔

حدیث

((عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، أَنّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: " لَا تَجْعَلُوا بُيُوتَكُمْ مَقَابِرَ، إِنَّ الشَّيْطَانَ يَنْفِرُ مِنَ الْبَيْتِ الَّذِي تُقْرَأُ فِيهِ سُورَةُ الْبَقَرَةِ))

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے گھروں کو قبرستان نہ بناؤ اس لئے کہ شیطان اس گھر سے بھاگ جاتا ہے جس میں سورۂ بقرہ پڑھی جاتی ہے۔

Abu Huraira reported Allah's Messenger(ﷺ)as saying: Do not make your houses as graveyards. Satan runs away from the house in which Surah Baqara is recited.

التخریج (صحیح مسلم / مسافروں کی نماز اور قصر کے احکام / باب: نفل نماز کا گھر میں مستحب اور مسجد میں جائز ہونا۔ حدیث نمبر: 780)

(46)تدبیر الٹ جانے پر بے بسی کی دعاء

taqdeer ulat jane per bebasi ki dua

Supplication when stricken with a mishap or overtaken by an affair

الدعاءحينمايقع مالايرضاه أو غلب على أمره

((**قَدَرُاللّٰهِ وَمَا شَاءَ فَعَلَ**))[186]



---

[186] صحیح مسلم:2664۔

حدیث

((عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " الْمُؤْمِنُ الْقَوِيُّ خَيْرٌ وَأَحَبُّ إِلَى اللَّهِ مِنَ الْمُؤْمِنِ الضَّعِيفِ، وَفِي كُلٍّ خَيْرٌ احْرِصْ عَلَى مَا يَنْفَعُكَ، وَاسْتَعِنْ بِاللَّهِ وَلَا تَعْجَزْ، وَإِنْ أَصَابَكَ شَيْءٌ فَلَا تَقُلْ: لَوْ أَنِّي فَعَلْتُ كَانَ كَذَا وَكَذَا، وَلَكِنْ قُلْ: قَدَرُ اللَّهِ وَمَا شَاءَ فَعَلَ، فَإِنَّ لَوْ تَفْتَحُ عَمَلَ الشَّيْطَانِ))

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”زبردست مسلمان (زبردست سے مراد وہ ہے جس کا ایمان قوی ہو، اللہ تعالیٰ پر بھروسا رکھتا ہو، آخرت کے کاموں میں ہمت والا ہو) اللہ کے نزدیک بہتر اور اللہ تعالیٰ کو زیادہ پسند ہے ناتواں مسلمان سے اور ہر ایک طرح کا مسلمان بہتر ہے، حرص کر ان کاموں کی جو تجھ کو مفید ہیں (یعنی آخرت میں کام دیں گے) اور مدد مانگ اللہ سے اور ہمت مت ہار اور تجھ پر کوئی مصیبت آئے تو یوں مت کہہ اگر میں ایسا کرتا تو یہ مصیبت کیوں آتی لیکن یوں کہہ اللہ تعالیٰ کی تقدیر میں ایسا ہی تھا جو اس نے چاہا کیا۔ اگر مگر کرنا شیطان کے لیے راہ کھولنا ہے۔“

Abu Huraira reported Allah's Messenger(ﷺ)as saying: A strong believer is better and is more lovable to Allah than a weak believer, and there is good in everyone, (but) cherish that which gives you benefit (in the Hereafter) and seek help from Allah and do not lose heart, and if anything (in the form of trouble) comes to you, don't say: If I had not done that, it would not have happened so and so, but say: Allah did that what He had ordained to do and your" if" opens the (gate) for the Satan.

التخریج (صحیح مسلم / تقدیر کا بیان / باب: تقدیر پر بھروسہ رکھنے کا حکم۔ حدیث نمبر:2664)

(47)نومولود کی مبارکباد اور مبارکباد سننے والا کیا جواب دے

nomoolood ki mubarakbaad aur mubarakbaad sunne waala kiya jawab de

Sunnah words of congratulations when a newborn arrives

تهنئة المولود له وجوابه

((بَارَکَ اللّٰهُ لَکَ فِي الْمَوْهُوبِ لَکَ،وَشَکَرْتَ الْوَاهِبَ،وَبَلَغَ أَشُدَّهُ،وَرُزِقْتَ بِرَّهُ))

"اللہ تعالی، تمہارے لئے اس بچہ میں برکت دے جو تمہیں عطا کیا گیاہے اور تم عطا کرنے والے کا شکر کرو اور (یہ بچہ) اپنی جوانی کی قوتوں کو پہنچے اور تمہیں اس کا حسن سلوک نصیب ہو۔"

مبارکباد سننے والا کیا جواب دے؟

((بارک الله لک وبارک علیک، وجزاک الله خیراً، ورزقک الله مثله، وأجزل ثوابک))

"اللہ تعالی تمہارے لئے برکت دے اور تم پر برکت فرمائے اور اللہ تعالی، تمہیں بہت بہتر بدلہ دے اور اللہ تعالی، تمہیں اس جیسا عطا فرمائے اور تمہارا ثواب بہت زیادہ کرے۔"

اس دعاء کی تحقیق[187]

---

[187] ابو معاویہ البروتی فرماتے ہیں:"اس دعاء کو امام نووی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب "الاذکار: باب استحباب التهنئةو جواب المهنا"میں ذکر کیا ہے اور اس کی نسبت سیدنا حسین رضی اللہ عنہ کی جانب کی ہے جو کہ درست نہیں، کیونکہ اس روایت میں ایک راوی "ہیثم بن جماز" جس کے علماء کی رائے ہے کہ وہ ضعیف ہے۔(ملاحظہ فرمائیں: الکامل فی الضعفاء: 101/7)، لسان المیزان: 204/6)

نیز اصحاب ملتقی الحدیث کے ابو العباس السالمی الاثری کا کہنا ہے کہ "اللہ تعالی، امام نووی رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ رحم و کرم کا معاملہ فرمائے اور شیخ قحطانی رحمۃ اللہ علیہ کی مغفرت فرمائے، کہ اس روایت میں اللہ تعالی کے لئے ایسا نام ثابت کیا گیا جو اس نے نہ اپنی کتاب میں ذکر کیا اور نہ ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی صحیح سنتوں سے ثابت ہے اور وہ نام "الواھب" ہے۔

http://www.ahlalhdeeth.com/vb/showthread.php?t=30896&highlight=%E5%D0%C7+%C3%CB%D1+%E3%CC%D1%CF+%CF%DA%C7%C1+%C8%E6%D1%DF+%C7%E1%E3%E6%E5%E6%C8

البتہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ اور ایوب بن ابو تیمیہ السختیانی رحمۃ اللہ علیہ سے یہ دعاء ثابت ہے:

((جَعَلَهُ اللّٰهُ مُبَارَكًا عَلَيْكَ وَعَلَى أُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ))[188]

---

188 کتاب الدعاء:945/294/1، للطبرانی، العیال:202/366/1، از ابن ابی الدنیا۔

امام حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کا قول:

((حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ طَارِقٍ، ثنا السَّرِيُّ بْنُ يَحْيَى، أَنَّ رَجُلًا مِمَّنْ كَانَ يُجَالِسُ الْحَسَنَ وُلِدَ لَهُ ابْنٌ فَهَنَّأَهُ رَجُلٌ فَقَالَ: لِيَهْنِكَ الْفَارِسُ، فَقَالَ الْحَسَنُ: «وَمَا يُدْرِيكَ أَنَّهُ فَارِسٌ لَعَلَّهُ نَجَّارٌ، لَعَلَّهُ خَيَّاطٌ» قَالَ: فَكَيْفَ أَقُولُ؟ قَالَ: «قُلْ جَعَلَهُ اللهُ مُبَارَكًا عَلَيْكَ وَعَلَى أُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ»)) واسناده حسن

(الدعاء للطبرانی، صفحہ:294،"باب كيف التهنئة بالمولود"رقم:945،946، الناشر: دار الکتب العلمیہ، بیروت، محقق: مصطفی عبد القادر عطا)

امام ایوب سختیانی رحمۃ اللہ علیہ کا قول:

((حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ خِدَاشٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، قَالَ: كَانَ أَيُّوبُ إِذَا هَنَّأَ بِمَوْلُودٍ قَالَ: " جَعَلَهُ اللهُ مُبَارَكًا عَلَيْكَ وَعَلَى أُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ)) واسناده حسن

(العیال لابن ابی دنیا، رقم:202، المحقق: د، نجم عبد الرحمن خلف، الناشر: دار ابن القیم، الدمام، السعودیۃ)

علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اس دعا کو ذکر کیا ہے:

((أَخْرَجَ ابن عساكر عَنْ كلثوم بن جوشن قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ عِنْدَ الحسن – وَقَدْ وُلِدَ لَهُ مَوْلُودٌ فَقِيلَ لَهُ: يَهْنِيكَ الْفَارِسُ، فَقَالَ الحسن: وَمَا يُدْرِيكَ أَفَارِسٌ هُوَ؟ قَالُوا: كَيْفَ تَقُولُ يَا أبا سعيد؟ قَالَ: تَقُولُ: بُورِكَ لَكَ فِي الْمَوْهُوبِ وَشَكَرْتَ الْوَاهِبَ وَرُزِقْتَ بِرَّهُ وَبَلَغَ أَشُدَّهُ.

وَأَخْرَجَ الطَّبَرَانِيُّ فِي الدُّعَاءِ مِنْ طَرِيقِ السري بن يحيى قَالَ: وُلِدَ لِرَجُلٍ وَلَدٌ فَهَنَّأَهُ رَجُلٌ فَقَالَ: لِيَهْنِكَ الْفَارِسُ، فَقَالَ الْحَسَنُ الْبَصْرِيُّ: وَمَا يُدْرِيكَ؟ قُلْ: جَعَلَهُ اللهُ مُبَارَكًا عَلَيْكَ وَعَلَى أُمَّةِ مُحَمَّدٍ، وَمِنْ طَرِيقِ حماد بن زيد قَالَ: كَانَ أيوب إِذَا هَنَّأَ رَجُلًا بِمَوْلُودٍ قَالَ: جَعَلَهُ اللهُ مُبَارَكًا عَلَيْكَ وَعَلَى أُمَّةِ مُحَمَّدٍ.))

(الحاوی للفتاوی للسیوطی:93/1،"باب العيد ،التهنئة بالمولود"، الناشر: دار الفکر، بیروت)

- ((وهذه الصيغة هي التي تصح عن الحسن البصري رحمه الله وهو قوله : "جعله الله مباركا عليك وعلى أمة محمد ". كما بين ذلك الشيخ يحيى بن علي الحجوري حفظه الله في تحقيقه لكتاب أصول الأماني بأصول التهاني للحافظ السيوطي رحمه الله. .))

اس دعاء کے بارے میں ابو عبد الرحمٰن یحیٰ بن علی الحجوری نے صحیح ہونے کا اشارہ دیا ہے۔(تحقیق کتاب اصول الامانی باصول التہانی للسیوطی رحمۃ اللہ علیہ)

فضیلۃ الشیخ ناصر بن سلیمان بن محمد العمر نے بھی اس کی سند کو حسن کہا ہے:

((والسلام على رسول الله وبعد: هذا الدعاء الذي ذكرتم يروى عن الحسن البصري رحمه الله، ولم يثبت عنه بسند صحيح، بل طرقه إليه شديدة الضعف، ولا أعلم أنه روي مرفوعاً أصلاً ، وإنما الذي ثبت في هذا المقام الدعاء والتبريك دون تخصيص بصيغة معينة . ففي صحيح البخاري عن أسماء رضي الله عنها قالت: (حملت بعبد الله بن

"اللہ تعالی، اس ("ہ" مذکر کے لئے اور مونث کے لئے "ھا") لڑکے کو تمہارے اور امت محمدیہ ﷺ کے لئے مبارک کرے"

ملاحظة

تحقیق: یہ حدیث مرفوع (یعنی نبی ﷺ سے ثابت) نہیں ہے اور نہ ہی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے ثابت ہونے پر کوئی اطمنان ہے۔

ابو معاویہ البروتی فرماتے ہیں: " اس دعاء کو امام نووی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب "الاذکار: باب استحباب التهنئةو جواب المهنا" میں ذکر کیا ہے اور اس کی نسبت سیدنا حسین رضی اللہ عنہ کی جانب کی ہے جو کہ درست نہیں، کیونکہ اس روایت میں ایک راوی "ہیثم بن جماز" جس کے علماء کی رائے ہے کہ وہ ضعیف ہے ۔(ملاحظہ فرمائیں: الکامل فی الضعفاء:101 /7)، لسان المیزان :

الزبير، فخرجت وأنا متم فأتيت المدينة فنزلت بقباء فولدته بقباء، ثم أتيت به النبي صلى الله عليه وسلم، فوضعته في حجره، ثم دعا بتمرة فمضغها ثم تفل في فيه، فكان أول شيء دخل جوفه ريق رسول الله صلى الله عليه وسلم، ثم حنكه بتمرة ثم دعا له وبرك عليه، وكان أول مولود ولد في الإسلام). وفي صحيح البخاري كذلك عن أبي موسى رضي الله عنه قال: (ولد لي غلام فأتيت به النبي صلى الله عليه وسلم فسماه إبراهيم، وحنَّكه بتمرة ودعا له بالبركة، ودفعه إليَّ، وكان أكبر ولد أبي موسى رضي الله عنه)، وقد ورد عند الطبراني في الدعاء من طريق السري بن يحيى رحمه الله قال:" وُلد لرجل ولد فهنَّأه رجلٌ فقال: لِيَهْنَك الفارسُ ، فقال الحسن البصري : وما يدريك ، قل : جعله الله مباركاً عليك وعلى أمة محمد صلى الله عليه وسلم "، و إسناده حسن. وجاء عن أيوب السختياني عند الطبراني في الدعاء، وابن أبي الدنيا في كتاب العيال من طريق حماد بن زيد قال : كان أيوب إذا هنأ رجلاً بمولود قال: جعله الله مباركاً عليك ، وعلى أمة محمد صلى الله عليه وسلم" . وصلى الله وسلم على نبينا محمد وآله وصحبه أجمعين.))

https://almoslim.net/node/٥٢٠٤١

نوٹ: مذکورہ دعا کا صیغہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ اور ایوب سختیانی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہیں البتہ یہ صیغے نبی کریم ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے منقول نہیں ہیں۔ واللہ اعلم

(تحقیق ماخوذ از کتاب "سنت نبوی ﷺ سے ماخوذ اذکار اور دعائیں حصن المسلم، مرتب: فضیلت الشیخ سعید علی القحطانی رحمۃ اللہ علیہ، بعض اضافی ملاحظات از فضیلت الشیخ ارشد بشیر مدنی حفظہ اللہ، بانی وڈائر کٹر "آسک اسلام پیڈیاڈاٹ کام)

(6/204

البتہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ اور ایوب بن ابو تمیمہ السختیانی رحمۃ اللہ علیہ سے یہ دعا ثابت ہے " جَعَلَهُ اللّٰهُ مُبَارَكًا عَلَيْكَ وَعَلَى أُمّةِ مُحَمّدٍ صَلّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلّمَ"-ترجمہ: اللہ اسے تمہارے اور امت محمدیہ کے لئے مبارک کرے۔(کتاب الدعاء للطبرانی: 1/ 294، [945]۔ العیال لابن ابی الدنیا: 1/ 202/ 366)

اس دعا کے بارے میں ابوعبدالرحمں یحیی بن علی الحجوری نے صحیح ہونے کا اشارہ کیا ہے۔(تحقیق کتاب اصول الامانی باصول التہانی للسیوطی رحمۃ اللہ علیہ)

(48)بچوں کو اللہ تعالی کی پناہ میں دینے کی دعاء

bachon ko Allah taala ki panaah mein dene ki dua

Placing children under Allah's protection

ما يعوذ به الأولاد

((أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللَّهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ))[189]

---

[189] صحیح بخاری: 3371۔

حدیث

((عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، قَالَ:" كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَوِّذُ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ، وَيَقُولُ: إِنَّ أَبَاكُمَا كَانَ يُعَوِّذُ بِهَا إِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللَّهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ))

سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم حسن و حسین رضی اللہ عنہما کے لیے پناہ طلب کیا کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ تمہارے بزرگ دادا (ابراہیم علیہ السلام) بھی ان کلمات کے ذریعہ اللہ کی پناہ اسماعیل علیہ السلام اور اسحاق علیہ السلام کے لیے مانگا کرتے تھے۔« أعوذ بكلمات الله التامة من كل شيطان وہامة ، ومن كل عين لامة »"میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کے پورے پورے کلمات کے ذریعہ ہر ایک شیطان سے اور ہر زہریلے جانور سے اور ہر نقصان پہنچانے والی نظر بد سے۔"

(49) بیمار پرسی کے وقت بیمار کے حق میں دی جانے والی دعائیں

beemaar pursi ke waqt beemaar ke haq mein di jane wali dua

When visiting the sick

الدعاءللمريض في عيادته

پہلی دعاء:

((لَا بَأْسَ طَهُورٌ إِنْ شَاءَ اللَّهُ))[190]

"کوئی فکر کی بات نہیں۔ ان شاء اللہ یہ مرض گناہوں سے پاک کرنے والا ہے۔"

Narrated Ibn `Abbas: The Prophet used to seek Refuge with Allah for Al-Hasan and Al-Husain and say: "Your forefather (i.e. Abraham) used to seek Refuge with Allah for Ishmael and Isaac by reciting the following: 'O Allah! I seek Refuge with Your Perfect Words from every devil and from poisonous pests and from every evil, harmful, envious eye"'.

(صحیح بخاری / کتاب: انبیاء علیہم السلام کے بیان میں، حدیث نمبر: 3371)

190 صحیح بخاری: 5656۔

حدیث

((عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا" أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَى أَعْرَابِيٍّ يَعُودُهُ، قَالَ: وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلَ عَلَى مَرِيضٍ يَعُودُهُ، فَقَالَ لَهُ: لَا بَأْسَ طَهُورٌ إِنْ شَاءَ اللَّهُ، قَالَ: قُلْتَ طَهُورٌ، كَلَّا بَلْ هِيَ حُمَّى تَفُورُ أَوْ تَثُورُ عَلَى شَيْخٍ كَبِيرٍ تُزِيرُهُ الْقُبُورَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:" فَنَعَمْ إِذًا))

سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک دیہاتی کے پاس اس کی عیادت کے لیے تشریف لے گئے۔ راوی نے بیان کیا کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کسی کی عیادت کو تشریف لے جاتے تو مریض سے فرماتے «لا بأس طهور إن شاء الله» "کوئی فکر کی بات نہیں۔ ان شاء اللہ یہ مرض گناہوں سے پاک کرنے والا ہے" لیکن اس دیہاتی نے آپ کے ان مبارک کلمات کے جواب میں کہا کہ آپ کہتے ہیں کہ یہ پاک کرنے والا ہے ہرگز نہیں بلکہ یہ بخار ایک بوڑھے پر غالب آگیا ہے اور اسے قبر تک پہنچا کے رہے گا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پھر ایسا ہی ہو گا۔

Narrated Ibn `Abbas: The Prophet went to visit a sick bedouin. Whenever the Prophet went to a patient, he used to say to him, "Don't worry, if Allah will, it will be expiation (for your sins):" The bedouin said, "You say expiation? No, it is but a fever that is boiling or harassing an old man and will lead him to his grave without his will." The Prophet said, "Then, yes, it is so".

التخريج (صحیح بخاری / کتاب: امراض اور ان کے علاج کے بیان میں / باب: گاؤں میں رہنے والوں کی عیادت کے لیے جانا۔ حدیث نمبر: 5656، حدیث متعلقہ ابواب: بیماری میں ناشکری کے الفاظ منہ سے نہیں نکالنے چاہئیں)

Don't worry, if Allah will, it will be expiation (for your sins)

دوسری دعاء:

((أَسْأَلُ اللّٰهَ الْعَظِيمَ، رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ أَنْ يَشْفِيَكَ))[191]

(سات مرتبہ)

"میں عظمت والے اللہ اور عظیم عرش کے مالک سے دعا کرتا ہوں کہ وہ تمہیں اچھا کر دے۔"

'I ask Allah the Magnificent, Lord of the Magnificent Throne to cure you'



---

[191] سنن ترمذی: 2083، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو صحیح کہا ہے۔

((عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: " مَا مِنْ عَبْدٍ مُسْلِمٍ يَعُودُ مَرِيضًا لَمْ يَحْضُرْ أَجَلُهُ فَيَقُولُ سَبْعَ مَرَّاتٍ: أَسْأَلُ اللَّهَ الْعَظِيمَ، رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ أَنْ يَشْفِيَكَ، إِلَّا عُوفِيَ))

سیدنا عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جو مسلمان بندہ کسی ایسے مریض کی عیادت کرے جس کی موت کا ابھی وقت نہ ہوا ہو اور سات بار یہ دعا پڑھے « أسأل الله العظيم رب العرش العظيم أن يشفيك » "میں عظمت والے اللہ اور عظیم عرش کے مالک سے دعا کرتا ہوں کہ وہ تمہیں اچھا کر دے" تو ضرور اس کی شفاء ہو جاتی ہے"۔

Ibn 'Abbas narrated that the Prophet (S.A.W) said: There is no Muslim worshiper who visits one who is ill - other than at the time of death - and he says seven times: As'alullah Al-'Azeem Rabbal 'Arshil 'Azeem an yashfik ('I ask Allah the Magnificent, Lord of the Magnificent Throne to cure you') except when he will be cured".

التخریج (سنن ترمذی / کتاب: طب (علاج و معالجہ) کے احکام و مسائل / باب: شفاء حاصل کرنے سے متعلق ایک اور باب۔ حدیث نمبر: 2083، سنن ابی داود / الجنائز 12 (3106) (تحفۃ الأشراف: 5628)، مسند احمد (1/ 239)، صحیح الجامع 5/ 180، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے المشکاۃ (1553)، الکلم الطیب (149) میں اس حدیث کو صحیح قرار دیا)

(50) بیمار پرسی کی فضیلت

beemaar pursi ki fazilath

Excellence of visiting the sick

فضل عيادة المريض

مریض کی عیادت کرنے کی فضیلت[192]

---

[192] سنن ابن ماجہ: 1442، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو صحیح کہا ہے۔

حدیث

((عَنْ عَلِيٍّ ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:" مَنْ أَتَى أَخَاهُ الْمُسْلِمَ عَائِدًا، مَشَى فِي خَرَافَةِ الْجَنَّةِ حَتَّى يَجْلِسَ، فَإِذَا جَلَسَ غَمَرَتْهُ الرَّحْمَةُ، فَإِنْ كَانَ غُدْوَةً صَلَّى عَلَيْهِ سَبْعُونَ أَلْفَ مَلَكٍ حَتَّى يُمْسِيَ، وَإِنْ كَانَ مَسَاءً صَلَّى عَلَيْهِ سَبْعُونَ أَلْفَ مَلَكٍ حَتَّى يُصْبِحَ))

سیدنا علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا: "جو شخص اپنے مسلمان بھائی کی عیادت کے لیے آئے وہ جنت کے کھجور کے باغ میں چل رہا ہے یہاں تک کہ وہ بیٹھ جائے، جب بیٹھ جائے، تو رحمت اسے ڈھانپ لیتی ہے، اگر صبح کے وقت عیادت کے لیے گیا ہو تو ستر ہزار فرشتے شام تک اس کے لیے دعا کرتے ہیں، اور اگر شام کا وقت ہو تو ستر ہزار فرشتے صبح تک اس کے لیے دعا کرتے ہیں"۔

It was narrated that ʻAli said: I heard the Messenger of Allah(ﷺ)say: ʻWhoever comes to his Muslim brother and visits him (when he is sick), he is walking among the harvest of Paradise until he sits down, and when he sits down he is covered with mercy. If it is morning, seventy thousand angels will send blessing upon him until evening, and if it is evening, seventy thousand angels will send blessing upon him until morning'".

التخريج (سنن ابن ماجہ / کتاب: صلاۃ جنازہ کے احکام و مسائل / باب: مریض کی عیادت کا ثواب۔ حدیث نمبر: 1442۔ تحفۃ الأشراف: 10211، مصباح الزجاجۃ: 511)، سنن ابی داود / الجنائز 7 (3098، 3099)، سنن الترمذی / الجنائز 2 (969)، مسند احمد (1 /97، 120)، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا)

(51)زندگی سے مایوس مریض کی دعائیں

zindagi se maayoos mareez ki dua

Supplication of the sick who have renounced all hope of life

دعاءالمريض الذي يئس من حياته

پہلی دعاء:

((**اللَّهُمَّ اغْفِرْلِي وَارْحَمْنِي وَأَلْحِقْنِي بِالرَّفِيقِ الأَعْلَى**))[193]

دوسری دعاء:

نبی ﷺ اپنی وفات کے وقت برتن میں رکھے ہوئے پانی میں اپنا ہاتھ ڈالتے اور اس ہاتھ کو اپنے چہرہ پر ملتے اور فرماتے "**لَاإِلَهَ إِلَّااللَّهُ إِنَّ لِلْمَوْتِ سَكَرَاتٍ**"[194]

---

[193] صحیح بخاری:2444۔

حدیث

((عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا، قَالَتْ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُسْتَنِدٌ إِلَيَّ يَقُولُ:" اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي وَارْحَمْنِي وَأَلْحِقْنِي بِالرَّفِيقِ الأَعْلَى))

عباد بن عبد اللہ بن زبیر نے بیان کیا کہ میں نے ام المؤمنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے سنا، انہوں نے بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا، نبی کریم ﷺ میرا سہارا لیے ہوئے تھے (مرض الموت میں) اور فرما رہے تھے « اللهم اغفر لي وارحمني وألحقني بالرفيق الأعلى »"اے اللہ! میری مغفرت فرما مجھ پر رحم کر اور مجھ کو اچھے رفیقوں (فرشتوں اور پیغمبروں) کے ساتھ ملا دے۔"

Narrated `Aisha: I heard the Prophet , who was resting against me, saying, "O Allah! Excuse me and bestow Your Mercy on me and let me join with the highest companions (in Paradise)." See Qur'an(4.69)

التخريج (صحیح بخاری / کتاب: امراض اور ان کے علاج کے بیان میں / باب: مریض کا موت کی تمنا کرنا منع ہے۔ حدیث نمبر:5674، حدیث متعلقہ ابواب: زندگی کے آخری لمحات میں یہ دعا مانگی چاہئے۔ مریض کو زندگی کے آخری لمحات میں یہ دعا مانگی چاہئے۔ صحیح مسلم / صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے فضائل و مناقب / باب: ام المؤمنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فضیلت۔ حدیث نمبر:2444)

[194] صحیح بخاری:6510۔

حدیث

((عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي ابْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ، أَنَّ أَبَا عَمْرٍو ذَكْوَانَ مَوْلَى عَائِشَةَ، أَخْبَرَهُ، أَنَّ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا كَانَتْ تَقُولُ: إِنّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ بَيْنَ يَدَيْهِ رَكْوَةٌ أَوْ عُلْبَةٌ فِيهَا مَاءٌ، يَشُكُّ عُمَرُ، فَجَعَلَ يُدْخِلُ يَدَيْهِ فِي الْمَاءِ، فَيَمْسَحُ بِهِمَا وَجْهَهُ وَيَقُولُ:" لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ إِنَّ لِلْمَوْتِ سَكَرَاتٍ"، ثُمَّ نَصَبَ يَدَهُ، فَجَعَلَ يَقُولُ:" فِي الرَّفِيقِ

تیسری دعاء:

((لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ))[195]

الْأَعْلَى"، حَتَّى قُبِضَ وَمَالَتْ يَدُهُ، قَالَ أَبُو عَبْد اللَّهِ: الْعُلْبَةُ مِنَ الْخَشَبِ، وَالرَّكْوَةُ مِنَ الْأَدَمِ))

عمر بن سعید نے بیان کیا، انہوں نے کہا مجھ کو ابن ابی ملیکہ نے خبر دی، انہیں عائشہ رضی اللہ عنہا کے غلام ابو عمرو ذکوان نے خبر دی کہ ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کہا کرتی تھیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (کی وفات کے وقت) آپ کے سامنے ایک بڑا پانی کا پیالہ رکھا ہوا تھا جس میں پانی تھا۔ یہ عمر کو شبہ ہوا کہ ہانڈی کا کونڈا تھا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنا ہاتھ اس برتن میں ڈالتے اور پھر اس ہاتھ کو اپنے چہرہ پر ملتے اور فرماتے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، بلاشبہ موت میں تکلیف ہوتی ہے، پھر آپ اپنا ہاتھ اٹھا کر فرمانے لگے « في الرفيق الأعلى » یہاں تک کہ آپ کی روح مبارک قبض ہو گئی اور آپ کا ہاتھ جھک گیا۔

Narrated `Aisha: There was a leather or wood container full of water in front of Allah's Apostle (at the time of his death). He would put his hand into the water and rub his face with it, saying, "None has the right to be worshipped but Allah! No doubt, death has its stupors." Then he raised his hand and started saying, "(O Allah!) with the highest companions." (See Qur'an 4:69) (and kept on saying it) till he expired ".and his hand dropped

التخريج (صحیح بخاری / کتاب: دل کو نرم کرنے والی باتوں کے بیان میں / باب: موت کی سختیوں کا بیان۔ حدیث نمبر: 6510)

[195] سنن ابن ماجة: 3794، شیخ البانی رحمہ اللہ نے اس کو صحیح کہا ہے۔

حدیث

((عَنِ الْأَغَرِّ أَبِي مُسْلِمٍ، قَالَ: أَشْهَدُ عَلَى أَبِي سَعِيدٍ، وَأَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّهُمَا شَهِدَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ قَالَ: " مَنْ قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَاللَّهُ أَكْبَرُ، صَدَّقَهُ رَبُّهُ، فَقَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا أَنَا وَأَنَا أَكْبَرُ، وَإِذَا قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ، قَالَ: يَقُولُ اللَّهُ: لَا إِلَهَ إِلَّا أَنَا وَحْدِي، وَإِذَا قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، قَالَ اللَّهُ: لَا إِلَهَ إِلَّا أَنَا وَحْدِي لَا شَرِيكَ لِي، وَإِذَا قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، قَالَ اللَّهُ: لَا إِلَهَ إِلَّا أَنَا لِيَ الْمُلْكُ وَلِيَ الْحَمْدُ، وَإِذَا قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ، قَالَ اللَّهُ: لَا إِلَهَ إِلَّا أَنَا وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِي، وَكَانَ يَقُولُ: مَنْ قَالَهَا فِي مَرَضِهِ ثُمَّ مَاتَ لَمْ تَطْعَمْهُ النَّارُ))

ابو مسلم خولانی رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے گواہی دی کہ ان دونوں کی موجودگی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جو « لا إله إلا الله والله أكبر » "اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں ہے، اللہ سب سے بڑا ہے"، کہتا ہے تو اس کا رب اس کی تصدیق کرتا ہے اور کہتا ہے: (ہاں) میرے سوا کوئی معبود برحق نہیں ہے، میں ہی سب سے بڑا ہوں، اور جب: « لا إله إلا الله وحده » "اللہ واحد کے سوا کوئی معبود برحق نہیں ہے"، کہتا ہے، تو آپ نے فرمایا: "اللہ کہتا ہے (ہاں) مجھ تنہا کے سوا کوئی معبود برحق نہیں، اور جب کہتا ہے: « لا إله إلا الله وحده لا شريك له » "اللہ واحد کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اس کا کوئی شریک وساجھی نہیں"، تو اللہ کہتا ہے، (ہاں) مجھ تنہا کے سوا کوئی معبود برحق نہیں، اور میرا کوئی شریک نہیں ہے، اور جب کہتا ہے: « لا إله إلا الله له الملك » "اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں، اسی کے لیے بادشاہت ہے اور اسی کے لیے حمد ہے"، تو اللہ کہتا ہے: کوئی معبود برحق نہیں مگر میں، میرے لیے ہی بادشاہت ہے اور میرے لیے ہی حمد ہے، اور جب کہتا ہے: « لا إله إلا الله ولا

حول ولا قوة إلا بالله » ”اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں ہے، اور گناہ سے بچنے اور بھلے کام کرنے کی طاقت نہیں ہے، مگر اللہ تعالیٰ کی توفیق سے“، تو اللہ کہتا ہے: (ہاں) میرے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور گناہوں سے بچنے اور بھلے کام کرنے کی قوت نہیں ہے مگر میری توفیق سے، اور آپ فرماتے تھے: جو ان کلمات کو اپنی بیماری میں کہے، اور مر جائے تو آگ اسے نہ کھائے گی“۔

Al-Agharr Abu Muslim narrated that he bears witness from Abu Sa'eed Al-Khudri and Abu Hurairah, that they bear witness that: the Prophet(ﷺ)said: "Whoever says: 'There is none worthy of worship except Allah, and Allah is the Greatest, (Lāilāha illallāh, wa Allāhu akbar)' His Lord affirms his statement and says: 'There is none worthy of worship except Me, and I am the Greatest,'and when he say: 'There is none worthy of worship except for Allah, Alone, (Lāilāha illallāh, waḥdahu)' Allah says: 'There is none worthy of worship except for Me and I am Alone.' And when he say: 'There is none worthy of worship except for Allah, Alone, without partner, (Lāilāha illallāh, waḥdahu lāsharīka lahu)' Allah says: 'There is none worthy of worship except Me, Alone, I have no partner.' And when he say: 'There is none worthy of worship except for Allah, to Him belongs all that exists, and to Him is the praise, (Lāilāha illallāh, lahul-mulku wa lahul-ḥamdu)' Allah says: 'There is none worthy of worship except Me, to Me belongs all that exists, and to Me is the praise.' And when he says: 'There is none worthy of worship except Allah, and there is no might or power except by Allah, (Lāilāha illallāh, wa lāḥawla wa lāquwwata illābillāh)' Allah says: 'There is none worthy of worship except Me, and there is no might or power except by Me.'" And he used to say: "Whoever says it in his illness, then dies, the Fire shall not consume him".

التخريج (سنن ترمذی / کتاب: مسنون ادعیہ و اذکار / باب: آدمی جب بیمار ہو تو کیا دعا پڑھے ؟، حدیث نمبر: 3430، سنن النسائی / عمل الیوم واللیلة 17 (30، 31)، 13 (348)، سنن ابن ماجہ / الأدب 54 (3794) (تحفة الأشراف: 3966، 12172)، شیخ البانی رحمہ اللہ نے ابن ماجة (3794) میں اس حدیث کو صحیح قرار دیا)

(52) قریب الموت کو تلقین کرنے کا حکم

qareebul moth ko talqeen karne ka hukm

Instruction for the one nearing death

تلقين المحتضر

جس کا آخری کلام « **لاإله إلاالله** » ہو گا وہ جنت میں داخل ہو گا۔[196]

(53) مصیبت کے وقت نعم البدل مانگنے کی دعاء

museebath ke waqt neymul badal mangne ki dua

Supplication for one afflicted by a calamity

دعاء من أصيب بمصيبة

((إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ، اللَّهُمَّ أْجُرْنِي فِي مُصِيبَتِي، وَأَخْلِفْ لِي خَيْرًا مِنْهَا))[197]

---

196 سنن ابی داود:3116، شیخ البانی رحمۃ اللہ نے اس کو صحیح کہا ہے۔

حدیث

((عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:" مَنْ كَانَ آخِرُ كَلَامِهِ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، دَخَلَ الْجَنَّةَ))

سیدنا معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جس کا آخری کلام "لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ" ہو گا وہ جنت میں داخل ہو گا"۔

Narrated Muadh bin Jabal: The Messenger of Allah ﷺ as saying: If anyone's last words are "There is no god but Allah" he will enter Paradise.

التخریج (سنن ابی داود / کتاب: جنازے کے احکام و مسائل / باب: قریب المرگ کو تلقین کرنے کا بیان۔ حدیث نمبر: 3116، اس حدیث کو صرف امام ابوداود رحمۃ اللہ علیہ ہی نے روایت کی اہے۔ تحفۃ الأشراف: 11357، مسند احمد (5/233، 247)، شیخ البانی رحمۃ اللہ نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا)

197 صحیح مسلم: 918۔

حدیث

((عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ ، أَنَّهَا قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: " مَا مِنْ مُسْلِمٍ تُصِيبُهُ مُصِيبَةٌ، فَيَقُولُ مَا أَمَرَهُ اللَّهُ: إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ، اللَّهُمَّ أْجُرْنِي فِي مُصِيبَتِي، وَأَخْلِفْ لِي خَيْرًا مِنْهَا، إِلَّا أَخْلَفَ اللَّهُ لَهُ خَيْرًا مِنْهَا " . قَالَتْ: فَلَمَّا مَاتَ أَبُو سَلَمَةَ، قُلْتُ: أَيُّ الْمُسْلِمِينَ خَيْرٌ مِنْ أَبِي سَلَمَةَ أَوَّلُ بَيْتٍ هَاجَرَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

وَسَلَّمَ، ثُمَّ إِنِّي قُلْتُهَا، فَأَخْلَفَ اللَّهُ لِي رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ: أَرْسَلَ إِلَيَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَاطِبَ بْنَ أَبِي بَلْتَعَةَ يَخْطُبُنِي لَهُ، فَقُلْتُ: إِنَّ لِي بِنْتًا وَأَنَا غَيُورٌ، فَقَالَ: أَمَّا ابْنَتُهَا فَنَدْعُو اللَّهَ أَنْ يُغْنِيَهَا عَنْهَا، وَأَدْعُو اللَّهَ أَنْ يَذْهَبَ بِالْغَيْرَةِ))

سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا تھا فرماتے تھے: ”کوئی مسلمان ایسا نہیں کہ اس کو مصیبت پہنچے اور وہ یہ کہے «إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ اللَّهُمَّ أْجُرْنِى فِى مُصِيبَتِى وَأَخْلِفْ لِى خَيْرًا مِنْهَا إِلاَّ أَخْلَفَ اللَّهُ لَهُ خَيْرًا مِنْهَا» جو اللہ نے حکم کیا ہے کہ سب اللہ کا مال ہیں اور ہم سب اسی کی طرف جانے والے ہیں۔ یا اللہ! مجھے اس مصیبت کا ثواب دے اور اس کے بدلہ میں اس سے اچھی عنایت فرما مگر اللہ تعالیٰ اس سے بہتر چیز اس کو دیتا ہے۔“ سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ جب ابوسلمہ (یعنی ان کے شوہر) انتقال کر گئے تو میں نے کہا: اب ان سے بہتر کون ہو گا، اس لئے کہ ان کا پہلا گھر تھا جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہجرت کی تھی۔ پھر میں نے یہی دعا پڑھی «إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ اللَّهُمَّ أْجُرْنِى فِى مُصِيبَتِى وَأَخْلِفْ لِى خَيْرًا مِنْهَا إِلاَّ أَخْلَفَ اللَّهُ لَهُ خَيْرًا مِنْهَا» تو اللہ تعالیٰ نے مجھے سیدنا ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کے بدلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو شوہر بنا دیا۔ کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے پاس سیدنا حاطب رضی اللہ عنہ بن ابی بلتعہ کو روانہ کیا۔ وہ مجھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا پیغام دینے آئے، میں نے عرض کیا کہ میری ایک بیٹی ہے اور مجھ میں غصہ ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”ان کی بیٹی کے لئے تو ہم اللہ سے دعا کریں گے کہ اللہ ان کو بیٹی کے فکر سے بے غم کر دے گا اور ان کے غصہ کے لئے ہم دعا کریں گے وہ اللہ کھو دے گا۔“

Umm Salama, the wife of the Messenger of Allah,(ﷺ)reported Allah's Messenger(ﷺ)as saying: If any servant (of Allah) who suffers a calamity says:" We belong to Allah and to Him shall we return; O Allah, reward me for my affliction and give me something better than it in exchange for it," ' Allah will give him reward for affliction, and would give him something better than it in exchange. She (Umm Salama) said: When Abu Salama died. I uttered (these very words) as I was commanded (to do) by the Messenger of Allah.(ﷺ)So Allah gave me better in exchange than him. i. e. (I was taken as the wife of) the Messenger of Allah.(ﷺ)

التخريج (صحیح مسلم / جنازے کے احکام و مسائل / باب: مصیبت کے وقت کیا کہنا چاہیئے؟، حدیث نمبر:918)

(54)میت کی آنکھیں بند کرتے وقت کی دعاء

mayyith ki aankhen band karte waqt ki dua

When closing the eyes of the deceased

الدعاء عند إغماض الميت

((**اللَّهُمَّ اغْفِرْ لفلان** (لفلان کی جگہ میت کا نام ذکر کریں اور میت، خاتون ہوں تو فلاں کی جگہ خاتون کا نام ذکر کریں اور ضمیرہ کی جگہ **ها** جیسے **درجته** کی جگہ **درجتها** اور و **اخلفه** کی جگہ **و اخلفها**، **عقبه** کی جگہ **عقبها**، **وله** کی جگہ **ولها**، **له** کی جگہ **لها**، **قبره** کی جگہ **قبرها** اور **له** کی جگہ **لها**)، **وَارْفَعْ دَرَجَتَهُ فِي الْمَهْدِيِّينَ، وَاخْلُفْهُ فِي عَقِبِهِ فِي الْغَابِرِينَ، وَاغْفِرْ لَنَا وَلَهُ يَا رَبَّ الْعَالَمِينَ، وَافْسَحْ لَهُ فِي قَبْرِهِ وَنَوِّرْ لَهُ فِيهِ**))[198]

---

[198] صحیح مسلم:920۔

حدیث

((عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ ، قَالَتْ: دَخَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى أَبِي سَلَمَةَ، وَقَدْ شَقَّ بَصَرُهُ فَأَغْمَضَهُ، ثُمَّ قَالَ: " إِنَّ الرُّوحَ إِذَا قُبِضَ تَبِعَهُ الْبَصَرُ، فَضَجَّ نَاسٌ مِنْ أَهْلِهِ، فَقَالَ: لَا تَدْعُوا عَلَى أَنْفُسِكُمْ إِلَّا بِخَيْرٍ، فَإِنَّ الْمَلَائِكَةَ يُؤَمِّنُونَ عَلَى مَا تَقُولُونَ "، ثُمَّ قَالَ: " اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِأَبِي سَلَمَةَ، وَارْفَعْ دَرَجَتَهُ فِي الْمَهْدِيِّينَ، وَاخْلُفْهُ فِي عَقِبِهِ فِي الْغَابِرِينَ، وَاغْفِرْ لَنَا وَلَهُ يَا رَبَّ الْعَالَمِينَ، وَافْسَحْ لَهُ فِي قَبْرِهِ وَنَوِّرْ لَهُ فِيهِ ".

سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابو سلمہ رضی اللہ عنہ کی عیادت کو آئے اور ان کی آنکھیں کھلی رہ گئی تھیں، پھر ان کو بند کر دیا اور فرمایا: "جب جان نکلتی ہے تو آنکھیں اس کے پیچھے لگی رہتی ہیں۔" اور لوگوں نے ان کے گھر میں رونا شروع کر دیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اپنے لئے اچھی ہی دعا کرو اس لئے کہ فرشتے آمین کہتے ہیں تمہاری باتوں پر۔" پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی «اللَّهُمَّ اغْفِرْ لأَبِى سَلَمَةَ وَارْفَعْ دَرَجَتَهُ فِى الْمَهْدِيِّينَ وَاخْلُفْهُ فِى عَقِبِهِ فِى الْغَابِرِينَ وَاغْفِرْ لَنَا وَلَهُ يَا رَبَّ الْعَالَمِينَ وَافْسَحْ لَهُ فِى قَبْرِهِ. وَنَوِّرْ لَهُ فِيهِ» "یااللہ! بخش دے ابو سلمہ کو اور بلند کر ان کا درجہ ہدایت والوں میں اور تو خلیفہ ہو جا ان کے باقی رہنے والے عزیزوں میں اور بخش دے ہم کو اور ان کو اے پالنے والے عالموں کے اور کشادہ کر ان کی قبر کو اور روشنی کر اس میں۔"

Umm Salama reported: The Messenger of Allah (may peace be upon came to Abu Salama (as he died). His eyes were fixedly open. He closed them, and then said: When the soul is taken away the sight follows it. Some of the people of his family wept and wailed. So he said: Do not supplicate for yourselves anything but good, for angels say" Amen" to what you say. He then said: O Allah, forgive Abu Salama, raise his

(55) نماز جنازہ کی دعائیں

namaaze janazah ki duaein

Supplication for the deceased at the funeral prayer

الدعاءللميت في الصلاةعليه

پہلی دعاء:

((اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ، وَعَافِهِ وَاعْفُ عَنْهُ، وَأَكْرِمْ نُزُلَهُ وَوَسِّعْ مُدْخَلَهُ، وَاغْسِلْهُ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ، وَنَقِّهِ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْأَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ، وَأَبْدِلْهُ دَارًا خَيْرًا مِنْ دَارِهِ، وَأَهْلًا خَيْرًا مِنْ أَهْلِهِ، وَزَوْجًا خَيْرًا مِنْ زَوْجِهِ، وَأَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ وَأَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، أَوْ مِنْ عَذَابِ النَّارِ)) [199]

---

degree among those who are rightly guided, grant him a successor in his descendants who remain. Forgive us and him, O Lord of the Universe, and make his grave spacious, and grant him light in it.

التخریج (صحیح مسلم / جنازے کے احکام ومسائل / باب: میت کی آنکھوں کو بند کرنا اور اس کے لئے دعا کرنے کا بیان۔ حدیث نمبر: 920)

[199] صحیح مسلم: 963۔

حدیث

((عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ ، يَقُولُ: صَلَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى جَنَازَةٍ، فَحَفِظْتُ مِنْ دُعَائِهِ وَهُوَ يَقُولُ: " اللَّهُمَّ اغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ، وَعَافِهِ وَاعْفُ عَنْهُ، وَأَكْرِمْ نُزُلَهُ وَوَسِّعْ مُدْخَلَهُ، وَاغْسِلْهُ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ، وَنَقِّهِ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْأَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ، وَأَبْدِلْهُ دَارًا خَيْرًا مِنْ دَارِهِ، وَأَهْلًا خَيْرًا مِنْ أَهْلِهِ، وَزَوْجًا خَيْرًا مِنْ زَوْجِهِ، وَأَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ وَأَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، أَوْ مِنْ عَذَابِ النَّارِ "، قَالَ: حَتَّى تَمَنَّيْتُ أَنْ أَكُونَ أَنَا ذَلِكَ الْمَيِّتَ))

سیدنا عوف بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک جنازہ پر نماز پڑھی اور میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا میں سے یہ لفظ یاد رکھے «اللَّهُمَّ اغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ وَعَافِهِ وَاعْفُ عَنْهُ وَأَكْرِمْ نُزُلَهُ وَوَسِّعْ مُدْخَلَهُ وَاغْسِلْهُ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّهِ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الأَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ وَأَبْدِلْهُ دَارًا خَيْرًا مِنْ دَارِهِ وَأَهْلاً خَيْرًا مِنْ أَهْلِهِ وَزَوْجًا خَيْرًا مِنْ زَوْجِهِ وَأَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ وَأَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ أَوْ مِنْ عَذَابِ النَّارِ» یعنی "یا اللہ! بخش اس کو اور رحم کر اس کو اور تندرستی دے اس کو، اور معاف کر اس کو، اور اپنی عنایت سے میزبانی کر اس کی، اس کا گھر (قبر) کشادہ کر، اور اس کو پانی اور برف اور اولوں سے دھو دے، اور اس کو گناہوں سے صاف کر دے، جیسے سفید کپڑا میل سے صاف ہو جاتا ہے اور اس کو اس گھر کے بدلے اس سے بہتر گھر دے، اور اس کے لوگوں سے بہتر لوگ دے اور اس کی بیوی سے بہتر بیوی دے، اور جنت میں لے جا اور عذاب قبر سے بچا۔" یہاں تک کہ میں نے آرزو کی کہ یہ مردہ میں ہوتا۔

'Anas b. Malik said: I heard the Prophet(ﷺ)say (while offering prayer on a dead body): O Allah! forgive

یا اللہ! بخش اس کو اور رحم کر اور تندرستی دے اس کو، اور معاف کر اس کو، اور اپنی عنایت سے میزبانی کر اس کی، اس کا گھر (قبر) کشادہ کر، اور اس کو پانی اور برف اور اولوں سے دھو دے، اور اس کو گناہوں سے صاف کر دے، جیسے سفید کپڑا میل سے صاف ہو جاتا ہے اور اس کو اس گھر کے بدلے اس سے بہتر گھر دے، اور اس کے لوگوں سے بہتر لوگ دے اور اس کی بیوی سے بہتر بیوی دے، اور جنت میں لے جا اور عذاب قبر سے بچا۔"

O Allah! forgive him, have mercy upon him. Give him peace and absolve him. Receive him with honour and make his grave spacious. Wash him with water, snow and hail, cleanse him from faults as is cleaned a white garment from impurity. Requite him with an abode more excellent than his abode, with a family better than his family, and with a mate better than his mate, and save him from the trial of the grave and torment of Hell.

---

him, have mercy upon him. Give him peace and absolve him. Receive him with honour and make his grave spacious. Wash him with water, snow and hail, cleanse him from faults as is cleaned a white garment from impurity. Requite him with an abode more excellent than his abode, with a family better than his family, and with a mate better than his mate, and save him from the trial of the grave and torment of Hell. 'Auf b. Malik said: I earnestly desired that I were the dead person to receive the prayer of the Messenger of Allah(ﷺ)as this dead body had (received).

التخریج (صحیح مسلم / جنازے کے احکام و مسائل / باب: نماز جنازہ میں میت کے لئے دعا کرنے کا بیان۔ حدیث نمبر: 963)

دوسری دعاء:

((اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا، وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا، وَصَغِيرِنَا وَكَبِيرِنَا، وَذَكَرِنَا وَأُنْثَانَا، اللَّهُمَّ مَنْ أَحْيَيْتَهُ مِنَّا فَأَحْيِهِ عَلَى الْإِسْلَامِ، وَمَنْ تَوَفَّيْتَهُ مِنَّا فَتَوَفَّهُ عَلَى الْإِيمَانِ، اللَّهُمَّ لَا تَحْرِمْنَا أَجْرَهُ وَلَا تُضِلَّنَا بَعْدَهُ))[200]

"اے اللہ! ہمارے زندوں کو، ہمارے مردوں کو، ہمارے حاضر لوگوں کو، ہمارے غائب لوگوں کو، ہمارے چھوٹوں کو، ہمارے بڑوں کو، ہمارے مردوں کو اور ہماری عورتوں کو بخش دے، اے اللہ! تو ہم میں سے جس کو زندہ رکھے اس کو اسلام پر زندہ رکھ، اور جس کو وفات دے، تو ایمان پر وفات دے،

---

[200] سنن ابن ماجہ: 1498، شیخ البانی رحمۃ اللہ نے اس کو صحیح کہا ہے۔

حدیث

((عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَلَّى عَلَى جِنَازَةٍ، يَقُولُ:" اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا، وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا، وَصَغِيرِنَا وَكَبِيرِنَا، وَذَكَرِنَا وَأُنْثَانَا، اللَّهُمَّ مَنْ أَحْيَيْتَهُ مِنَّا فَأَحْيِهِ عَلَى الْإِسْلَامِ، وَمَنْ تَوَفَّيْتَهُ مِنَّا فَتَوَفَّهُ عَلَى الْإِيمَانِ، اللَّهُمَّ لَا تَحْرِمْنَا أَجْرَهُ وَلَا تُضِلَّنَا بَعْدَهُ))

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی نماز جنازہ پڑھتے تو یہ دعا پڑھتے: « اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا، وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا، وَصَغِيرِنَا وَكَبِيرِنَا، وَذَكَرِنَا وَأُنْثَانَا، اللَّهُمَّ مَنْ أَحْيَيْتَهُ مِنَّا فَأَحْيِهِ عَلَى الْإِسْلَامِ، وَمَنْ تَوَفَّيْتَهُ مِنَّا فَتَوَفَّهُ عَلَى الْإِيمَانِ، اللَّهُمَّ لَا تَحْرِمْنَا أَجْرَهُ وَلَا تُضِلَّنَا بَعْدَهُ» "اے اللہ! ہمارے زندوں کو، ہمارے مردوں کو، ہمارے حاضر لوگوں کو، ہمارے غائب لوگوں کو، ہمارے چھوٹوں کو، ہمارے بڑوں کو، ہمارے مردوں کو اور ہماری عورتوں کو بخش دے، اے اللہ! تو ہم میں سے جس کو زندہ رکھے اس کو اسلام پر زندہ رکھ، اور جس کو وفات دے، تو ایمان پر وفات دے، اے اللہ! ہمیں اس کے اجر سے محروم نہ کر، اور اس کے بعد ہمیں گمراہ نہ کر"۔

It was narrated that Abu Hurairah said: When the Messenger of Allah(ﷺ)offered the funeral prayer he would say: 'Allahummaghfir lihayyina wa mayyitina, wa shahidina wa gha'ibina, wa saghirina wa kabirina, wa dhakarina wa unthana. Allahumma man ahyaitahu minna faahyihi 'alal-Islam, wa man tawaffaytahu minna fa tawaffahu 'alal- iman. Allahumma la tahrimna ajrahu wa la tudillana ba'dah. [O Allah, forgive our living and our dead, those who are present and those who are absent, our young and our old, our males and our females. O Allah, whomever of us You cause to live, let him live in Islam, and whomever of us You cause to die, let him die in (a state of) faith. O Allah, do not deprive us of his reward, and do not let us go astray after him]'".

التخریج (سنن ابن ماجہ / کتاب: صلاۃ جنازہ کے احکام ومسائل / باب: نماز جنازہ کی دعاء۔ حدیث نمبر: 1498، امام ابن ماجہ رحمۃ اللہ نے ہی اس حدیث کو روایت کیا ہے، تحفۃ الأشراف: 14994، مسند احمد (2/368)، شیخ البانی رحمۃ اللہ نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا)

اے اللہ! ہمیں اس کے اجر سے محروم نہ کر، اور اس کے بعد ہمیں گمراہ نہ کر"۔

O Allah, forgive our living and our dead, those who are present and those who are absent, our young and our old, our males and our females. O Allah, whomever of us You cause to live, let him live in Islam, and whomever of us You cause to die, let him die in (a state of) faith. O Allah, do not deprive us of his reward, and do not let us go astray after him"'.

تیسری دعاء:

((اللّٰهُمَّ إِنَّ فُلَانَ بْنَ فُلَانٍ فِي ذِمَّتِكَ وَحَبْلِ جِوَارِكَ، فَقِهِ مِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ النَّارِ وَأَنْتَ أَهْلُ الْوَفَاءِ وَالْحَقِّ، فَاغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ))[201]

---

[201] سنن ابن ماجہ:1499، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو صحیح کہا ہے۔

حدیث

((عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْأَسْقَعِ ، قَالَ: صَلَّى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ، فَأَسْمَعُهُ يَقُولُ:" اللَّهُمَّ إِنَّ فُلَانَ بْنَ فُلَانٍ فِي ذِمَّتِكَ وَحَبْلِ جِوَارِكَ، فَقِهِ مِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ، وَعَذَابِ النَّارِ، وَأَنْتَ أَهْلُ الْوَفَاءِ وَالْحَقِّ، فَاغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ))

سیدنا واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مسلمان کے نماز جنازہ پڑھائی، تو میں آپ کو یہ دعا پڑھتے ہوئے سن رہا تھا: « اللَّهُمَّ إِنَّ فُلَانَ بْنَ فُلَانٍ فِي ذِمَّتِكَ وَحَبْلِ جِوَارِكَ، فَقِهِ مِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ، وَعَذَابِ النَّارِ، وَأَنْتَ أَهْلُ الْوَفَاءِ وَالْحَقِّ، فَاغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ » "اے اللہ! فلاں بن فلاں، تیرے ذمہ میں ہے، اور تیری پناہ کی حد میں ہے، تو اسے قبر کے فتنے اور جہنم کے عذاب سے بچا لے، تو عہد اور حق پورا کرنے والا ہے، تو اسے بخش دے، اور اس پر رحم کر، بیشک تو غفور (بہت بخشنے والا) اور رحیم (رحم کرنے والا) ہے۔

It was narrated that Wathilah bin Asqa' said: The Messenger of Allah(ﷺ)offered the funeral prayer for a man among the Muslims and I heard him say: 'O Allah, so-and-so the son of so-and-so is in Your case and under Your protection. Protect him from the trial of the grave and the torment of the Fire, for You are the One Who keeps the promise and You are the Truth. Forgive him and have mercy on him, for You are the Oft-Forgiving, Most Merciful".

التخریج (سنن ابن ماجہ / کتاب: صلاۃ جنازہ کے احکام و مسائل / باب: نماز جنازہ کی دعا۔ حدیث نمبر: 1499۔ سنن ابی داود / الجنائز 60 (3202)، (تحفۃ

”اے اللہ! فلاں بن فلاں، تیرے ذمہ میں ہے، اور تیری پناہ کی حد میں ہے، تو اسے قبر کے فتنے اور جہنم کے عذاب سے بچالے، تو عہد اور حق پورا کرنے والا ہے، تو اسے بخش دے، اور اس پر رحم کر، بیشک تو غفور (بہت بخشنے والا) اور رحیم (رحم کرنے والا) ہے۔

‘O Allah, so-and-so the son of so-and-so is in Your case and under Your protection. Protect him from the trial of the grave and the torment of the Fire, for You are the One Who keeps the promise and You are the Truth. Forgive him and have mercy on him, for You are the Oft-Forgiving, Most Merciful”.

چوتھی دعاء:

4۔((**اللهم عبدک وابن عبدک وابن أمتک احتاج إلى رحمتک ،وأنت غني عن عذابه،إن كان مُحسناً فزده في حسناته، وإن كان مُسيئاًفتجاوزعنه**))[202]

"اے اللہ! تیرا یہ بندہ تیری کنیز کا بیٹا، تیری رحمت کا محتاج ہو گیا ہے اور تو اسے عذاب دینے سے بے نیاز ہے۔ اگر یہ نیک تھا تو اس کی نیکیوں میں اضافہ فرما اور اگر یہ گناہگار تھا تو اس سے در گزر فرما۔"

الأشراف:17753)، مسند احمد(3/491)، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا)

202 أحکام الجنائز صفحہ یا نمبر:159 شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نی اس کو صحیح کہا ہے۔

التخریج (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو روایت کیا ہے اور امام ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے 1/359 میں ان کی موافقت کی۔ شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے " أحکام الجنائز صفحہ یا نمبر:159 میں اس حدیث کی سند کو موقوف ہونے کے اعتبار سے بہت صحیح قرار دیا)

(56) بچہ کی نماز جنازہ کی دعائیں

bacche ki namaze janazah ki duaein

Supplication for the advancement of reward during the funeral prayer

الدعاءللفرط في الصلاةعليه

پہلی دعاء:

((اللهم أعذه من عذاب القبر))[203]

"اے اللہ! اس کو قبر کے عذاب سے بچالے۔"

درج ذیل دعاء پڑھنا بھی مستحب ہے: دوسری دعاء:

((اللهم اجعله فرطاً وذخراً لوالديه ،وشفيعاً مجاباً .اللهم ثقل به موازينهما وأعظم به أجورهما ، وألحقهُ بصالح المؤمنين ، واجعلهُ في كفالة إبراهيم ، وقه برحمتك عذاب الجحيم ، وأبدله داراً خيراً من داره ، وأهلاً خيراً من أهله ، اللهم اغفر لاسلافنا ، وأفراطنا ، ومن سبقنا بالإيمان))[204]

اے اللہ! اسے میر منزل اور اپنے والدین کے لئے ذخیرہ بنادے اور (ان کے لئے) ایسا سفارشی بنادے جس کی سفارش قبول ہو۔ اے اللہ! اس کی وجہ سے ان دونوں کی ترازوئیں بھاری کردے اور اس کی وجہ سے ان کے اجر زیادہ کردے اور اسے صالح مومنوں کے ساتھ ملادے اور اسے ابراہیم علیہ السلام کی کفالت میں کردے اور اسے اپنی رحمت کے ساتھ دوزخ کے عذاب سے بچا اور اسے بدلہ میں (ایسا) گھر دے جو

---

203 موطا مالک: 1 / 288 میں اور ابن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ "المصنف 3 / 217 میں اور امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ 4 / 9 میں نقل کیا اور شعیب ارناؤوط نے اپنی تحقیق شرح السنۃ للبغوی 5 / 357 میں اس کی سند کو صحیح قرار دیا۔

"سعید بن مسیب رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ میں نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے پیچھے ایک بچہ کی نماز جنازہ پڑھی جس نے کبھی کوئی گناہ نہ کیا، میں نے انہیں یہ دعاء پڑھتے سنا۔ "اللهم أعذه من عذاب القبر" اے اللہ! اس کو قبر کے عذاب سے بچالے۔"

204 المغنی لابن قدامہ 3 / 416 اور "الدروس المهمة لعامة الأمة للشيخ عبد العزيز بن عبد الله بن باز حفظه الله ص 15۔"

اس کے گھر سے بہتر ہو اور گھر والے جو اس کے گھر والوں سے زیادہ بہتر ہوں، اے اللہ! ان لوگوں کو بخش دے جو ہمارے پیش رو، ہمارے میر ساماں ہیں اور (انہیں) جو ایمان کے ساتھ ہم سے پہلے گزر گئے۔

تیسری دعاء:

3۔ ((**اللهم اجعله لنا فرطاً، وسلفاً وأجراً**))[205]

"اے اللہ! اسے ہمارے لئے میر منزل، پیش رو اور (باعث) اجر بنا دے۔"

Dua during the funeral prayer of a child



(57) تعزیت کی دعائیں

taziyath ki duaein

Condolence

دعاء التعزية

پہلی دعاء:

((**إِنَّ لِلَّهِ مَا أَخَذَ وَلَهُ مَا أَعْطَى وَكُلٌّ عِنْدَهُ بِأَجَلٍ مُسَمًّى، فَلْتَصْبِرْ وَلْتَحْتَسِبْ**))[206]

---

205 سیدنا حسن رضی اللہ عنہ، بچہ کی نماز جنازہ میں سورہ فاتحہ پڑھا کرتے تھے اور یہ دعاء پڑھتے۔۔۔بغوی رحمۃ اللہ علیہ نے "شرح السنۃ 5/357 میں اور عبد الرزاق رحمۃ اللہ علیہ، حدیث نمبر: 6588 میں اس روایت کو نقل کیا اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب: الجنائز، 65 باب: نماز جنازہ میں سورہ فاتحہ پڑھنے کا بیان 2/113 میں اس روایت کو تعلیقاً ذکر کیا۔

206 صحیح بخاری: 1284۔

حَدِيث

((عَنْ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا ، قَالَ: أَرْسَلَتِ ابْنَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَيْهِ إِنَّ ابْنًا لِي قُبِضَ، فَأْتِنَا

"اللہ تعالیٰ ہی کا سارا مال ہے' جو لے لیا وہ اسی کا تھا اور جو اس نے دیا وہ بھی اسی کا تھا اور ہر چیز اس کی بار گاہ سے وقت مقررہ پر ہی واقع ہوتی ہے۔ اس لیے صبر کرو اور اللہ تعالیٰ سے ثواب کی امید رکھو۔"

"Whatever Allah takes is for Him and whatever He gives, is for Him,

---

فَأَرْسَلَ يُقْرِئُ السَّلَامَ ، وَيَقُولُ: " إِنَّ لِلَّهِ مَا أَخَذَ وَلَهُ مَا أَعْطَى وَكُلٌّ عِنْدَهُ بِأَجَلٍ مُسَمًّى، فَلْتَصْبِرْ وَلْتَحْتَسِبْ، فَأَرْسَلَتْ إِلَيْهِ تُقْسِمُ عَلَيْهِ لَيَأْتِيَنَّهَا، فَقَامَ وَمَعَهُ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ، وَمَعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، وَأُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ، وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ وَرِجَالٌ، فَرُفِعَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّبِيُّ وَنَفْسُهُ تَتَقَعْقَعُ ، قَالَ: حَسِبْتُهُ أَنَّهُ قَالَ: كَأَنَّهَا شَنٌّ، فَفَاضَتْ عَيْنَاهُ ، فَقَالَ سَعْدٌ: يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا هَذَا؟ ، فَقَالَ: هَذِهِ رَحْمَةٌ جَعَلَهَا اللَّهُ فِي قُلُوبِ عِبَادِهِ، وَإِنَّمَا يَرْحَمُ اللَّهُ مِنْ عِبَادِهِ الرُّحَمَاءَ))

سیدنا اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک صاحبزادی (زینب رضی اللہ عنہا) نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اطلاع کرائی کہ میرا ایک لڑکا مرنے کے قریب ہے' اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں سلام کہلوایا اور کہلوایا کہ اللہ تعالیٰ ہی کا سارا مال ہے' جو لے لیا وہ اسی کا تھا اور جو اس نے دیا وہ بھی اسی کا تھا اور ہر چیز اس کی بار گاہ سے وقت مقررہ پر ہی واقع ہوتی ہے۔ اس لیے صبر کرو اور اللہ تعالیٰ سے ثواب کی امید رکھو۔ پھر زینب رضی اللہ عنہا نے قسم دے کر اپنے یہاں بلوا بھیجا۔ اب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جانے کے لیے اٹھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سعد بن عبادہ' معاذ بن جبل' ابی بن کعب' زید بن ثابت اور بہت سے دوسرے صحابہ رضی اللہ عنہم بھی تھے۔ بچے کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کیا گیا۔ جس کی جانکنی کا عالم تھا۔ ابو عثمان نے کہا کہ میرا خیال ہے کہ اسامہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جیسے پرانا مشکیزہ ہوتا ہے (اور پانی کے ٹکرانے کی اندر سے آواز ہوتی ہے۔ اسی طرح جانکنی کے وقت بچہ کے حلق سے آواز آ رہی تھی) یہ دیکھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھوں سے آنسو بہ نکلے۔ سعد رضی اللہ عنہ بول اٹھے کہ یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! یہ رونا کیسا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ تو اللہ کی رحمت ہے کہ جسے اللہ تعالیٰ نے اپنے (نیک) بندوں کے دلوں میں رکھا ہے اور اللہ تعالیٰ بھی اپنے ان رحم دل بندوں پر رحم فرماتا ہے جو دوسروں پر رحم کرتے ہیں۔

Narrated Usama bin Zaid: The daughter of the Prophet (p.b.u.h) sent (a messenger) to the Prophet requesting him to come as her child was dying (or was gasping), but the Prophet returned the messenger and told him to convey his greeting to her and say: "Whatever Allah takes is for Him and whatever He gives, is for Him, and everything with Him has a limited fixed term (in this world) and so she should be patient and hope for Allah's reward." She again sent for him, swearing that he should come. The Prophet got up, and so did Sa`d bin 'Ubada, Mu`adh bin Jabal, Ubai bin Ka`b, Zaid bin Thabit and some other men. The child was brought to Allah's Apostle while his breath was disturbed in his chest (the sub-narrator thinks that Usama added: ) as if it was a leather water-skin. On that the eyes of the Prophet (p.b.u.h) started shedding tears. Sa`d said, "O Allah's Apostle! What is this?" He replied, "It is mercy which Allah has lodged in the hearts of His slaves, and Allah is merciful only to those of His slaves who are merciful (to others).

التخریج (صحیح بخاری / کتاب: جنازے کے احکام و مسائل / باب: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمانا کہ میت پر اس کے گھر والوں کے رونے سے عذاب ہوتا ہے یعنی جب رونا ماتم کرنا میت کے خاندان کی رسم ہو۔ حدیث نمبر: 1284)

and everything with Him has a limited fixed term (in this world) and so she should be patient and hope for Allah's reward".

یہ دعاء پڑھنی بھی مستحب ہے:

دوسری دعاء:

((أعظم الله أجرک، وأحسن عزاءک وغفر لمیتک))[207]

"اللہ تعالی، تیرا اجر بڑھا دے اور تمہیں اچھے طریقہ سے تسلی دے اور تمہارے فوت شدہ کو معاف کر دے۔"

(58)میت کو قبر میں اتارتے وقت پڑھنے کی دعاء

mayyit ko qabr mein utaarte waqt ki dua

Placing the deceased in the grave

دعاء عند إدخال الميت القبر

((بِسْمِ اللَّهِ، وَعَلَى سُنَّةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ))[208]

---

207 الأذكار للنووي ص126۔

208 سنن ابی داود: 3213، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو صحیح کہا ہے۔

حدیث

((عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ إِذَا وَضَعَ الْمَيِّتَ فِي الْقَبْرِ، قَالَ: بِسْمِ اللَّهِ، وَعَلَى سُنَّةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ))

عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب میت کو قبر میں رکھتے تو: بِسْمِ اللَّهِ، وَعَلَى سُنَّةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ" کہتے تھے۔

Narrated Abdullah ibn Umar: When the Prophet(ﷺ)placed the dead in the grave, he said: In the name of Allah, and following the Sunnah of the Messenger of Allah.(ﷺ)

"اللہ تعالی کے نام سے اور رسول اللہ ﷺ کی سنت کے مطابق (ہم اس میت کو قبر میں اتارتے ہیں)۔"

In the name of Allah, and following the Sunnah of the Messenger of Allah



(59) میت کو دفن کرنے کے بعد کی دعاء

Mayyit ko dafan karne ke bad ki dua

After burying the deceased

الدعاء بعد الدفن

((**اللهم اغفر له اللهم ثبته**))[209]

التخریج (سنن ابی داود / کتاب: جنازے کے احکام و مسائل / باب: میت کو قبر میں رکھنے کے وقت کی دعا کا بیان۔ حدیث نمبر: 3213، اس حدیث کو صرف امام ابو داود رحمۃ اللہ علیہ ہی نے روایت کیا ہے، تحفۃ الأشراف: 6660)، سنن الترمذی / الجنائز 54 (1046)، سنن ابن ماجہ / الجنائز 38 (1550)، مسند احمد (2/27، 40، 59، 69، 127)، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا)

[209] سنن ابی داود: 3221، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو صحیح کہا ہے۔

حدیث

((عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ" إِذَا فَرَغَ مِنْ دَفْنِ الْمَيِّتِ، وَقَفَ عَلَيْهِ، فَقَالَ: اسْتَغْفِرُوا لِأَخِيكُمْ، وَسَلُوا لَهُ بِالتَّثْبِيتِ، فَإِنَّهُ الْآنَ يُسْأَلُ"، قَالَ أَبُو دَاوُد: بَحِيرُ ابْنُ رَيْسَانَ))

عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ جب میت کے دفن سے فارغ ہوتے تو وہاں کچھ دیر رکتے اور فرماتے: "اپنے بھائی کی مغفرت کی دعا مانگو، اور اس کے لیے ثابت قدم رہنے کی دعا کرو، کیونکہ ابھی اس سے سوال کیا جائے گا"۔ ابوداؤد کہتے ہیں: بحیر سے بحیر بن ریسان مراد ہیں۔

Narrated Uthman ibn Affan: Whenever the Prophet ﷺ became free from burying the dead, he used to stay at him (i. e. his grave) and say: Seek forgiveness for your brother, and beg steadfastness for him, for he will be questioned now. Abu Dawud said: The full name of the narrator Buhair is Buhair bin Raisan.

التخریج (سنن ابی داود / کتاب: جنازے کے احکام و مسائل / باب: قبر سے واپسی کے وقت میت کے لیے استغفار کا بیان حدیث نمبر: 3221، حدیث متعلقہ ابواب: میت کو دفن کرنے کے بعد دعا۔ اس حدیث کو صرف امام ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ ہی نے روایت کیا ہے، تحفۃ الأشراف: 8940)، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا)

(60)زیارت قبور کی دعاء

ziyaarate quboor ki dua

Visiting the graves

دعاءزيارةالقبور

((السَّلَامُ عَلَيْكُمْ أَهْلَ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُسْلِمِينَ، وَإِنَّا إِنْ شَاءَ اللَّهُ بِكُمْ لَلَاحِقُونَ(1)[ويرحم الله المستقدمين منا والمستأخرين(2)] أَسْأَلُ اللَّهَ لَنَا وَلَكُمُ الْعَافِيَةَ))[210]

سلام ہو گھر والوں پر اور زہیر کی روایت میں (یہ لفظ ہیں) سلام ہو تم پر اے صاحب گھروں کے مؤمنوں اور مسلمانوں سے اور تحقیق ہم اگر اللہ نے چاہا تو تمہارے ساتھ ملنے والے ہیں۔ ہم اپنے اور تمہارے لیے عافیت مانگتے ہیں۔

---

[210] صحیح مسلم:975۔

حدیث

((عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ ، عَنْ أَبِيهِ ، قَالَ:"كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُهُمْ إِذَا خَرَجُوا إِلَى الْمَقَابِرِ، فَكَانَ قَائِلُهُمْ يَقُولُ: - فِي رِوَايَةِ أَبِي بَكْرٍ السَّلَامُ عَلَى أَهْلِ الدِّيَارِ، وَفِي رِوَايَةِ زُهَيْرٍ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ أَهْلَ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُسْلِمِينَ، وَإِنَّا إِنْ شَاءَ اللَّهُ لَلَاحِقُونَ أَسْأَلُ اللَّهَ لَنَا وَلَكُمُ الْعَافِيَةَ))

سلیمان بن بریدہ کے باپ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ان کو سکھلاتے تھے جب وہ قبروں کی طرف نکلتے۔ پس ان میں کا کہنے والا کہتا یہ لفظ ابو بکر کی روایت کے ہیں، سلام ہو گھر والوں پر اور زہیر کی روایت میں (یہ لفظ ہیں) سلام ہو تم پر اے صاحب گھروں کے مؤمنوں اور مسلمانوں سے اور تحقیق ہم اگر اللہ نے چاہا تو تمہارے ساتھ ملنے والے ہیں۔ ہم اپنے اور تمہارے لیے عافیت مانگتے ہیں۔

Sulaiman b. Buraida narrated on the authority of his father that the Messenger of Allah(ﷺ)used to teach them when they went out to the graveyard. One of the narrators used to say this in the narration transmitted on the authority of Abu Bakr:

Peace be upon the inhabitants of the city (i. e. graveyard)." In the hadith transmitted by Zuhair (the words are):" Peace be upon you, the inhabitants of the city, among the believers, and Muslims, and Allah willing we shall join you. I beg of Allah peace for us and for you".

التخریج (صحیح مسلم / جنازے کے احکام و مسائل / باب: قبر میں داخل کرتے وقت کیا کہنا چاہیئے اور قبر والوں کے لئے دعا کا بیان۔ حدیث نمبر:975)

"Peace be upon the inhabitants of the city (i. e. graveyard), among the believers, and Muslims, and Allah willing we shall join you. and may Allah have mercy on those who have gone ahead of us, and those who come later on I beg of Allah peace for us and for you".

دعاء کے اس جزء کی دلیل:

((وَيَرْحَمُ اللّٰهُ الْمُسْتَقْدِمِينَ مِنَّا، وَإِنَّا والمستأخرين))[211]

---

[211] صحیح مسلم:974۔

حَدِيث

((عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ كَثِيرِ بْنِ الْمُطَّلِبِ ، أَنَّهُ سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ قَيْسٍ ، يَقُولُ: سَمِعْتُ عَائِشَةَ تُحَدِّثُ، فَقَالَتْ: أَلَا أُحَدِّثُكُمْ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَنِّي ؟، قُلْنَا: بَلَى. ح وحَدَّثَنِي مَنْ سَمِعَ حَجَّاجًا الْأَعْوَرَ، وَاللَّفْظُ لَهُ قَالَ: حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ ، أَخْبَرَنِي عَبْدُ اللَّهِ رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسِ بْنِ مَخْرَمَةَ بْنِ الْمُطَّلِبِ ، أَنَّهُ قَالَ يَوْمًا: أَلَا أُحَدِّثُكُمْ عَنِّي وَعَنْ أُمِّي ؟، قَالَ: فَظَنَنَّا أَنَّهُ يُرِيدُ أُمَّهُ الَّتِي وَلَدَتْهُ، قَالَ: قَالَتْ عَائِشَةُ : أَلَا أُحَدِّثُكُمْ عَنِّي وَعَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؟، قُلْنَا: بَلَى، قَالَ: قَالَتْ: لَمَّا كَانَتْ لَيْلَتِي الَّتِي كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهَا عِنْدِي، انْقَلَبَ فَوَضَعَ رِدَاءَهُ، وَخَلَعَ نَعْلَيْهِ فَوَضَعَهُمَا عِنْدَ رِجْلَيْهِ، وَبَسَطَ طَرَفَ إِزَارِهِ عَلَى فِرَاشِهِ، فَاضْطَجَعَ فَلَمْ يَلْبَثْ إِلَّا رَيْثَمَا ظَنَّ أَنْ قَدْ رَقَدْتُ، فَأَخَذَ رِدَاءَهُ رُوَيْدًا وَانْتَعَلَ رُوَيْدًا، وَفَتَحَ الْبَابَ فَخَرَجَ ثُمَّ أَجَافَهُ رُوَيْدًا، فَجَعَلْتُ دِرْعِي فِي رَأْسِي وَاخْتَمَرْتُ، وَتَقَنَّعْتُ إِزَارِي ثُمَّ انْطَلَقْتُ عَلَى إِثْرِهِ، حَتَّى جَاءَ الْبَقِيعَ فَقَامَ، فَأَطَالَ الْقِيَامَ ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ انْحَرَفَ فَانْحَرَفْتُ فَأَسْرَعَ فَأَسْرَعْتُ، فَهَرْوَلَ فَهَرْوَلْتُ، فَأَحْضَرَ فَأَحْضَرْتُ فَسَبَقْتُهُ، فَدَخَلْتُ فَلَيْسَ إِلَّا أَنِ اضْطَجَعْتُ فَدَخَلَ، فَقَالَ: مَا لَكِ يَا عَائِشُ حَشْيَا رَابِيَةً؟ " قَالَتْ: قُلْتُ: لَا شَيْءَ، قَالَ: " لَتُخْبِرِينِي أَوْ لَيُخْبِرَنِّي اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ، قَالَتْ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي فَأَخْبَرْتُهُ، قَالَ: فَأَنْتِ السَّوَادُ الَّذِي رَأَيْتُ أَمَامِي، قُلْتُ: نَعَمْ فَلَهَدَنِي فِي صَدْرِي لَهْدَةً أَوْجَعَتْنِي، ثُمَّ قَالَ: أَظَنَنْتِ أَنْ يَحِيفَ اللَّهُ عَلَيْكِ وَرَسُولُهُ "، قَالَتْ: مَهْمَا يَكْتُمِ النَّاسُ يَعْلَمْهُ اللَّهُ نَعَمْ، قَالَ: فَإِنَّ جِبْرِيلَ أَتَانِي حِينَ رَأَيْتِ فَنَادَانِي، فَأَخْفَاهُ مِنْكِ فَأَجَبْتُهُ فَأَخْفَيْتُهُ مِنْكِ، وَلَمْ يَكُنْ يَدْخُلُ عَلَيْكِ، وَقَدْ وَضَعْتِ ثِيَابَكِ، وَظَنَنْتُ أَنْ قَدْ رَقَدْتِ فَكَرِهْتُ أَنْ أُوقِظَكِ، وَخَشِيتُ أَنْ تَسْتَوْحِشِي، فَقَالَ: إِنَّ رَبَّكَ يَأْمُرُكَ أَنْ تَأْتِيَ أَهْلَ الْبَقِيعِ فَتَسْتَغْفِرَ لَهُمْ، قَالَتْ: قُلْتُ: كَيْفَ أَقُولُ لَهُمْ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟، قَالَ: قُولِي السَّلَامُ عَلَى أَهْلِ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُسْلِمِينَ، وَيَرْحَمُ اللَّهُ الْمُسْتَقْدِمِينَ مِنَّا، وَإِنَّا إِنْ شَاءَ اللَّهُ بِكُمْ لَلَاحِقُونَ))

محمد بن قیس نے ایک دن کہا کہ کیا میں تم کو اپنی بیتی اور اپنی ماں کی بیتی سناؤں۔ اور ہم نے یہ خیال کیا کہ شاید ماں سے وہ مراد ہیں جنہوں نے ان کو جنا ہے۔ پھر انہوں نے کہا کہ فرمایا سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہ میں تم کو اپنی بیتی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیتی سناؤں؟ ہم نے کہا: ضرور۔ فرمایا: ایک رات نبی صلی اللہ علیہ وسلم میرے

یہاں تھے کہ آپ ﷺ نے کروٹ لی اور اپنی چادر لی اور جوتے نکال کر اپنے پاؤں کے آگے رکھے اور چادر کا کنارہ اپنے بچھونے پر بچھایا، لیٹ رہے اور تھوڑی دیر اس خیال سے ٹھہرے رہے کہ گمان کر لیا کہ میں سو گئی۔ پھر آہستہ سے اپنی چادر لی اور آہستہ سے جوتے پہنے اور آہستہ سے دروازہ کھولا اور آہستہ سے نکلے اور پھر آہستہ سے اس کو بند کر دیا۔ اور میں نے بھی اپنی چادر لی اور سر پر اوڑھی اور گھونگٹ مارا تہبند پہنا اور آپ ﷺ کے پیچھے چلی یہاں تک کہ آپ ﷺ بقیع پہنچے اور دیر تک کھڑے رہے۔ پھر دونوں ہاتھ اٹھائے تین بار۔ پھر لوٹے اور میں بھی لوٹی اور جلدی چلے اور میں بھی جلدی چلی۔ اور دوڑے اور میں بھی دوڑی۔ اور گھر آ گئے اور میں بھی گھر آ گئی مگر آپ ﷺ سے آگے آئی اور گھر میں آتے ہی لیٹ رہی۔ اور آپ ﷺ جب گھر میں آئے تو فرمایا: ”اے عائشہ! کیا ہوا تم کو کہ سانس پھول رہا ہے اور پیٹ پھولا ہوا ہے؟“ میں نے عرض کیا کچھ نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ”کہ تم بتا دو، نہیں تو وہ باریک بین خبر دار (یعنی اللہ تعالیٰ) مجھ کو خبر کر دے گا۔“ میں نے عرض کیا کہ میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں اور میں نے آپ ﷺ کو خبر دی تب آپ ﷺ نے فرمایا: ”جو کالا کالا میرے آگے نظر آتا تھا وہ تم ہی تھیں؟“ میں نے کہا: جی ہاں، تو آپ ﷺ نے میرے سینے پر گھونسا مارا (یہ محبت سے تھا) کہ مجھے درد ہوا اور فرمایا: ”تو نے خیال کیا کہ اللہ اور اس کا رسول تیرا حق دبا لے گا۔ (یعنی تمھاری باری میں اور کسی بی بی کے پاس چلا جاؤں گا) تب میں نے کہا: جب لوگ کوئی چیز چھپاتے تو ہاں اللہ اس کو جانتا ہے (یعنی اگر آپ ﷺ مجھ سے کسی بی بی کے پاس جاتے بھی تو بھی اللہ دیکھتا تھا) آپ ﷺ نے فرمایا: ”میرے پاس جبرئیل علیہ السلام آئے۔ جب تو نے دیکھا انہوں نے مجھے پکارا اور تم سے چھپایا تو میں نے بھی چاہا تم سے چھپاؤں۔ اور وہ تمہارے پاس نہیں آتے تھے کہ تم نے اپنا کپڑا اتار دیا تھا اور میں سمجھا کہ تم سو گئیں۔ تو میں نے برا جانا کہ تم کو جگاؤں اور یہ بھی خوف کیا کہ تم گھبراؤ گی کہ کہاں چلے گئے۔ پھر جبرئیل علیہ السلام نے کہا کہ تمہارا پروردگار حکم فرماتا ہے کہ تم بقیع کو جاؤ اور ان کے لئے مغفرت مانگو۔“ میں نے عرض کیا کہ میں کیونکر کہوں اے اللہ کے رسول! آپ ﷺ نے فرمایا: ”کہو سلام ہے ایماندار گھر والوں پر، اور مسلمانوں پر اللہ رحمت کرے ہم سے آگے جانے والوں پر اور پیچھے جانے والوں پر اور ہم، اللہ نے چاہا تو تم سے ملنے والے ہیں۔“

Muhammad b. Qais said (to the people): Should I not narrate to you (a hadith of the Holy Prophet) on my authority and on the authority of my mother? We thought that he meant the mother who had given him birth. He (Muhammad b. Qais) then reported that it was 'A'isha who had narrated this: Should I not narrate to you about myself and about the Messenger of Allah?(ﷺ)We said: Yes. She said: When it was my turn for Allah's Messenger(ﷺ)to spend the night with me, he turned his side, put on his mantle and took off his shoes and placed them near his feet, and spread the corner of his shawl on his bed and then lay down till he thought that I had gone to sleep. He took hold of his mantle slowly and put on the shoes slowly, and opened the door and went out and then closed it lightly. I covered my head, put on my veil and tightened my waist wrapper, and then went out following his steps till he reached Baqi'. He stood there and he stood for a long time. He then lifted his hands three times, and then returned and I also returned. He hastened his steps and I also hastened my steps. He ran and I too ran. He came (to the house) and I also came (to the house). I, however, preceded him and I entered (the house), and as I lay down in the bed, he (the Holy Prophet) entered the (house), and said: Why is it, O 'A'isha, that you are out of breath? I said: There is nothing. He said: Tell me or the Subtle and the Aware would inform me. I said: Messenger of Allah, may my father and mother be ransom for you, and then I told him (the whole story). He said: Was it the darkness (of your shadow) that I saw in front of me? I said: Yes. He gave me a nudge on the chest which I felt, and

(61) آندھی کے وقت پڑھنے کی دعائیں

Aandhi ke waqt padhne ki duaen

During a wind storm

دعاء الريح

پہلی دعاء:

((اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ خَيْرَهَا، وَأَعُوذُبِكَ مِنْ شَرِّهَا))[212]

---

then said: Did you think that Allah and His Apostle would deal unjustly with you? She said: Whatsoever the people conceal, Allah will know it. He said: Gabriel came to me when you saw me. He called me and he concealed it from you. I responded to his call, but I too concealed it from you (for he did not come to you), as you were not fully dressed. I thought that you had gone to sleep, and I did not like to awaken you, fearing that you may be frightened. He (Gabriel) said: Your Lord has commanded you to go to the inhabitants of Baqi' (to those lying in the graves) and beg pardon for them. I said: Messenger of Allah, how should I pray for them (How should I beg forgiveness for them)? He said: Say, Peace be upon the inhabitants of this city (graveyard) from among the Believers and the Muslims, and may Allah have mercy on those who have gone ahead of us, and those who come later on, and we shall, Allah willing, join you.

التخریج (صحیح مسلم / جنازے کے احکام ومسائل / باب: قبر میں داخل کرتے وقت کیا کہنا چاہیئے اور قبر والوں کے لئے دعا کا بیان۔ حدیث نمبر:974)

[212] سنن ابی داود:5097، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو صحیح کہا ہے۔

حدیث

((عنأَبِي هريرة قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ:" الرِّيحُ مِنْ رَوْحِ اللَّهِ، قَالَ سَلَمَةُ: فَرَوْحُ اللَّهِ تَأْتِي بِالرَّحْمَةِ، وَتَأْتِي بِالْعَذَابِ، فَإِذَا رَأَيْتُمُوهَا، فَلَا تَسُبُّوهَا وَسَلُوا اللَّهَ خَيْرَهَا، وَاسْتَعِيذُوا بِاللَّهِ مِنْ شَرِّهَا))

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: «ریح» (ہوا) اللہ کی رحمت میں سے ہے (سلمہ کی روایت میں «من روح اللہ» ہے)، کبھی وہ رحمت لے کر آتی ہے، اور کبھی عذاب لے کر آتی ہے، تو جب تم اسے دیکھو تو اسے برا مت کہو، اللہ سے اس کی بھلائی مانگو، اور اس کے شر سے اللہ کی پناہ چاہو۔

Narrated Abu Hurairah: I heard the Messenger of Allah ﷺ say: The wind comes from Allah's mercy. Salamah's version has: It is Allah's mercy; it (sometimes) brings blessing and (sometimes) brings punishment. So when you see it, do not revile it, but ask Allah for some of its good, and seek refuge in Allah from its evil.

التخریج (سنن ابی داود / ابواب: سونے سے متعلق احکام ومسائل / باب: جب آندھی آئے تو کیا پڑھے؟، حدیث نمبر:5097، سنن ابن ماجہ / الأدب 29

دوسری دعاء:

((اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا فِيهَا وَخَيْرَ مَا أُرْسِلَتْ بِهِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِيهَا وَشَرِّ مَا أُرْسِلَتْ بِهِ))[213]

(3727)،(تحفۃ الأشراف:12231)، مسند احمد (2/250،267،409،436،518)، شیخ البانی رحمۃ اللہ نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا)

[213] صحیح مسلم:899۔

حدیث

((عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهَا قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا عَصَفَتِ الرِّيحُ، قَالَ: " اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا فِيهَا وَخَيْرَ مَا أُرْسِلَتْ بِهِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِيهَا وَشَرِّ مَا أُرْسِلَتْ بِهِ "، قَالَتْ: وَإِذَا تَخَيَّلَتِ السَّمَاءُ تَغَيَّرَ لَوْنُهُ وَخَرَجَ وَدَخَلَ وَأَقْبَلَ وَأَدْبَرَ، فَإِذَا مَطَرَتْ سُرِّيَ عَنْهُ، فَعَرَفْتُ ذَلِكَ فِي وَجْهِهِ . قَالَتْ عَائِشَةُ: فَسَأَلْتُهُ، فَقَالَ: " لَعَلَّهُ يَا عَائِشَةُ كَمَا قَالَ قَوْمُ عَادٍ: فَلَمَّا رَأَوْهُ عَارِضًا مُسْتَقْبِلَ أَوْدِيَتِهِمْ قَالُوا هَذَا عَارِضٌ مُمْطِرُنَا سورة الأحقاف آية 24))

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت مبارک تھی کہ جب جھونکے کی آندھی آتی تو«اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا فِيهَا وَخَيْرَ مَا أُرْسِلَتْ بِهِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِيهَا وَشَرِّ مَا أُرْسِلَتْ بِهِ» پڑھتے یعنی "یااللہ! میں اس ہوا کی بہتری مانگتا ہوں اور جو اس کے اندر ہے اس کی بہتری۔ اور جو اس میں بھیجا گیا ہے اس کی بہتری اور پناہ مانگتا ہوں اس کی برائی سے اور جو اس کے اندر ہے اور اس کی برائی سے اور جو اس کے ساتھ بھیجا گیا ہے اس کی برائی سے۔" اور سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جب آسمان پر بدلی اور بجلی کڑکتی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا رنگ بدل جاتا اور باہر نکلتے اور اندر آتے اور آگے آتے اور پیچھے جاتے۔ پھر اگر مینہ برسنے لگتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی گھبراہٹ جاتی رہتی۔ غرض اس بات کو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا پہچانا اور آپ سے پوچھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اے عائشہ! میں ڈرتا ہوں کہ کہیں ایسا نہ ہو جیسے عاد کی قوم نے دیکھ کر کہ بدلی ہے جو ان کے آگے آئی ہے، کہنے لگے کہ یہ بدلی ہم پر برسنے والی ہے۔"

'Ata' b. Rabah reported on the authority of 'A'isha, the wife of the Messenger of Allah (way peace be upon him), who said: Whenever the wind was stormy, the Messenger of Allah (ﷺ) used to say: O Allah! I ask You for what is good in it, and the good which it contains, and the good of that which it was sent for. I seek refuge with You from what is evil in it, what evil it contains, and the evil of that what it was sent for; and when there was a thunder and lightning in the sky, his colour underwent a change, and he went out and in, backwards and forwards; and when the rain came, he felt relieved, and I noticed that (the sign of relief) on his face. 'A'isha asked him (about it) and he said: It may be as the people of 'Ad said: When they saw a cloud formation coming to their valley they said:" It is a cloud which would give us rain" (Qur'an, xlvi. 24).

التخريج (صحیح مسلم / بارش طلب کرنے کی نماز / باب: ہوا اور بادل دیکھ کر پناہ مانگنا اور بارش دیکھ کر خوش ہونے کا بیان۔ حدیث نمبر:899)

حدیث

"یااللہ! میں اس ہوا کی بہتری مانگتا ہوں اور جو اس کے اندر ہے اس کی بہتری۔ اور جو اس میں بھیجا گیا ہے اس کی بہتری اور پناہ مانگتا ہوں اس کی برائی سے اور جو اس کے اندر ہے اور اس کی برائی سے اور جو اس کے ساتھ بھیجا گیا ہے اس کی برائی سے۔"

O Allah! I ask You for what is good in it, and the good which it contains, and the good of that which it was sent for. I seek refuge with You from what is evil in it, what evil it contains, and the evil of that what it was sent for۔

((عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا، قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ" إِذَا رَأَى مَخِيلَةً فِي السَّمَاءِ أَقْبَلَ وَأَدْبَرَ وَدَخَلَ وَخَرَجَ وَتَغَيَّرَ وَجْهُهُ، فَإِذَا أَمْطَرَتِ السَّمَاءُ سُرِّيَ عَنْهُ فَعَرَّفَتْهُ عَائِشَةُ ذَلِكَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:" مَا أَدْرِي لَعَلَّهُ كَمَا قَالَ قَوْمٌ فَلَمَّا رَأَوْهُ عَارِضًا مُسْتَقْبِلَ أَوْدِيَتِهِمْ سورة الأحقاف آية 24 الْآيَةَ .))

ام المؤمنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ابر کا کوئی ایسا ٹکڑا دیکھتے جس سے بارش کی امید ہوتی تو آپ کبھی آگے آتے، کبھی پیچھے جاتے، کبھی گھر کے اندر تشریف لاتے، کبھی باہر آجاتے اور چہرہ مبارک کا رنگ بدل جاتا۔ لیکن جب بارش ہونے لگتی تو پھر یہ کیفیت باقی نہ رہتی۔ ایک مرتبہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس کے متعلق آپ سے پوچھا۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ میں نہیں جانتا ممکن ہے یہ بادل بھی ویسا ہی ہو جس کے بارے میں قوم عاد نے کہا تھا، جب انہوں نے بادل کو اپنی وادیوں کی طرف آتے دیکھا تھا۔ آخر آیت تک (کہ ان کے لیے رحمت کا بادل آیا ہے، حالانکہ وہ عذاب کا بادل تھا)۔

Narrated Ata: `Aisha said If the Prophet saw a cloud In the sky, he would walk to and fro in agitation, go out and come in, and the color of his face would change, and if it rained, he would feel relaxed." So `Aisha knew that state of his. So the Prophet said, I don't know (am afraid), it may be similar to what happened to some people referred to in the Holy Qur'an in the following Verse: -- "Then when they saw it as a dense cloud coming towards their valleys, they said, 'This is a cloud bringing us rain!' Nay, but, it is that (torment) which you were asking to be hastened a wind wherein is severe torment(46.24)".

التخریج (صحیح بخاری / کتاب: اس بیان میں کہ مخلوق کی پیدائش کیونکر شروع ہوئی / باب: اللہ تعالیٰ کا (سورۃ الاعراف میں) یہ ارشاد کہ "وہ اللہ ہی ہے جو اپنی رحمت (بارش) سے پہلے خوشخبری دینے والی ہواؤں کو بھیجتا ہے"۔ حدیث نمبر:3206)

(62)بادل گرجتے وقت پڑھنے کی دعاء

Baadal garejte waqt padhne ki dua

Supplication upon hearing thunder

الدعاء عند الرعد

((سُبْحَانَ الَّذِي يُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهِ وَالْمَلائِكَةُ مِنْ خِيفَتِهِ))[214]

"پاک ہے وہ ذات کے بادل جس کی حمد کے ساتھ اس کی پاکی بیان کر رہے ہیں، اور فرشتے بھی اس کے ڈر سے۔"

[214] الادب المفرد:723، شیخ البانی رحمہ اللہ نے اس کو صحیح کہا ہے۔

حدیث

((عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، أَنَّهُ كَانَ إِذَا سَمِعَ الرَّعْدَ تَرَكَ الْحَدِيثَ، وَقَالَ: سُبْحَانَ الَّذِي ﴿يُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهِ وَالْمَلائِكَةُ مِنْ خِيفَتِهِ﴾ [الرعد: 13]، ثُمَّ يَقُولُ: إِنَّ هَذَا لَوَعِيدٌ شَدِيدٌ لأَهْلِ الأَرْضِ))

سیدنا عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ وہ بادل گرجنے کی آواز سنتے تو گفتگو بند کر دیتے اور فرماتے: پاک ہے وہ ذات کے بادل جس کی حمد کے ساتھ اس کی پاکی بیان کر رہے ہیں، اور فرشتے بھی اس کے ڈر سے...... پھر فرماتے: یہ گرج زمین والوں کے لیے سخت وعید ہے۔

Abdullah bin al-Zubayr (ra) stopped speaking when he heard a thunder-clap and said: Glory be to him whose praise the thunderclap sings and the angels glorify in awe of him". He used to say, then, that the thunder-clap is a stern warning for the dwellers of earth.

التخريج (الادب المفرد، بادل گرجنے کے وقت کی دعا، حدیث نمبر:723، أخرجه أحمد في الزہد:1115 وابن أبي شيبة:29214 وابن أبي الدنيا في المطر:97، شیخ البانی رحمہ اللہ نے صحیح الادب المفرد، حدیث نمبر:556 میں اس حدیث کو صحیح قرار دیا)

https://www.dorar.net/h/671f21f1692148cdc5da84b69fac0bdf

(63) بارش طلب کرنے کی دعائیں

Bearish talab karne ki deaein

Supplications for rain

من أدعية الاستسقاء

پہلی دعاء:

1۔ ((اللّٰهُمَّ اسْقِنَا غَيْثًا مُغِيثًا مَرِيئًا نَافِعًا غَيْرَ ضَارٍّ عَاجِلًا غَيْرَ آجِلٍ))[215]

"اے اللہ! ہمیں سیر اب فرما، ایسی بارش سے جو ہماری فریاد رسی کرنے والی ہو، اچھے انجام والی ہو، سبزہ اگانے والی ہو، نفع بخش ہو، مضرت رساں نہ ہو، جلد آنے والی ہو، تاخیر سے نہ آنے والی ہو"۔

O Allah! give us rain which will replenish us, abundant, fertilising and profitable, not injurious, granting it now without delay.

---

[215] سنن ابی داود: 1169، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو صحیح کہا ہے۔

حدیث

((عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: أَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَوَاكِي، فَقَالَ: " اللَّهُمَّ اسْقِنَا غَيْثًا مُغِيثًا مَرِيئًا نَافِعًا غَيْرَ ضَارٍّ عَاجِلًا غَيْرَ آجِلٍ"، قَالَ: فَأَطْبَقَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَاءُ))

سیدنا جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ کچھ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس (بارش نہ ہونے کی شکایت لے کر) روتے ہوئے آئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یوں دعا کی: «اللهم اسقنا غيثا مغيثا مريئا نافعا غير ضار عاجلا غير آجل» یعنی "اے اللہ! ہمیں سیر اب فرما، ایسی بارش سے جو ہماری فریاد رسی کرنے والی ہو، اچھے انجام والی ہو، سبزہ اگانے والی ہو، نفع بخش ہو، مضرت رساں نہ ہو، جلد آنے والی ہو، تاخیر سے نہ آنے والی ہو"۔ جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: یہ کہتے ہی ان پر بادل چھا گیا۔

Narrated Jabir ibn Abdullah: The people came to the Prophet ﷺ weeping (due to drought). He said (making supplication): O Allah! give us rain which will replenish us, abundant, fertilising and profitable, not injurious, granting it now without delay. He (the narrator) said: Thereupon the sky became overcast.

التخريج (سنن ابی داود / کتاب: نماز استسقاء کے احکام ومسائل / باب: نماز استسقا میں دونوں ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنے کا بیان۔ حدیث نمبر: 1169، امام داؤد رحمۃ اللہ علیہ نے ہی اس حدیث کو روایت کیا ہے، (تحفۃ الأشراف: 3141)، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا)

دوسری دعاء:

((اللَّهُمَّ أَغِثْنَا، اللَّهُمَّ أَغِثْنَا، اللَّهُمَّ أَغِثْنَا))[216]

---

[216] صحیح بخاری:1014۔ صحیح مسلم:897۔

حدیث

((عَنْ شَرِيكٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَجُلًا دَخَلَ الْمَسْجِدَ يَوْمَ جُمُعَةٍ مِنْ بَابٍ كَانَ نَحْوَ دَارِ الْقَضَاءِ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمٌ يَخْطُبُ، فَاسْتَقْبَلَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمًا، ثُمَّ قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ هَلَكَتِ الْأَمْوَالُ وَانْقَطَعَتِ السُّبُلُ فَادْعُ اللَّهَ يُغِيثُنَا، فَرَفَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَيْهِ ثُمَّ قَالَ: اللَّهُمَّ أَغِثْنَا، اللَّهُمَّ أَغِثْنَا، اللَّهُمَّ أَغِثْنَا، قَالَ أَنَسٌ: وَلَا وَاللَّهِ مَا نَرَى فِي السَّمَاءِ مِنْ سَحَابٍ وَلَا قَزَعَةً، وَمَا بَيْنَنَا وَبَيْنَ سَلْعٍ مِنْ بَيْتٍ وَلَا دَارٍ، قَالَ: فَطَلَعَتْ مِنْ وَرَائِهِ سَحَابَةٌ مِثْلُ التُّرْسِ فَلَمَّا تَوَسَّطَتِ السَّمَاءَ انْتَشَرَتْ ثُمَّ أَمْطَرَتْ، فَلَا وَاللَّهِ مَا رَأَيْنَا الشَّمْسَ سِتًّا، ثُمَّ دَخَلَ رَجُلٌ مِنْ ذَلِكَ الْبَابِ فِي الْجُمُعَةِ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمٌ يَخْطُبُ فَاسْتَقْبَلَهُ قَائِمًا فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ هَلَكَتِ الْأَمْوَالُ وَانْقَطَعَتِ السُّبُلُ فَادْعُ اللَّهَ يُمْسِكْهَا عَنَّا، قَالَ: فَرَفَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَيْهِ ثُمَّ قَالَ:" اللَّهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا اللَّهُمَّ عَلَى الْآكَامِ وَالظِّرَابِ وَبُطُونِ الْأَوْدِيَةِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ"، قَالَ: فَأَقْلَعَتْ وَخَرَجْنَا نَمْشِي فِي الشَّمْسِ، قَالَ شَرِيكٌ: سَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ أَهُوَ الرَّجُلُ الْأَوَّلُ؟ فَقَالَ: مَا أَدْرِي))

شریک نے بیان کیا کہ سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ایک شخص جمعہ کے دن مسجد میں داخل ہوا۔ اب جہاں دار القضاء ہے اسی طرف کے دروازے سے وہ آیا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے خطبہ دے رہے تھے، اس نے بھی کھڑے کھڑے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مخاطب کیا کہا کہ یا رسول اللہ! جانور مر گئے اور راستے بند ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ ہم پر پانی برسائے۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں ہاتھ اٹھا کر دعا فرمائی « اللهم أغثنا ، اللهم أغثنا ، اللهم أغثنا » اے اللہ! ہم پر پانی برسا۔ اے اللہ! ہمیں سیر اب کر۔ انس رضی اللہ عنہ نے کہا اللہ کی قسم! آسمان پر بادل کا کہیں نشان بھی نہ تھا اور ہمارے اور سلع پہاڑ کے بیچ میں مکانات بھی نہیں تھے، اتنے میں پہاڑ کے پیچھے سے بادل نمودار ہوا ڈھال کی طرح اور آسمان کے بیچ میں پہنچ کر چاروں طرف پھیل گیا اور برسنے لگا۔ اللہ کی قسم! ہم نے ایک ہفتہ تک سورج نہیں دیکھا۔ پھر دوسرے جمعہ کو ایک شخص اسی دروازے سے داخل ہوا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے خطبہ دے رہے تھے، اس لیے اس نے کھڑے کھڑے کہا کہ یا رسول اللہ! (کثرت بارش سے) جانور تباہ ہو گئے اور راستے بند ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ بارش بند ہو جائے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں ہاتھ اٹھا کر دعا کی « اللهم حوالينا ولا علينا ، اللهم على الآكام والظراب وبطون الأودية ومنابت الشجر » اے اللہ! ہمارے اطراف میں بارش برسا (جہاں ضرورت ہے) ہم پر نہ برسا۔ اے اللہ! ٹیلوں پہاڑیوں وادیوں اور باغوں کو سیر اب کر۔ چنانچہ بارش کا سلسلہ بند ہو گیا اور ہم باہر آئے تو دھوپ نکل چکی تھی۔ شریک نے بیان کیا کہ میں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا کہ کیا یہ پہلا ہی شخص تھا؟ انہوں نے جواب دیا مجھے معلوم نہیں۔

Narrated Sharik: Anas bin Malik said, "A person entered the Mosque on a Friday through the gate facing the Daril-Qada' and Allah's Messenger(ﷺ)was standing delivering the Khutba (sermon). The man stood in front of Allah's Messenger(ﷺ)and said, 'O Allah's Messenger,(ﷺ)livestock are dying and the roads are cut off; please pray to Allah for rain.' So Allah's Messenger(ﷺ)(p.b.u.h) raised both his hands and said, 'O Allah! Bless us with rain. O Allah! Bless us with rain. O Allah! Bless us with rain!" Anas added, "By Allah, there were no clouds in the sky and there was no house or building between us and the mountain

"اے اللہ! ہم پر پانی برسا۔ اے اللہ! ہمیں سیر اب کر، ہم پر پانی برسا۔"

'O Allah! Bless us with rain. O Allah! Bless us with rain. O Allah! Bless us with rain"!

تیسری دعاء:

((اللَّهُمَّ اسْقِ عِبَادَکَ وَبَهَائِمَکَ، وَانْشُرْ رَحْمَتَکَ، وَأَحْيِ بَلَدَکَ الْمَيِّتَ))[217]

---

of Sila'. Then a big cloud like a shield appeared from behind it (i.e. Silas Mountain) and when it came in the middle of the sky, it spread and then rained. By Allah! We could not see the sun for a week. The next Friday, a person entered through the same gate and Allah's Messenger(ﷺ)was delivering the Friday Khutba and the man stood in front of him and said, 'O Allah's Messenger!(ﷺ)The livestock are dying and the roads are cut off; Please pray to Allah to withhold rain.' " Anas added, "Allah's Messenger(ﷺ)raised both his hands and said, 'O Allah! Round about us and not on us. O Allah!' On the plateaus, on the mountains, on the hills, in the valleys and on the places where trees grow.' " Anas added, "The rain stopped and we came out, walking in the sun." Sharik asked Anas whether it was the same person who had asked for rain the previous Friday. Anas replied that he did not know.

التخريج (صحیح بخاری / کتاب: استسقاء یعنی پانی مانگنے کا بیان / باب: جمعہ کا خطبہ پڑھتے وقت جب منہ قبلہ کی طرف نہ ہو پانی کے لیے دعا کرنا۔ حدیث نمبر: 1014، حدیث متعلقہ ابواب: کثرت باران کے نقصان سے محفوظ رہنے کی دعا۔ صحیح مسلم / بارش طلب کرنے کی نماز / باب: نماز استسقاء کے موقع پر دعا مانگنا۔ حدیث نمبر: 897)

[217] سنن ابی داود: 1176، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو حسن کہا ہے۔

حدیث

((عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اسْتَسْقَى، قَالَ:" اللَّهُمَّ اسْقِ عِبَادَكَ وَبَهَائِمَكَ، وَانْشُرْ رَحْمَتَكَ، وَأَحْيِ بَلَدَكَ الْمَيِّتَ". هَذَا لَفْظُ حَدِيثِ مَالِكٍ))

سیدنا عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب بارش کے لیے دعا مانگتے تو فرماتے: «اللهم اسق عبادك وبهائمك ، وانشر رحمتك ، وأحي بلدك الميت » "اے اللہ! تو اپنے بندوں اور چوپایوں کو سیر اب کر، اور اپنی رحمت عام کر دے، اور اپنے مردہ شہر کو زندگی عطا فرما" (یہ مالک کی روایت کے الفاظ ہیں)۔

Narrated Amr bin Suhaib: On his father's authority, quoted his grandfather as saying: When the Messenger of Allahﷺprayed for rain, he said: O Allah! Provide water for Your servants and Your cattle, display Your

”اے اللہ! تو اپنے بندوں اور چوپایوں کو سیراب کر، اور اپنی رحمت عام کر دے، اور اپنے مردہ شہر کو زندگی عطا فرما“

O Allah! Provide water for Your servants and Your cattle, display Your mercy and give life to Your dead land.



(64) بارش دیکھ کر کیا کہا جائے

Bearish dekh kar kiya kaha jae

Supplication said when it rains

الدعاء عند نزول المطر

((اللّٰھُمَّ صَیِّبًا نَافِعًا))[218]

---

mercy and give life to Your dead land. This is the wording of Malik.

التخریج (سنن ابی داود / کتاب: نماز استسقاء کے احکام و مسائل / باب: نماز استسقا میں دونوں ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنے کا بیان۔ حدیث نمبر: 1176، حدیث متعلقہ ابواب: استسقا کی دعا۔ امام ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ نے ہی اس حدیث کو روایت کیا ہے، (تحفۃ الأشراف: 8816)، موطا امام مالک / الاستسقاء عن عمرو بن شعیب مرسلاً 2(3)، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو حسن قرار دیا)

[218] صحیح بخاری: 1032۔

حَدِیْث

((وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: كَصَيِّبٍ الْمَطَرُ، وَقَالَ غَيْرُهُ: صَابَ وَأَصَابَ يَصُوبُ))

اور ابن عباس رضی اللہ عنہما نے (سورۃ البقرہ میں) "کصیب" (کے لفظ "صیب") سے مینہ کے معنی لیے ہیں اور دوسروں نے کہا کہ "صیب صاب یصوب" سے مشتق ہے اسی سے ہے "اصاب"۔

حَدِیْث

((عَنْ عَائِشَةَ،" أَنّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا رَأَى الْمَطَرَ، قَالَ: اللَّهُمَّ صَيِّبًا نَافِعًا"))

ام المؤمنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب بارش ہوتی دیکھتے تو یہ دعا کرتے " صیبا نافعا " اے اللہ! نفع بخشنے والی بارش برسا۔

Narrated Aisha: Whenever Allah's Apostle saw the rain, he used to say, "O Allah! Let it be a strong fruitful

"اے اللہ! (اس) بارش کو فائدہ مند بنادے۔"

"O Allah! Let it be a strong fruitful rain"

(65) بارش کے بعد کی دعاء

Bearish ke baad ki dua

After rainfall

الذكر بعد نزول المطر

((**مُطِرْنَا بِفَضْلِ اللّٰهِ وَرَحْمَتِهِ**))[219]

---

rain".

(صحیح بخاری / کتاب: استسقاء یعنی پانی مانگنے کا بیان / باب: مینہ برستے وقت کیا کہے۔ حدیث نمبر: 1032، حدیث متعلقہ ابواب: بارش ہوتے ہوئے یہ دعا مانگنی چاہئے۔ جب پانی برسے تو کہے: صیبانافعا۔ البخاري مع الفتح 2/518)

[219] صحیح بخاری: 846۔ صحیح مسلم: 71۔

حدیث

((عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، أَنَّهُ قَالَ: صَلَّى لَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الصُّبْحِ بِالْحُدَيْبِيَةِ عَلَى إِثْرِ سَمَاءٍ كَانَتْ مِنَ اللَّيْلَةِ، فَلَمَّا انْصَرَفَ أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ فَقَالَ:"هَلْ تَدْرُونَ مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ؟ قَالُوا: اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: أَصْبَحَ مِنْ عِبَادِي مُؤْمِنٌ بِي وَكَافِرٌ، فَأَمَّا مَنْ قَالَ مُطِرْنَا بِفَضْلِ اللَّهِ وَرَحْمَتِهِ فَذَلِكَ مُؤْمِنٌ بِي وَكَافِرٌ بِالْكَوْكَبِ، وَأَمَّا مَنْ قَالَ بِنَوْءِ كَذَا وَكَذَا فَذَلِكَ كَافِرٌ بِي وَمُؤْمِنٌ بِالْكَوْكَبِ))

سیدنا زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا، کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں حدیبیہ میں صبح کی نماز پڑھائی اور رات کو بارش ہو چکی تھی نماز سے فارغ ہونے کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کی طرف منہ کیا اور فرمایا معلوم ہے تمہارے رب نے کیا فرمایا ہے۔ لوگوں نے کہا کہ اللہ اور اس کے رسول خوب جانتے ہیں (آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ) تمہارے رب کا ارشاد ہے کہ صبح ہوئی تو میرے کچھ بندے مجھ پر ایمان لائے۔ اور کچھ میرے منکر ہوئے جس نے کہا کہ اللہ کے فضل اور اس کی رحمت سے ہمارے لیے بارش ہوئی تو وہ میرا مومن ہے اور ستاروں کا منکر اور جس نے کہا کہ فلاں تارے کے فلانی جگہ پر آنے سے بارش ہوئی وہ میرا منکر ہے اور ستاروں کا مومن۔

Narrated Zaid bin Khalid Al-Juhani: The Prophet led us in the Fajr prayer at Hudaibiya after a rainy night.

"اللہ کے فضل اور اس کی رحمت سے ہمارے لیے بارش ہوئی۔"

the rain was due to the Blessings and the Mercy of Allah



(66) بارش ضرورت سے زائد ہو جائے تو کیا دعاء پڑھی جائے

Bearish zaroorath se zaed hojae to kiya dua padhi jae

Asking for clear skies

من أدعية الاستصحاء

((اللَّهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا اللَّهُمَّ عَلَى الْآكَامِ وَالظِّرَابِ وَبُطُونِ الْأَوْدِيَةِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ))[220]

On completion of the prayer, he faced the people and said, "Do you know what your Lord has said (revealed)?" The people replied, "Allah and His Apostle know better." He said, "Allah has said, 'In this morning some of my slaves remained as true believers and some became non-believers; whoever said that the rain was due to the Blessings and the Mercy of Allah had belief in Me and he disbelieves in the stars, and whoever said that it rained because of a particular star had no belief in Me but believes in that star'.

التخریج (صحیح بخاری / کتاب: اذان کے مسائل کے بیان میں ("صفة الصلوة") / باب: امام جب سلام پھیر چکے تو لوگوں کی طرف منہ کرے۔ حدیث نمبر: 846، حدیث متعلقہ ابواب: ستاروں پر ایمان: اللہ کا انکار ہے۔ صحیح مسلم / ایمان کے احکام و مسائل / باب: اس شخص کے کفر کا بیان جو کہے کہ بارش ستاروں کی گردش ہوتی ہے۔ حدیث نمبر: 71)

220 صحیح بخاری: 1014۔ صحیح مسلم: 897۔

حدیث

((عَنْ شَرِيكٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَجُلًا دَخَلَ الْمَسْجِدَ يَوْمَ جُمُعَةٍ مِنْ بَابٍ كَانَ نَحْوَ دَارِ الْقَضَاءِ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمٌ يَخْطُبُ، فَاسْتَقْبَلَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمًا، ثُمَّ قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ هَلَكَتِ الْأَمْوَالُ وَانْقَطَعَتِ السُّبُلُ فَادْعُ اللَّهَ يُغِيثُنَا، فَرَفَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَيْهِ ثُمَّ قَالَ: اللَّهُمَّ أَغِثْنَا، اللَّهُمَّ أَغِثْنَا، اللَّهُمَّ أَغِثْنَا، قَالَ أَنَسٌ: وَلَا وَاللَّهِ مَا نَرَى فِي السَّمَاءِ مِنْ سَحَابٍ وَلَا قَزَعَةً، وَمَا بَيْنَنَا وَبَيْنَ سَلْعٍ مِنْ بَيْتٍ وَلَا دَارٍ، قَالَ: فَطَلَعَتْ مِنْ وَرَائِهِ سَحَابَةٌ مِثْلُ التُّرْسِ فَلَمَّا تَوَسَّطَتِ السَّمَاءَ انْتَشَرَتْ ثُمَّ أَمْطَرَتْ، فَلَا وَاللَّهِ مَا رَأَيْنَا الشَّمْسَ سِتًّا، ثُمَّ دَخَلَ رَجُلٌ مِنْ ذَلِكَ الْبَابِ فِي الْجُمُعَةِ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمٌ يَخْطُبُ فَاسْتَقْبَلَهُ قَائِمًا فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ هَلَكَتِ

الْأَمْوَالُ وَانْقَطَعَتِ السُّبُلُ فَادْعُ اللَّهَ يُمْسِكْهَا عَنَّا، قَالَ: فَرَفَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَيْهِ ثُمَّ قَالَ:" اللَّهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا اللَّهُمَّ عَلَى الْآكَامِ وَالظِّرَابِ وَبُطُونِ الْأَوْدِيَةِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ"، قَالَ: فَأَقْلَعَتْ وَخَرَجْنَا نَمْشِي فِي الشَّمْسِ، قَالَ شَرِيكٌ: سَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ أَهُوَ الرَّجُلُ الْأَوَّلُ؟ فَقَالَ: مَا أَدْرِي))

شریک نے بیان کیا کہ انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ایک شخص جمعہ کے دن مسجد میں داخل ہوا۔ اب جہاں دار القضاء ہے اسی طرف کے دروازے سے وہ آیا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے خطبہ دے رہے تھے، اس نے بھی کھڑے کھڑے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مخاطب کیا کہا کہ یا رسول اللہ! جانور مر گئے اور راستے بند ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ ہم پر پانی برسائے۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں ہاتھ اٹھا کر دعا فرمائی « اللهم أغثنا ، اللهم أغثنا ، اللهم أغثنا » اے اللہ! ہم پر پانی برسا۔ اے اللہ! ہمیں سیراب کر۔ انس رضی اللہ عنہ نے کہا اللہ کی قسم! آسمان پر بادل کا کہیں نشان بھی نہ تھا اور ہمارے اور سلع پہاڑ کے بیچ میں مکانات بھی نہیں تھے، اتنے میں پہاڑ کے پیچھے سے بادل نمودار ہوا ڈھال کی طرح اور آسمان کے بیچ میں پہنچ کر چاروں طرف پھیل گیا اور برسنے لگا۔ اللہ کی قسم! ہم نے ایک ہفتہ تک سورج نہیں دیکھا۔ پھر دوسرے جمعہ کو ایک شخص اسی دروازے سے داخل ہوا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے خطبہ دے رہے تھے، اس لیے اس نے کھڑے کھڑے کہا کہ یا رسول اللہ! (کثرت بارش سے) جانور تباہ ہو گئے اور راستے بند ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ بارش بند ہو جائے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں ہاتھ اٹھا کر دعا کی « اللهم حوالينا ولا علينا ، اللهم على الآكام والظراب وبطون الأودية ومنابت الشجر » اے اللہ! ہمارے اطراف میں بارش برسا (جہاں ضرورت ہے) ہم پر نہ برسا۔ اے اللہ! ٹیلوں پہاڑیوں وادیوں اور باغوں کو سیراب کر۔ چنانچہ بارش کا سلسلہ بند ہو گیا اور ہم باہر آئے تو دھوپ نکل چکی تھی۔ شریک نے بیان کیا کہ میں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا کہ کیا یہ پہلا ہی شخص تھا؟ انہوں نے جواب دیا مجھے معلوم نہیں۔

Narrated Sharik: Anas bin Malik said, "A person entered the Mosque on a Friday through the gate facing the Daril- Qada' and Allah's Messenger(ﷺ)was standing delivering the Khutba (sermon). The man stood in front of Allah's Messenger(ﷺ)and said, 'O Allah's Messenger,(ﷺ)livestock are dying and the roads are cut off; please pray to Allah for rain.' So Allah's Messenger(ﷺ)raised both his hands and said, 'O Allah! Bless us with rain. O Allah! Bless us with rain. O Allah! Bless us with rain!" Anas added, "By Allah, there were no clouds in the sky and there was no house or building between us and the mountain of Sila'. Then a big cloud like a shield appeared from behind it (i.e. Silas Mountain) and when it came in the middle of the sky, it spread and then rained. By Allah! We could not see the sun for a week. The next Friday, a person entered through the same gate and Allah's Messenger(ﷺ)was delivering the Friday Khutba and the man stood in front of him and said, 'O Allah's Messenger!(ﷺ)The livestock are dying and the roads are cut off; Please pray to Allah to withhold rain.' " Anas added, "Allah's Messenger(ﷺ)raised both his hands and said, 'O Allah! Round about us and not on us. O Allah!' On the plateaus, on the mountains, on the hills, in the valleys and on the places where trees grow.' " Anas added, "The rain stopped and we came out, walking in the sun." Sharik asked Anas whether it was the same person who had asked for rain the previous Friday. Anas replied that he did not know.

التخریج (صحیح بخاری / کتاب: استسقاء یعنی پانی مانگنے کا بیان / باب: جمعہ کا خطبہ پڑھتے وقت جب منہ قبلہ کی طرف نہ ہو پانی کے لیے دعا کرنا۔ حدیث نمبر:

"اے اللہ ! ہمارے اطراف میں بارش برسا (جہاں ضرورت ہے) ہم پر نہ برسا۔ اے اللہ ! ٹیلوں پہاڑیوں وادیوں اور باغوں کو سیر اب کر۔"

'O Allah! Round about us and not on us. O Allah!' On the plateaus, on the mountains, on the hills, in the valleys and on the places where trees grow'.

(67) نئے سال کا چاند دیکھنے پر پڑھی جانے والی ثابت شدہ مستند دعائیں

خیال رہے کہ ہر ماہ کا چاند دیکھنے پر دعاء پڑھنا ثابت ہے تاہم نئے سال کے آغاز میں بالخصوص دعاء پڑھنا ثابت نہیں ہے، چونکہ اس موقع پر مسلمانان عالم خصوصی طور پر چاند دیکھنے کا اہتمام کرتے ہیں، اس لئے اسی مناسبت سے یہاں یہ مضمون تیار کیا گیا ہے۔

پہلی دعاء:

((اللَّهُمَّ أَهْلِلْهُ عَلَيْنَا بِالْيُمْنِ وَالْإِيمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالْإِسْلَامِ رَبِّي وَرَبُّكَ اللَّهُ))[221]

1014، حدیث متعلقہ ابواب: کثرت باران کے نقصان سے محفوظ رہنے کی دعا۔ صحیح مسلم / بارش طلب کرنے کی نماز / باب: نماز استسقاء کے موقع پر دعا مانگنا۔ حدیث نمبر: 897)

[221] سنن ترمذی: 3451، شیخ البانی رحمۃ اللہ نے اس کو صحیح کہا ہے۔

حدیث

((عَن طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " كَانَ إِذَا رَأَى الْهِلَالَ قَالَ: اللَّهُمَّ أَهْلِلْهُ عَلَيْنَا بِالْيُمْنِ وَالْإِيمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالْإِسْلَامِ رَبِّي وَرَبُّكَ اللَّهُ))

سیدنا طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب چاند دیکھتے تھے تو کہتے تھے: " اللَّهُمَّ أَهْلِلْهُ عَلَيْنَا بِالْيُمْنِ وَالْإِيمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالْإِسْلَامِ رَبِّي وَرَبُّكَ اللَّهُ" "اے اللہ! مبارک کر ہمیں یہ چاند، برکت اور ایمان اور سلامتی اور اسلام کے ساتھ، (اے چاند!) میرا اور تمہارا رب اللہ ہے"۔

Talhah bin `Ubaidullah narrated: that when the Prophet(ﷺ)would see a crescent moon, he would say: "O

"اے اللہ! مبارک کر ہمیں یہ چاند، برکت اور ایمان اور سلامتی اور اسلام کے ساتھ، (اے چاند!) میرا اور تمہارا رب اللہ ہے"

Allāhumma ahlilhu `alainā bil-yumni wal-Īmān, was-salāmati wal-Islām, rabbī wa rabbuk Allāh

"O Allah, bring it over us with blessing and faith, and security and Islam. My Lord and your Lord is Allah

دوسری دعاء:

((اللّٰهُمَّ أَدْخِلْهُ عَلَيْنَا بِالأَمْنِ ، وَالإِيمَانِ ، وَالسَّلامَةِ ، وَالإِسْلامِ ، وَرِضْوَانٍ مِنَ الرَّحْمَنِ، وَجَوَازٍ مِنَ الشَّيْطَانِ))[222]

Allah, bring it over us with blessing and faith, and security and Islam. My Lord and your Lord is Allah (Allāhumma ahlilhu `alainā bil-yumni wal-Īmān, was-salāmati wal-Islām, rabbī wa rabbuk Allāh)".

التخريج (سنن ترمذی / کتاب: مسنون ادعیہ و اذکار / باب: نیا چاند (ہلال) دیکھے تو کیا پڑھے ؟ حدیث نمبر: 3451، تحفۃ الأشراف: 5015، شیخ البانی رحمۃ اللہ علیہ نے سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ (1816) اور صحیح الترمذی، صفحہ یا نمبر: 3451، الکلم الطیب (161/114) میں اس حدیث کو صحیح قرار دیا)

[222] "الإصابة في تمييز الصحابة": 2/378، موقوف۔

حدیث

